۷۸۶

وظائفِ الابرار کامل

مُترجم

مصدقہ

حضرات علمائے کرام

ملنے کا پتہ

منیجر کتب خانہ اثنا عشری رجسٹرڈ لاہور مغل حویلی

اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِیْ نَعِیْمٍ

وظائف الابرار کامل مترجم

(مصدقہ حضرات علمائے کرام)

سورے

دعائیں

جسکو

پنجاب کتب خانہ اثنا عشری (رجسٹرڈ) لاہور مغل حویلی

نے

چھپوا کر شائع کیا

ہدیہ بلا جلد دو روپیہ پچاس نئے پیسے
ہدیہ بلا جلد قسم اول ۲/۲۵

مجلد ولائتی تین روپیہ پچاس نئے پیسے
قسم اول مجلد ولائتی /۲۵

نقل توثیقات حضرات علمائے کرام

بسم اللہ و لہ الحمد

عمل اس رسالہ وظائف الابرار پر انشاء اللہ بے عیب ہے

حررہ خادم الشریعۃ الطاہر المطہر سید سبط حسین عفی عنہ

(مہر: عبدہ سبط حسین النقوی)

باسمہ سبحانہ و لہ الحمد عمل نمودن موافق این رسالہ وظائف الابرار و خواندن ادعیہ مذکورہ سورہائے مذبورہ البتہ موجب اجر جزیل و ثواب جمیل می باشد جزی اللہ مولفہ خیر الجزاء و نفعا لجمیع المومنین بہا خیر الدنیا و الآخرۃ

حررہٗ

السید آقا حسن عفی عنہ

(مہر: الیس اللہ بکاف عبدہ السید آقا حسن)

باسمہ سبحانہ سورہائے قرآن مجید اور ادعیہ ماثورہ مثل دعائے کمیل اور دعائے مشلول جوشن کبیر و صغیر و زیارت عاشورہ و اربعین و دیگر ادعیہ ماثورہ کا پڑھنا باعث اجر و ثواب ہے

واللہ الموفق

محمد باقر الرضوی عفی عنہ جرائمہ

(مہر: لا الہ الا القوی عبدہ محمد باقر بن محمد بن علی الرضوی)

باسمہ سبحانہ اس رسالہ وظائف الابرار کے سورہائے قرآنی و ادعیہ وغیرہ کا پڑھنا انشاء اللہ تعالیٰ اجر و ثواب ہے .... کتبہ بیمنا ہ الداعرہ الوازرہ

عبد السید محمد حسین

ادنیٰ کتابہا فی الآخرۃ

(مہر: لا الہ الا ہو العلی القوی عبدہ محمد حسین ابن ابن علی ۱۳۱۱ ہجری)

باسمہ سبحانہ فضل و شرف سورہائے قرآن کے پڑھنے کا محتاج بیان نہیں ہے اور اسی طرح جو دعائیں کہ حضرات معصومین علیہم السلام سے منقول و ماثور ہیں اور اس کتاب میں درج ہیں ان کا پڑھنا مستحب اور مستعان اور باعث اجر و ثواب ہے۔ فقط

نجم الحسن عفی عنہ

(مہر: سنہ ۱۳۰۸ لا الہ الا اللہ ولی المنن عبدہ السید نجم الحسن)

کیا فرماتے ہیں حضور مولانا سید ناصر حسین صاحب قبلہ و کعبہ مجتہد العصر و الزمان دامت برکاتہم دریں باب کہ سورۂ یٰسین، سورۂ واقعہ، سورۂ رحمن، سورۂ مزمل، سورۂ فتح، سورۂ نباء، دعائے جوشن کبیر و صغیر و مشلول و صباح و دعائے کمیل، دعائے توسل، اعمال عاشورہ و اعمال اربعین، و اعمال شب قدر کا پڑھنا سرکار شریعتمدار کے نزدیک جائز و ثواب ہے، بینوا توجروا

الجواب باللہ التوفیق

ان سوروں اور دعاؤں کا پڑھنا بہت ثواب ہے، واللہ الموفق

ناصر حسین عفی عنہ بقلمہ

(مہر: لا الہ الا اللہ الملک الحق المبین عبدہ ناصر حسین بن العلما السید حامد حسین الموسوی النیشاپوری)

اسناد سورہ یٰس

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ ہر چیز کا ایک دل ہوتا ہے اور قرآن مجید کا دل سورہ یٰس ہے جو شخص دن میں اس سورے کی تلاوت کرے اُس روز خدا کی امان میں رہے گا اگر شب کو سونے سے پیشتر تلاوت کرے خداوند عالم ایک ہزار فرشتے اُس پر مقرر کریگا کہ اُس کے واسطے مرنے کے وقت تک استغفار کریں اور بعد میں اُس کے جانے کے ہمراہ استغفار کرتے ہوئے جائیں، قبر میں ہمراہ رہیں، قیامت تک عبادت الٰہی میں مشغول رہیں، اور ثواب اُس کا اُس بندے کو بخشیں، اُس کی قبر کو کشادہ کریں جہاں تک کہ نگاہ پہونچتی ہے ہمیشہ اُس کی قبر سے نور طالع ہو جو آسمان تک پہونچے، جس وقت وہ اپنی قبر سے اُٹھے تو فرشتے اُس کے ہمراہ ہوں جو ہنس ہنس کر اُس سے باتیں کریں ہر نعمت کی اُسے خوشخبری دیں حتیٰ کہ صراط و میزان سے گزار کر ملائکہ مقربین اور انبیاء مرسلین کے مقام تک پہنچا دیں جنکی رفاقت میسر آئے بعد اس کے خطاب رب العزت کا اُس کو یہ پہونچے کہ اے میرے بندے اگر تو چاہے شفاعت کر کہ شفاعت تیری لوگوں کے حق میں مقبول ہے اور جو کچھ تو مجھ سے چاہے طلب کر کہ تمام مقصود تیرے تجھ کو عنایت کرونگا، پس جس کی وہ بندہ شفاعت کریگا اور وہ جو کچھ طلب کرے گا خدائے تعالیٰ اُس کو عنایت فرمائیگا، ہرگز اُس کا حساب نہ کرے گا اور کسی گناہ کا اُس سے مواخذہ نہ ہوگا، قیامت کے دن لوگ اُسکا مرتبہ دیکھ کر کہینگے سبحان اللہ اس بندے سے کوئی چھوٹا گناہ بھی نہیں ہوا ہے کہ اُسکا مواخذہ ہو، اور جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت ہے

کہ جو شخص قربۃً الی اللہ اس سورے کو پڑھے اُس کے تمام گناہ بخشے جائیں گے ثواب بارہ قرآن مجید کے ختم کرنے کا اُس کو حاصل ہوگا، اور دوسری روایت میں وارد ہے کہ ۲۲ قرآن کے ختم کا ثواب اُس کو ملے گا، اگر بیمار کے سرہانے اس سورے کو پڑھیں تو بشمار ہر حرف کے دس فرشتے اُس کے پاس حاضر ہوں اور اُس کے لئے بخشش چاہیں حتیٰ کہ اگر روح بھی اُس کی قبض ہو تو اُس کے جنازے کے ہمراہ جائیں اور اُس پر نماز پڑھیں اور درود بھیجیں یہانتک کہ اُس کو دفن کیا جائے پھر عذاب سے اسکی حفاظت کریں اور جو بیمار مرتے وقت اِس سورے کو پڑھے یا اور کوئی شخص اُس کے پاس پڑھے رضوان داروغۂ بہشت شراب حوضِ کوثر لے کر آئے وہ اُسے نوش کرائے اور اُسے بہشت کی خوشخبری دے اور شراب خوش گوار بہشت سے سیراب ہو کر مرے اور سیراب ہو کر قبر سے اُٹھے بلکہ سیراب ہی بہشت میں جائے، اور آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اس سورے کو معمّہ بھی کہتے ہیں اسواسطے کہ اسے پڑھنے والے اور سننے والے کو دُنیا و آخرت کی بہتری علی العموم حاصل ہوتی ہے اور اس کو دافعہ بھی کہتے ہیں کیونکہ یہ اپنے پڑھنے والے سے بلائیں دُنیا و آخرت کی دفع کرتی ہے اور اِس کو قاضیہ بھی کہتے ہیں کیونکہ پڑھنے والے کی حاجتیں دُنیا و آخرت کی برلاتی ہے جو شخص اِس کو ایک بار پڑھے اُسے بیس ۲۰ حج کا ثواب ہوتا ہے اور جو کوئی شخص اُسے سنے اُسے ثواب مثل اُس شخص کے ہوتا ہے جسنے ہزار دینار سونے کے راہ خدا میں دیے ہوں اور جو شخص اُسے لکھے اور دھو کر پیئے تو ہزار شفائیں اور ہزار نور اور ہزار برکت اور ہزار رحمت اُس کے بطن میں داخل ہوں اور تمام جسمانی بیماریاں دفع ہوں اور نیز آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس کو مقبرے میں تخفیف عذاب کی نیت سے پڑھے وہاں کے مُردوں کا عذاب دُور ہو جائے اور بحساب اُن لوگوں کے جو اِس مقبرے میں دفن ہوں اُسے حسنات حاصل ہوں ؂

سُورَةُ يٰسٓ

نزلت بمکۃ الا قولہ واذا قیل لھم انفقوا الایۃ فانھا نزلت بالمدینۃ وھی ثلث وثمانون آیۃ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

مترجمہ مولانا فرمان علی صاحب مرحوم

يٰسٓ ۞ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۞ اِنَّكَ لَمِنَ

یسین! (اس) پر از حکمت قرآن کی قسم (اے رسول) تم بلاشک یقینی پیغمبروں میں

الْمُرْسَلِيْنَ ۞ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ○

سے ہو (اور دین کے بالکل) سیدھے راستے پر (ثابت قدم) ہو (جو

تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ۞ لِتُنْذِرَ قَوْمًا

بڑے مہربان (اور) غالب (خدا) کا نازل کیا ہوا (ہے) تاکہ تم اُن لوگوں کو (عذاب خدا سے) ڈراؤ جن کے

مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ○ لَقَدْ حَقَّ

باپ دادا (تم سے پہلے کسی پیغمبر سے) ڈرائے نہیں گئے تو وہ (دین سے بالکل) بیخبر ہیں ان میں اکثر پر تو

الْقَوْلُ عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ○

(عذاب کی) باتیں یقیناً بالکل ٹھیک پوری اتریں یہ لوگ تو ایمان لائیں گے نہیں، ہم

اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى

نے اُن کی گردنوں میں (بھاری بھاری لوہے کے) طوق ڈال دیئے ہیں اور ٹھڈیوں تک پہنچے ہوئے ہیں

الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ○ وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ

کہ وہ گردنیں اُٹھائے ہوئے ہیں (سر جھکا نہیں سکتے) ہم نے ایک دیوار ان کے آگے بنا دی

اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ

ہے اور ایک دیوار ان کے پیچھے، پھر اوپر سے اُن کو ڈھانک دیا ہے تو

فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ○ وَسَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ

وہ کچھ دیکھ ہی نہیں سکتے، اور (اے رسول) اُن کے لئے برابر ہے

أَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ۝ إِنَّمَا تُنْذِرُ

خواہ تم انھیں ڈراؤ یا نہ ڈراؤ یہ (کبھی) ایمان لانے والے نہیں ہیں تم تو بس اسی شخص کو ڈرا سکتے ہو

مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ ۚ

جو نصیحت مانے اور بے دیکھے بھالے خدا کا خوف رکھے تم تو اس کو

فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّأَجْرٍ كَرِيمٍ ۝ إِنَّا نَحْنُ

(گناہوں کی) معافی اور ایک باعزت (و بڑے) اجر کی خوشخبری دیدو۔ ہم ہی یقیناً مردوں کو

نُحْيِ الْمَوْتٰى وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوا وَآثَارَهُمْ ۚ

زندہ کرتے ہیں اور جو کچھ لوگ پہلے کر چکے ہیں (ان کو) اور انکی (اچھی بری باقیماندہ) نشانیوں کو لکھتے

وَكُلَّ شَيْءٍ أَحْصَيْنٰهُ فِي إِمَامٍ مُّبِينٍ ۝ وَاضْرِبْ

جاتے ہیں اور ہم نے ہر چیز کو ایک صریح (و روشن) پیشوا میں گھیر دیا ہے اور (اے رسول) تم (ان سے) مثال

لَهُمْ مَّثَلًا أَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ ۘ إِذْ جَاءَهَا الْمُرْسَلُونَ ۝

کے طور پر ایک گاؤں (انطاکیہ) والوں کا قصہ بیان کرو کہ جب وہاں ہمارے پیغمبر آئے اس طرح

إِذْ أَرْسَلْنَا إِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوهُمَا فَعَزَّزْنَا

کہ جب ہم نے ان کے پاس دو پیغمبر (یوحنا و یونس) بھیجے تو ان لوگوں نے دونوں کو جھٹلایا تب ہم نے ایک تیسرے

بِثَالِثٍ فَقَالُوا إِنَّا إِلَيْكُمْ مُّرْسَلُونَ ۝ قَالُوا

پیغمبر (شمعون) سے ان دونوں کو مدد دی تو ان تینوں نے کہا کہ ہم تمہارے پاس (خدا کے بھیجے ہوئے (آئے) ہیں

مَا أَنْتُمْ إِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۙ وَمَا أَنْزَلَ الرَّحْمٰنُ

وہ لوگ کہنے لگے کہ تم لوگ بھی تو بس ہمارے ہی سے آدمی ہو اور خدا نے کچھ نازل (وازل) نہیں کیا تم سب کے

مِنْ شَيْءٍ ۙ إِنْ أَنْتُمْ إِلَّا تَكْذِبُونَ ۝ قَالُوا رَبُّنَا

سب بالکل جھوٹے ہو تب ان پیغمبروں نے کہا ہمارا پروردگار جانتا ہے

يَعْلَمُ إِنَّا إِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُونَ ۝ وَمَا عَلَيْنَا إِلَّا الْبَلٰغُ

کہ ہم یقیناً اسی کے بھیجے ہوئے آئے ہیں اور تم (مانو یا نہ مانو) ہم پر تو بس کھلم کھلا (احکام خدا کا)

الْمُبِينُ ۝ قَالُوا إِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ ۚ لَئِنْ

پہنچا دینا فرض ہے وہ بولے ہم تم لوگوں کو بہت نحس قدم پاتے ہیں (کہ تمہارے آتے ہی قحط میں مبتلا ہوئے)

لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَلَيَمَسَّنَّكُمْ مِّنَّا عَذَابٌ

تو اگر تم (اپنی باتوں سے) باز نہ آؤ گے تو ہم لوگ تمہیں ضرور سنگسار کر دینگے اور تم کو یقینی ہمارا دردناک عذاب پہنچے گا

اَلِيْمٌ ○ قَالُوْا طَآئِرُكُمْ مَّعَكُمْ اَئِنْ ذُكِّرْتُمْ بَلْ

پیغمبروں نے کہا تمہاری بدشگونی (تمہاری کرنی سے) تمہارے ساتھ ہے کیا جب نصیحت کیجاتی ہے (تو تم اسے بدفالی کہتے ہو

اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ○ وَجَآءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ

نہیں) بلکہ تم خود اپنی حد سے بڑھ گئے ہو۔ اور اتنے میں شہر کے اس سرے سے ایک شخص (حبیب نجار)

رَجُلٌ يَّسْعٰى قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ ○

دوڑتا ہوا آیا اور کہنے لگا اے میری قوم (ان) پیغمبروں کا کہنا مانو، ایسے لوگوں کا ضرور کہنا مانو جو تم سے

اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا يَسْئَلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ○

(تبلیغ رسالت کی) کچھ مزدوری نہیں مانگتے اور وہ لوگ ہدایت یافتہ بھی ہیں

وَمَا لِیَ لَآ اَعْبُدُ الَّذِیْ فَطَرَنِیْ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ○

اور مجھے کیا (خبط) ہوا ہے کہ جس نے مجھے پیدا کیا ہے۔ اس کی عبادت نہ کروں حالانکہ تم سب کے سب (آخر) اسی کی

ءَاَتَّخِذُ مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً اِنْ يُّرِدْنِ الرَّحْمٰنُ

طرف لوٹ کر جاؤ گے کیا میں اسے چھوڑ کر دوسروں کو معبود بنا لوں اگر خدا مجھے کوئی تکلیف پہنچانا چاہے تو نہ اُس کی

بِضُرٍّ لَّا تُغْنِ عَنِّیْ شَفَاعَتُهُمْ شَيْئًا وَّلَا يُنْقِذُوْنِ ○

سفارش ہی میرے کچھ کام آئے گی اور نہ یہ لوگ مجھے (اس مصیبت سے) چھڑا ہی سکیں گے (اگر ایسا کروں)

اِنِّیْٓ اِذًا لَّفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ○ اِنِّیْٓ اٰمَنْتُ بِرَبِّكُمْ

تو اس وقت میں یقینی گمراہی میں ہوں میں تو تمہارے پروردگار پر ایمان لا چکا تو میری بات

فَاسْمَعُوْنِ ○ قِيْلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ ؕ قَالَ يٰلَيْتَ

سنو اور مانو (مگر ان لوگوں نے اسے سنگسار کر ڈالا) تب (اسے خدا کا) حکم ہوا کہ بہشت میں جا (اس وقت بھی

قَوْمِیْ يَعْلَمُوْنَ ○ بِمَا غَفَرَ لِیْ رَبِّیْ وَجَعَلَنِیْ

اسے قوم کا خیال آیا تو کہا) میرے پروردگار نے جو مجھے بخش دیا اور مجھے بزرگ لوگوں میں شامل کر دیا کاش

مِنَ الْمُكْرَمِيْنَ ○ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰی قَوْمِهٖ

اسکو میری قوم کے لوگ جان لیتے اور ایمان لاتے اور ہم نے اس کے (مرنے کے) بعد اسکی قوم پر (انکی تباہی کے لئے)

مِنْۢ بَعْدِهٖ مِنْ جُنْدٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَمَا كُنَّا

نہ تو آسمان سے کوئی لشکر اتارا اور نہ ہم کبھی اتنی سی بات کے واسطے لشکر اتارنے والے تھے وہ تو صرف ایک

مُنْزِلِيْنَ ۝ اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا

چنگھاڑ تھی (جو کر دیگئی بس) پھر وہ تو فوراً (چراغ سحری کی طرح) بجھ کر رہ گئے

هُمْ خٰمِدُوْنَ ۝ يٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ ۚ مَا يَاْتِيْهِمْ

ہائے افسوس بندوں کے حال پر کہ کبھی ان کے پاس کوئی رسول نہیں آیا

مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝ اَلَمْ يَرَوْا

مگر ان لوگوں نے ان کے ساتھ مسخراپن ضرور کیا - کیا ان لوگوں نے اتنا بھی غور نہیں

كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ اَنَّهُمْ اِلَيْهِمْ

کیا کہ ہم نے ان سے پہلے کتنی امتوں کو ہلاک کر ڈالا اور وہ لوگ ان کے پاس ہرگز

لَا يَرْجِعُوْنَ ۝ وَاِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ع

پلٹ کر نہیں آسکتے (ہاں) البتہ سب کے سب اکٹھا ہو کر ہماری بارگاہ میں حاضر کئے جائینگے اور

وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الْاَرْضُ الْمَيْتَةُ ۚ اَحْيَيْنٰهَا وَاَخْرَجْنَا

ان کے (سمجھنے) کے لئے (میری قدرت کی) ایک نشانی مردہ (پڑی) زمین ہے کہ ہم نے اسکو (پانی سے) زندہ

مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ يَاْكُلُوْنَ ۝ وَجَعَلْنَا فِيْهَا جَنّٰتٍ

کر دیا اور ہم ہی نے (اس سے) دانہ نکالا تو اسے یہ لوگ کھایا کرتے ہیں اور ہم ہی نے زمین میں چھوہاروں اور انگوروں کے

مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ وَّفَجَّرْنَا فِيْهَا مِنَ الْعُيُوْنِ ۝ لا

باغ لگائے اور ہم ہی نے اس میں پانی کے چشمے جاری کئے، تاکہ لوگ ان کے

لِيَاْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ ۙ وَمَا عَمِلَتْهُ اَيْدِيْهِمْ ؕ اَفَلَا

پھل کھائیں اور کچھ ان کے ہاتھوں نے اسے نہیں بنایا (بلکہ خدا نے) تو کیا لوگ اس پر

يَشْكُرُوْنَ ۝ سُبْحٰنَ الَّذِيْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا

بھی شکر نہیں کرتے، وہ (ہر عیب سے) پاک وصاف ہے جس نے زمین سے اگنے والی چیزوں اور خود ان لوگوں

مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا

کے اور ان چیزوں کے جن کی انہیں خبر نہیں سب کے جوڑے

لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الَّيْلُ ۚ نَسْلَخُ مِنْهُ

پیدا کئے، اور (میری قدرت کی) ایک نشانی رات ہے جس سے ہم دن کو کھینچ کر نکال لیتے ہیں (زائل

النَّهَارَ فَاِذَا هُمْ مُّظْلِمُوْنَ ۝ وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ

کر دیتے ہیں) تو اُس وقت یہ لوگ اندھیرے میں رہ جاتے ہیں، اور (ایک نشانی) آفتاب ہے جو اپنے ٹھکانے

لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ۭ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ۝ وَ

پر چلتا رہتا ہے یہ (صدمت ہے) غالب (اور) دانا کا (ٹھہرایا ہوا) اندازہ ہے اور ہم نے چاند کے لئے

الْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِيْمِ

منزلیں مقرر کر دی ہیں، یہاں تک کہ گھٹتے گھٹتے (آخر ماہ میں) کھجور کی پرانی ٹہنی کا سا (پتلا) ہو جاتا ہے۔ نہ

لَا الشَّمْسُ يَنْۢبَغِيْ لَهَآ اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَ

تو آفتاب ہی سے یہ ہو سکتا ہے کہ وہ ماہتاب کو جا لے اور نہ رات ہی دن سے آگے

لَا الَّيْلُ سَابِقُ النَّهَارِ ۭ وَكُلٌّ فِيْ فَلَكٍ

بڑھ سکتی ہے (چاند، سورج، ستارے)، ہر ایک اپنے اپنے آسمان (مدار) میں چکر لگا رہے ہیں

يَّسْبَحُوْنَ ۝ وَاٰيَةٌ لَّهُمْ اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ

اور اُن کے لئے (میری قدرت کی) ایک نشانی یہ ہے کہ ان کے بزرگوں کو (نوح کی) بھری ہوئی

فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ۝ وَخَلَقْنَا لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهٖ

کشتی میں سوار کیا اور اس کشتی کے مثل ان لوگوں کے واسطے بھی وہ چیزیں (کشتیاں و جہاز)

مَا يَرْكَبُوْنَ ۝ وَاِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِيْخَ

پیدا کر دیں جن پر یہ لوگ خود سوار ہوا کرتے ہیں اور اگر ہم چاہیں تو ان سب لوگوں کو ڈبو دیں پھر نہ کوئی

لَهُمْ وَلَا هُمْ يُنْقَذُوْنَ ۝ اِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا وَمَتَاعًا

ان کا فریاد رس ہو گا اور نہ وہ لوگ چھٹکارا ہی پا سکتے ہیں، مگر ہماری مہربانی ہے اور ان کو ایک (خاص)

اِلٰى حِيْنٍ ۝ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّقُوْا مَا بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ

وقت تک ان کو چین کرنے دینا منظور ہے اور جب ان کفار سے کہا جاتا ہے کہ اس (عذاب) سے بچو جو (ہر وقت تمہارے

وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝ وَمَا تَاْتِيْهِمْ

ساتھ ساتھ) تمہارے سامنے اور تمہارے پیچھے (موجود) ہے تاکہ تم پر رحم کیا جائے تو پرواہ نہیں کرتے اور اُن کی حالت

مِنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا

یہ ہے کہ جب ان کے پروردگار کی نشانیوں میں کوئی نشانی انکے پاس آئی تو یہ لوگ منہ موڑے بغیر

مُعْرِضِيْنَ ○ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ

کبھی نہ رہے) اور جب ان کفار سے کہا جاتا ہے کہ (مال دنیا سے) جو خدا نے تمہیں دیا ہے اس میں

اللّٰهُ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنُطْعِمُ مَنْ

سے کچھ خدا کی راہ میں بھی خرچ کرو تو یہ کفار ایمانداروں سے کہتے ہیں کہ بھلا ہم اس شخص کو کھلائیں

لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ اَطْعَمَهٗٓ ۖ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ

جسے (تمہارے خیال کے موافق) خدا چاہتا تو اس کو خود کھلاتا تم لوگ بس صریحی گمراہی میں (پڑے ہوئے)

مُّبِيْنٍ ○ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ

ہو، اور کہتے ہیں کہ (بھلا) اگر تم لوگ (اپنے دعوے میں) سچے ہو تو آخر یہ (قیامت کا) وعدہ کب پورا

صٰدِقِيْنَ ○ مَا يَنْظُرُوْنَ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً

ہوگا (اے رسول) یہ لوگ ایک سخت چنگھاڑ (صور) کے منتظر ہیں جو انھیں (اسوقت) لے ڈالے گی

تَاْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُوْنَ ○ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ

جب یہ لوگ باہم جھگڑ رہے ہوں گے پھر نہ تو یہ لوگ وصیت ہی کرنے پائیں گے اور

تَوْصِيَةً وَّلَآ اِلٰٓى اَهْلِهِمْ يَرْجِعُوْنَ ○ وَنُفِخَ فِي ع ١٨ / ٢

نہ اپنے لڑکے بالوں کی طرف لوٹ کر جا سکیں گے، اور پھر جب دوبارہ صور پھونکا جائے گا

الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ ○

تو اسی دم یہ سب لوگ (اپنی اپنی) قبروں سے (نکل نکل کے) اپنے پروردگار کی بارگاہ کی طرف چل کھڑے ہونگے

وقف منزل
وقف غفران
وقف لازم

قَالُوْا يٰوَيْلَنَا مَنْۢ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا ۜ سکتہ هٰذَا مَا

اور حیران ہو کر کہیں گے ہائے افسوس (ہم تو پہلے ہی سو رہے تھے) ہمیں ہماری خوابگاہ سے کس نے اٹھایا، جواب آئیگا

وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ ○ اِنْ كَانَتْ

کہ یہ وہی قیامت کا دن ہے جس کا خدا نے بھی وعدہ کیا تھا اور پیغمبروں نے بھی سچ کہا تھا (قیامت تو) بس ایک

اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ○

سخت چنگھاڑ ہوگی پھر ایکا ایکی یہ لوگ سب کے سب ہمارے حضور میں حاضر کئے جائیں گے پھر آج

فَالْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْـًٔا وَّلَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا

(قیامت کے دن) کسی شخص پر کچھ بھی ظلم نہ ہوگا اور تم لوگوں کو تو اسی کا بدلہ دیا جائے گا جو تم لوگ

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ اِنَّ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِيْ

(دنیا میں) کیا کرتے تھے بہشت کے رہنے والے آج (روز قیامت) ایک نہ ایک مشغلے

شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ ۝ هُمْ وَاَزْوَاجُهُمْ فِيْ ظِلٰلٍ عَلَى

میں جی بہلا رہے ہیں، وہ اپنی بیویوں کے ساتھ ٹھنڈی چھاؤں میں تکیے لگائے

الْاَرَآئِكِ مُتَّكِـُٔوْنَ ۝ لَهُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّلَهُمْ مَّا

تختوں پر (چین سے) بیٹھے ہوئے ہیں بہشت میں ان کے لئے (تازہ) میوے (تیار) ہیں اور جو وہ چاہیں

يَدَّعُوْنَ ۝ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ۝ وَامْتَازُوا

ان کے لئے حاضر ہے مہربان پروردگار کی طرف سے سلام کا پیغام آئیگا اور (ایک آواز آئے گی کہ)

الْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ ۝ اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْٓ

اے گنہگارو۔ تم لوگ ان سے الگ ہو جاؤ، اے آدم کی اولاد کیا میں نے تمہارے پاس یہ حکم نہیں بھیجا

اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝

تھا کہ (خبردار) شیطان کی پرستش نہ کرنا وہ یقینی تمہارا کھلم کھلا دشمن ہے

وقف غفران

وَّاَنِ اعْبُدُوْنِيْ ۚ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ۝ وَلَقَدْ

اور یہ کہ دیکھو صرف میری عبادت کرنا یہی نجات کی سیدھی راہ ہے اور (باوجود اسکے)

اَضَلَّ مِنْكُمْ جِبِلًّا كَثِيْرًا ۭ اَفَلَمْ تَكُوْنُوْا تَعْقِلُوْنَ ۝

اس نے تم میں سے بہتیروں کو گمراہ کر چھوڑا، تو کیا تم (اتنا بھی) نہیں سمجھتے تھے

هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ۝ اِصْلَوْهَا الْيَوْمَ

یہ وہی جہنم ہے جس کا تم سے وعدہ کیا گیا تھا (تو اب) چونکہ تم کفر کرتے تھے اس وجہ سے

بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ۝ اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ

آج اس میں (چپکے سے) چلے آؤ، آج ہم ان کے منہ پر مہر لگا دیں گے اور جو (جو) کارستانیاں

وَتُكَلِّمُنَآ اَيْدِيْهِمْ وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا

یہ لوگ (دنیا میں) کر رہے تھے خود ان کے ہاتھ ہم کو بتا دیں گے اور ان کے پاؤں گواہی

يَكْسِبُوْنَ ○ وَلَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلٰٓى اَعْيُنِهِمْ

دیں گے، اور اگر ہم چاہیں تو ان کی آنکھوں پر تباہی پھیر دیں گے۔ تو یہ لوگ راہ کو پڑے چکر

فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰى يُبْصِرُوْنَ ○ وَلَوْ نَشَآءُ

لگاتے ڈھونڈتے پھریں مگر کہاں دیکھ پائیں گے، اور اگر ہم چاہیں تو جہاں

لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا

یہ ہیں (وہیں) ان کی صورتیں بدل کر (پتھر ہی) بنا دیں پھر نہ تو ان میں آگے چلے جانے کا قابو

وَّلَا يَرْجِعُوْنَ ○ وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِى الْخَلْقِ

رہے گا اور نہ گھر لوٹ سکیں گے، اور ہم جس شخص کو بہت زیادہ عمر دیتے ہیں تو اسے خلقت

اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ ○ وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْۢبَغِيْ

میں اُلٹا کر (بچوں کی طرح مجبور) کر دیتے ہیں تو کیا وہ لوگ سمجھتے نہیں، اور ہم نے اس (پیغمبر) کو شعر

لَهٗ ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّقُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ ○ لِّيُنْذِرَ مَنْ

کی تعلیم دی ہے اور نہ شاعری اس کے شایان کے لائق ہے یہ کتاب تو بس (نری) نصیحت اور صاف

كَانَ حَيًّا وَّيَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ○ اَوَلَمْ يَرَوْا

صاف قرآن ہے تاکہ جو زندہ (دل عاقل) ہو اسے (عذاب سے) ڈرائے اور کافروں پر (عذاب کا) قول ثابت

اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ اَيْدِيْنَآ اَنْعَامًا فَهُمْ

ہو جائے (اور حجت باقی نہ رہے) کیا ان لوگوں نے اس پر بھی غور نہیں کیا کہ ہم نے ان کے فائدے کے لئے

لَهَا مٰلِكُوْنَ ○ وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ

چارپائے اس چیز سے پیدا کئے جسے ہماری ہی قدرت نے بنایا تو یہ لوگ خواہ مخواہ مالک بنتے ہیں۔ اور ہم ہی نے چارپایوں

وَمِنْهَا يَاْكُلُوْنَ ○ وَلَهُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ؕ

کو ان کا مطیع بنا دیا تو بعض تو ان کی سواریاں ہیں اور بعض کو کھاتے ہیں اور چارپایوں میں ان کے (اور) بہت سے

اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ○ وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً

فائدے ہیں اور پینے کی چیزیں (دودھ) تو کیا یہ لوگ اس پر بھی شکر نہیں کرتے۔ اور لوگوں نے خدا کو چھوڑ کر (اور) معبود

لَّعَلَّهُمْ يُنْصَرُوْنَ ○ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَهُمْ وَهُمْ

بنالئے ہیں تاکہ (شاید) انہیں ان سے مدد ملے۔ (مگر) وہ ان کی (کسی طرح) مدد کر ہی نہیں سکتے اور وہ ان کی

لَهُمْ جُنْدٌ مُّحْضَرُوْنَ ○ فَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّا

معبودوں کے لشکر ہیں (اور قیامت میں) ان سب کی حاضری لی جاوے گی تو (اے رسول) تم ان کی باتوں سے آزردہ خاطر نہ ہو ہم

نَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ○ اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ

جو کچھ یہ لوگ چھپا کر کرتے ہیں اور جو کچھ کھلم کھلا کرتے ہیں ہم سب کو یقینی جانتے ہیں کیا آدمی نے اس پر بھی غور نہیں کیا

اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ○ وَ

کہ ہم ہی نے اس کو ایک (ذلیل) نطفہ سے پیدا کیا۔ پھر وہ یکایک ہمارا ہی کھلم کھلا مقابل بنا ہے اور

ضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلْقَهٗ ۭ قَالَ مَنْ يُّحْيِ

ہماری نسبت باتیں بنانے لگا اور اپنی خلقت کی حالت بھول گیا، اور کہنے لگا کہ بھلا جب یہ

الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ ○ قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ

ہڈیاں (سڑ گل کر) خاک ہو جائیں گی تو پھر کون (دوبارہ) زندہ کر سکتا ہے (اے رسول) تم کہہ دو کہ اس کو وہی زندہ کرے گا

اَوَّلَ مَرَّةٍ ۭ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمُۨ ○ الَّذِيْ جَعَلَ

جس نے ان کو (جب یہ کچھ نہ تھے) پہلی مرتبہ زندہ کر دکھایا وہ ہر طرح کی پیدائش سے واقف ہے جس نے تمہارے واسطے

لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ

(مرخ اور عفار کے) ہرے درخت سے آگ پیدا کر دی، پھر تم اس سے (اور) آگ سلگا لیتے ہو

تُوْقِدُوْنَ ○ اَوَلَيْسَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

بھلا جس خدا نے سارے آسمان اور زمین پیدا کئے کیا وہ اس پر قابو

بِقٰدِرٍ عَلٰٓي اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ڲ بَلٰى ۤ وَهُوَ الْخَلّٰقُ

نہیں رکھتا کہ ان کے مثل (دوبارہ) پیدا کر دے ہاں (ضرور قابو رکھتا ہے) اور وہ تو

الْعَلِيْمُ ○ اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْئًا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ

پیدا کرنے والا واقف کار ہے اس کی شان تو یہ ہے کہ جب کسی چیز کو (پیدا کرنا) چاہتا ہے تو وہ کہہ دیتا

كُنْ فَيَكُوْنُ ○ فَسُبْحٰنَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ

ہے کہ ہو جا تو (فوراً) ہو جاتی ہے تو وہ خدا (ہر نقص سے) پاک و صاف ہے جس کے قبضۂ قدرت

كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ○

میں ہر چیز کی حکومت ہے اور تم لوگ اسی کی طرف لوٹ کے جاؤ گے

اسناد سورۃ الفتح

اِس سورۂ مبارکہ کے فضائل بیشمار ہیں۔ مخبر صادق امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جو شخص اپنی جان و مال عورتوں اور لونڈیوں کی حفاظت چاہتا ہے وہ اِس سورۂ مبارکہ کو پڑھے اور جو شخص ہمیشہ اِس سورہ کو پڑھے گا روز محشر ایک آواز آئے گی کہ اے بندے تو میرے خالص بندوں میں سے ہے اور فرشتوں کو حکم ہوگا کہ اِس کو میرے خاص بندوں میں شامل کر دو۔ اور بہشت کی نعمتوں اور شراب طہور سے سیراب کر دو۔

سُورَۃُ الفتح

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ۝ لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ

(اے رسول یہ حدیبیہ کی صلح نہیں بلکہ ہم نے حقیقتاً تم کو کھلم کھلا فتح عطا کی تاکہ خدا تمہاری امت کے اگلے

مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَ

اور پچھلے گناہ معاف کر دے اور تم پر اپنی نعمت پوری کر دے اور تمہیں سیدھی راہ

يَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۝ وَّيَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا

پر ثابت قدم رکھے اور خدا تمہاری زبردست مدد

عَزِيْزًا ۝ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ فِيْ قُلُوْبِ

کرے وہی (خدا) تو ہے جس نے مومنین کے دلوں میں تسلی نازل فرمائی تاکہ

الْمُؤْمِنِيْنَ لِيَزْدَادُوْٓا اِيْمَانًا مَّعَ اِيْمَانِهِمْ ؕ وَلِلّٰهِ

اپنے (پہلے) ایمان کے ساتھ اور ایمان کو بڑھائیں اور سارے آسمان و

جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ

زمین کے لشکر تو خدا ہی کے ہیں اور خدا بڑا واقف کار

عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝ لِّيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ

حکیم ہے تاکہ مومن مرد اور مومنہ عورتوں کو (بہشت)

جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا

کے باغوں میں جا پہنچاوے جن کے نیچے نہریں جاری ہیں اور وہ وہاں ہمیشہ

وَيُكَفِّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ عِنْدَ اللّٰهِ

رہیں گے اور ان کے گناہوں کو ان سے دور کر دے۔ یہ خدا کے نزدیک بڑی

فَوْزًا عَظِيْمًا ۝ وَّيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ

کامیابی ہے۔ اور منافق مرد اور منافق عورتیں اور

وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ الظَّآنِّيْنَ بِاللّٰهِ ظَنَّ السَّوْءِ ؕ

مشرک مرد اور مشرک عورتوں پر جو خدا کے حق میں برے برے خیال رکھتے

عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ ۚ وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَلَعَنَهُمْ

ہیں عذاب نازل کرے ان پر (مصیبت کی) بڑی گردش ہے اور خدا ان پر غضبناک ہے

وَاَعَدَّ لَهُمْ جَهَنَّمَ ؕ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ۝ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ

اور اس نے ان پر لعنت کی ہے اور ان کے لئے جہنم تیار کر رکھا ہے اور وہ کیا بری جگہ ہے اور آسمانوں

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۝

اور زمین کے لشکر خدا ہی کے ہیں اور خدا تو بڑا واقفکار (اور) غالب ہے

اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝

(اے رسول) ہم نے تم کو (تمام عالم کا) گواہ اور خوشخبری دینے والا اور دھمکی دینے والا (بنا کر)

لِّتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوْهُ ؕ

بھیجا تاکہ (مسلمانو) تم لوگ خدا اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اس کی مدد کرو اور اسکو بزرگ

وَتُسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ

سمجھو اور صبح و شام اس کی تسبیح کرو۔ بیشک جو لوگ بیعت کرتے ہیں وہ خدا ہی سے

يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ ؕ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ

بیعت کرتے ہیں خدا کی قوت و قدرت تو سب کی قوت پر غالب ہے۔

أَيْدِيهِمْ ۚ فَمَن نَّكَثَ فَإِنَّمَا يَنكُثُ عَلَىٰ نَفْسِهِ ۖ وَ

تو جو عہد کو توڑے گا تو اپنے نقصان کے لئے عہد توڑتا ہے اور جس نے اس بات کو جس کا اس نے

مَنْ أَوْفَىٰ بِمَا عَاهَدَ عَلَيْهُ اللَّهَ فَسَيُؤْتِيهِ أَجْرًا عَظِيمًا ۝

خدا سے عہد کیا ہے پورا کیا تو اس کو عنقریب ہی اجر عظیم عطا فرمائے گا

سَيَقُولُ لَكَ الْمُخَلَّفُونَ مِنَ الْأَعْرَابِ شَغَلَتْنَا

جو گنوار (دیہاتی حدیبیہ سے) پیچھے رہ گئے اب وہ تم سے کہیں گے کہ ہم کو ہمارے مال اور

أَمْوَالُنَا وَأَهْلُونَا فَاسْتَغْفِرْ لَنَا ۚ يَقُولُونَ بِأَلْسِنَتِهِم

لڑکے بالوں نے روک رکھا تھا۔ تو آپ ہمارے واسطے (خدا سے) مغفرت کی دعا مانگئے یہ لوگ اپنی زبان

مَّا لَيْسَ فِي قُلُوبِهِمْ ۚ قُلْ فَمَن يَمْلِكُ لَكُم مِّنَ اللَّهِ

سے ایسی باتیں کہتے ہیں جو ان کے دل میں نہیں (اے رسول) تم کہدو کہ اگر خدا تم لوگوں کو نقصان پہنچانا چاہے

شَيْئًا إِنْ أَرَادَ بِكُمْ ضَرًّا أَوْ أَرَادَ بِكُمْ نَفْعًا ۚ بَلْ كَانَ

یا تمہیں فائدہ پہنچانے کا ارادہ کرے تو خدا کے مقابلہ میں تمہارے لئے کس کا بس چل سکتا ہے۔ بلکہ جو کچھ تم کرتے ہو خدا

اللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرًا ۝ بَلْ ظَنَنتُمْ أَن لَّن

اس سے خوب واقف ہے (یہ فقط تمہارے حیلے ہیں)۔ بات یہ ہے کہ تم سمجھ بیٹھے تھے کہ رسول اور مومنین

يَنقَلِبَ الرَّسُولُ وَالْمُؤْمِنُونَ إِلَىٰ أَهْلِيهِمْ أَبَدًا وَ

ہرگز کبھی اپنے لڑکے بالوں میں پلٹ کر آنے ہی کے نہیں (اور سب مار ڈالے جائیں گے) اور یہی بات تمہارے

زُيِّنَ ذَٰلِكَ فِي قُلُوبِكُمْ وَظَنَنتُمْ ظَنَّ السَّوْءِ وَكُنتُمْ

دلوں میں کھب گئی تھی اور (اسی وجہ سے) تم طرح طرح کی بدگمانیاں کرنے لگے تھے اور آخر کار تم لوگ آپ

قَوْمًا بُورًا ۝ وَمَن لَّمْ يُؤْمِن بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ فَإِنَّا

برباد ہو گئے ۔ اور جو شخص خدا اور اس کے رسول پر ایمان لائے تو ہم نے (ایسے) کافروں کے لئے

أَعْتَدْنَا لِلْكَافِرِينَ سَعِيرًا ۝ وَلِلَّهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ

جہنم کی آگ تیار کر رکھی ہے اور سارے آسمان اور زمین کی بادشاہت

وَالْأَرْضِ ۚ يَغْفِرُ لِمَن يَشَاءُ وَيُعَذِّبُ مَن يَشَاءُ ۚ

خدا ہی کی ہے جسے چاہے بخش دے اور جسے چاہے سزا دے اور خدا تو بڑا

وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ سَيَقُوْلُ الْمُخَلَّفُوْنَ

بخشنے والا مہربان ہے (مسلمانو) اب جو تم (خیبر کی) غنیمتوں کو لینے جانے لگو گے تو جو

إِذَا انْطَلَقْتُمْ إِلٰى مَغَانِمَ لِتَأْخُذُوْهَا ذَرُوْنَا نَتَّبِعْكُمْ

لوگ (حدیبیہ سے) پیچھے رہ گئے تھے تم سے کہیں گے کہ ہمیں بھی اپنے ساتھ چلنے دو یہ چاہتے ہیں کہ خدا

يُرِيْدُوْنَ أَنْ يُّبَدِّلُوْا كَلٰمَ اللّٰهِ ۚ قُلْ لَّنْ تَتَّبِعُوْنَا

کے قول کو بدل دیں (صاف) کہدو کہ تم ہرگز ہمارے ساتھ چلنے نہیں پاؤ گے خدا نے پہلے ہی

كَذٰلِكُمْ قَالَ اللّٰهُ مِنْ قَبْلُ ۚ فَسَيَقُوْلُوْنَ بَلْ تَحْسُدُوْنَنَا

سے ایسا فرما دیا ہے تو یہ لوگ کہیں گے کہ (نہیں) تم تو ہم سے حسد کرتے ہو (خدا ایسا کیا کہے گا) بات یہ

بَلْ كَانُوْا لَا يَفْقَهُوْنَ إِلَّا قَلِيْلًا ۝ قُلْ لِّلْمُخَلَّفِيْنَ

ہے کہ یہ لوگ بہت ہی کم سمجھتے ہیں جو گنوار پیچھے رہ گئے تھے ان سے کہدو کہ عنقریب ہی تم

مِنَ الْأَعْرَابِ سَتُدْعَوْنَ إِلٰى قَوْمٍ أُولِيْ بَأْسٍ

ایک سخت جنگجو قوم (کے ساتھ لڑنے کے) لئے بلائے جاؤ گے کہ تم (یا تو) ان سے لڑتے ہی رہو گے یا وہ

شَدِيْدٍ تُقَاتِلُوْنَهُمْ أَوْ يُسْلِمُوْنَ ۚ فَإِنْ تُطِيْعُوْا يُؤْتِكُمُ

مسلمان ہی ہو جائیں گے پس اگر تم (خدا کا) حکم مانو گے تو خدا تم کو اچھا بدلہ دے گا اور اگر

اللّٰهُ أَجْرًا حَسَنًا ۚ وَإِنْ تَتَوَلَّوْا كَمَا تَوَلَّيْتُمْ مِّنْ قَبْلُ

تم نے جس طرح پہلی دفعہ سرتابی کی ایسا ہی پھر سرتابی کرو گے تو وہ تم کو دردناک

يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا أَلِيْمًا ۝ لَيْسَ عَلَى الْأَعْمٰى حَرَجٌ وَّ

عذاب کی سزا دے گا (جہاد سے پیچھے رہ جانے کا) نہ تو اندھے ہی پر کچھ گناہ ہے اور نہ

لَا عَلَى الْأَعْرَجِ حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْمَرِيْضِ حَرَجٌ ۗ وَمَنْ

لنگڑے ہی پر کچھ گناہ ہے اور نہ بیمار پر گناہ ہے اور جو شخص خدا اور اس کے رسول

يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

کا حکم مانے گا خدا اس کو (بہشت کے) ان سدا بہار باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں

الْأَنْهٰرُ ۚ وَمَنْ يَّتَوَلَّ يُعَذِّبْهُ عَذَابًا أَلِيْمًا ۝ لَقَدْ

جاری ہوں گی اور جو سرتابی کرے گا وہ اس کو دردناک عذاب کی سزا دے گا

رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ

مومنین تم سے درخت کے نیچے (لڑنے مرنے کی) بیعت کر رہے تھے تو خدا ان سے اس بات پر

الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ فَاَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ عَلَيْهِمْ

ضرور خوش ہوا غرض جو کچھ ان کے دلوں میں تھا خدا نے اسے دیکھ لیا، پھر ان پر تسلی نازل فرمائی

وَاَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيْبًا ۝ وَّمَغَانِمَ كَثِيْرَةً يَّاْخُذُوْنَهَا ؕ

اور انہیں اس کے عوض میں بہت جلد فتح عنایت کی اور اس کے علاوہ بہت سی غنیمتیں (بھی) جو انھوں نے

وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۝ وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ كَثِيْرَةً

حاصل کیں عطا فرمائیں اور خدا تو غالب اور حکمت والا ہے خدا نے تم سے بہت سی غنیمتوں کا وعدہ فرمایا تھا

تَاْخُذُوْنَهَا فَعَجَّلَ لَكُمْ هٰذِهٖ وَكَفَّ اَيْدِيَ النَّاسِ

کہ تم ان پر قابض ہو گے تو اس نے تمہیں یہ (خیبر کی غنیمت) جلدی سے دلوا دی اور (حدیبیہ سے)

عَنْكُمْ ۚ وَلِتَكُوْنَ اٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَيَهْدِيَكُمْ صِرَاطًا

لوگوں کی دست درازی کو تم سے روک دیا اور غرض یہ تھی کہ یہ مومنین کے لیے (قدرت کا) نمونہ ہے اور

مُّسْتَقِيْمًا ۝ وَّاُخْرٰى لَمْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهَا قَدْ اَحَاطَ اللّٰهُ

خدا تم کو سیدھی راہ پر چلائے، اور دوسری (غنیمتیں بھی دیں) جن پر تم قدرت نہیں رکھتے تھے (اور)

بِهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًا ۝ وَلَوْ قَاتَلَكُمُ الَّذِيْنَ

خدا ہی ان پر حاوی تھا اور خدا تو ہر چیز پر قادر ہے اور اگر کفار تم سے لڑتے

كَفَرُوْا لَوَلَّوُا الْاَدْبَارَ ثُمَّ لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ۝

تو ضرور پیٹھ پھیر کر بھاگ جاتے، پھر وہ نہ (اپنا) کسی کو سرپرست ہی پاتے اور نہ مددگار

سُنَّةَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلُ ۚ وَلَنْ تَجِدَ

یہی خدا کی عادت ہے جو پہلے ہی سے چلی آتی ہے، اور تم خدا کی عادت بدلتے

لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ۝ وَهُوَ الَّذِيْ كَفَّ اَيْدِيَهُمْ

نہ دیکھو گے، اور وہ وہی تو ہے جس نے تم کو ان کفار پر فتح

عَنْكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ عَنْهُمْ بِبَطْنِ مَكَّةَ مِنْۢ بَعْدِ اَنْ

دینے کے بعد مکہ کی سرحد میں ان کے ہاتھ تم سے اور تمہارے ہاتھ ان سے

أَظْفَرَكُمْ عَلَيْهِمْ وَكَانَ اللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرًا ۝

روک دیے اور تم لوگ جو کچھ بھی کرتے تھے، خدا اسے دیکھ رہا تھا

هُمُ الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ

یہ وہی لوگ تو ہیں جنھوں نے کفر کیا اور تم کو مسجد الحرام (میں جانے) سے روکا

وَالْهَدْيَ مَعْكُوفًا أَنْ يَبْلُغَ مَحِلَّهُ وَلَوْلَا رِجَالٌ

اور قربانی کے جانوروں کو بھی (نہ آنے دیا) کہ وہ اپنی (مقرر) جگہ (میں) پہنچنے سے رکے رہے اور اگر

مُؤْمِنُونَ وَنِسَاءٌ مُؤْمِنَاتٌ لَمْ تَعْلَمُوهُمْ أَنْ تَطَئُوهُمْ

کچھ ایسے ایماندار مرد اور ایماندار عورتیں نہ ہوتیں جن سے تم واقف نہ تھے کہ تم ان کو (لڑائی) میں کفار

فَتُصِيبَكُمْ مِنْهُمْ مَعَرَّةٌ بِغَيْرِ عِلْمٍ لِيُدْخِلَ اللَّهُ فِي

کے ساتھ) پامال کر ڈالتے پس تم کو ان کی طرف سے بےخبری میں نقصان پہنچ جاتا تو ابھی وقت تمکو فتح ہو جاتی

رَحْمَتِهِ مَنْ يَشَاءُ لَوْ تَزَيَّلُوا لَعَذَّبْنَا الَّذِينَ كَفَرُوا

مگر تاخیر) اس لئے ہوئی کہ خدا جسے چاہے اپنی رحمت میں داخل کرے اور اگر وہ ایماندار (کفار سے)

مِنْهُمْ عَذَابًا أَلِيمًا ۝ إِذْ جَعَلَ الَّذِينَ كَفَرُوا فِي

الگ ہو جاتے تو ان میں سے جو لوگ کافر تھے ہم انھیں دردناک عذاب کی ضرور سزا دیتے یہ وہ وقت تھا

قُلُوبِهِمُ الْحَمِيَّةَ حَمِيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ فَأَنْزَلَ اللَّهُ

جب کافروں نے اپنے دلوں میں ضد ٹھان لی تھی اور ضد بھی جاہلیت کی سی تو خدا نے اپنے رسول اور

سَكِينَتَهُ عَلَىٰ رَسُولِهِ وَعَلَى الْمُؤْمِنِينَ وَأَلْزَمَهُمْ

مومنین کے دلوں) پر اپنی طرف سے تسکین نازل فرمائی اور ان کو پرہیزگاری کی بات پر

كَلِمَةَ التَّقْوَىٰ وَكَانُوا أَحَقَّ بِهَا وَأَهْلَهَا وَكَانَ

قائم رکھا اور یہ لوگ اسی کے سزاوار اور اہل بھی تھے، اور خدا تو

اللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمًا ۝ لَقَدْ صَدَقَ اللَّهُ رَسُولَهُ

ع ۳

ہر چیز سے خبردار ہے بے شک خدا نے اپنے رسول کو سچا

الرُّؤْيَا بِالْحَقِّ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ

مطابق واقعہ خواب میں دکھایا تھا کہ تم لوگ انشاءاللہ مسجد الحرام میں اپنے سر

اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ مُحَلِّقِيْنَ رُءُوْسَكُمْ وَمُقَصِّرِيْنَ

منڈوا کر اور اپنے کچھ لوگ سے بال کتروا کر بہت امن و اطمینان سے داخل ہو گے (اور)

لَا تَخَافُوْنَ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ

کسی طرح کا خوف نہ کرو گے تو جو بات تم نہیں جانتے اس کو معلوم تھی تو اس نے فتح مکہ سے

فَتْحًا قَرِيْبًا ۝ هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَ

پہلے ہی بہت جلد فتح (خیبر) عطا کی وہ وہی تو ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور سچا دین

دِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ

دے کر بھیجا تاکہ اس کو تمام دینوں پر غالب رکھے اور گواہی کے لئے تو بس خدا ہی کافی ہے

شَهِيْدًا ۝ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ

محمدؐ خدا کے رسول ہیں اور جو لوگ ان کے ساتھ ہیں کافروں پر بڑے سخت

عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا

اور آپس میں بڑے رحمدل ہیں تو ان کو دیکھے گا کہ خدا کے سامنے سر جھکائے سجود رہیں

يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا ؗ سِيْمَاهُمْ فِيْ

خدا کے فضل اور اس کی خوشنودی کے خواستگار ہیں کثرت سجود کے اثر سے ان کی

وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ؕ ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي

پیشانیوں پر گھٹے پڑے ہوئے ہیں یہی اوصاف ان کے توریت میں بھی ہیں

التَّوْرٰىةِ ۖۛ وَمَثَلُهُمْ فِي الْاِنْجِيْلِ ۚ كَزَرْعٍ اَخْرَجَ ۱۵

اور یہی حالات انجیل میں (بھی مذکور) ہیں وہ گویا ایک کھیتی ہے جس نے (پہلے زمین سے) اپنی

شَطْـَٔهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى عَلٰى سُوْقِهٖ

سوئی نکالی پھر (اجزائے زمین کو غذا بنا کر) اسی سوئی کو مضبوط کیا تو وہ موٹی ہوئی پھر اپنی جڑ پر

يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ ؕ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

سیدھی کھڑی ہو گئی اور اپنی تازگی سے کسانوں کو خوش کرنے لگی (اور اتنی جلدی ترقی اس لئے دی)

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ۝ ع

تاکہ ان کے ذریعہ کافروں کا جی جلائے جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کرتے رہے ان سے خدا نے بخشش اور اجر عظیم کا وعدہ کیا ہے

اسنادِ سُورۂ عمّ (نبا)

اِس سُورہ کو معصرات اور تساءلون بھی کہتے ہیں امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں جو شخص اِس سُورہ کو پڑھے اور ہر روز اس کی تلاوت کرے اِسی سال بیت اللہ کی زیارت سے مشرف ہوگا۔ منقول ہے کہ جس وقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لوگوں کو اسلام کی طرف بُلانا ظاہر کیا اور قرآن کو لوگوں کے روبرو پڑھا اور قیامت کے روز سے ڈرایا لوگوں نے حضرت کی نبوت اور قرآن کے نازل ہونے اور قیامت کے واقع ہونے میں اختلاف کیا۔ اسوقت یہ سُورہ نازل ہُوا۔

سُوْرَةُ النَّبَا

مَكِّيَّةٌ وَهِيَ اَرْبَعُوْنَ اٰيَةً وَفِيْهَا رُكُوْعَانِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

خدا کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان (اور) نہایت رحم والا ہے۔

عَمَّ يَتَسَآءَلُوْنَ ۚ عَنِ النَّبَاِ الْعَظِيْمِ ۙ

یہ لوگ آپس میں کس چیز کا حال پوچھتے ہیں، ایک بڑی خبر کا حال جس میں لوگ اختلاف

الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ مُخْتَلِفُوْنَ ۚ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ۙ

کر رہے ہیں، دیکھو انھیں عنقریب ہی معلوم ہو جائیگا پھر انھیں عنقریب

ثُمَّ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ۚ اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ مِهٰدًا ۙ

ہی ضرور معلوم ہو جائے گا کیا ہم نے زمین کو بچھونا اور پہاڑوں کو (زمین کی)

وَّالْجِبَالَ اَوْتَادًا ۙ وَّخَلَقْنٰكُمْ اَزْوَاجًا ۙ وَّجَعَلْنَا

میخیں نہیں بنایا، اور ہم نے تم لوگوں کو جوڑا جوڑا پیدا کیا اور تمہاری نیند کو

نَوْمَكُمْ سُبَاتًا ۙ وَّجَعَلْنَا الَّيْلَ لِبَاسًا ۙ وَّجَعَلْنَا

آرام (کا باعث) قرار دیا، اور رات کو پردہ بنایا، اور ہم ہی نے دن کو

النَّهَارَ مَعَاشًا ۝ وَبَنَيْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعًا شِدَادًا ۝

(کسب) معاش (کا وقت) بنایا، اور تمہارے اوپر سات مضبوط آسمان بنائے، اور

وَجَعَلْنَا سِرَاجًا وَهَّاجًا ۝ وَأَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرَاتِ

ہم ہی نے (سورج) کو روشن چراغ بنایا، اور ہم ہی نے بادلوں سے موسلا دھار

مَاءً ثَجَّاجًا ۝ لِنُخْرِجَ بِهِ حَبًّا وَنَبَاتًا ۝ وَجَنَّاتٍ

پانی برسایا، تاکہ اس کے ذریعہ سے دانے اور سبزی اور گھنے گھنے باغ پیدا کریں

أَلْفَافًا ۝ إِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ كَانَ مِيقَاتًا ۝ يَوْمَ

بے شک فیصلہ کا دن مقرر ہے، جس دن

يُنْفَخُ فِي الصُّورِ فَتَأْتُونَ أَفْوَاجًا ۝ وَفُتِحَتِ

صور پھونکا جائے گا اور تم لوگ گروہ گروہ حاضر ہوگے اور آسمان

السَّمَاءُ فَكَانَتْ أَبْوَابًا ۝ وَسُيِّرَتِ الْجِبَالُ

کھول دیئے جائیں گے تو (اس میں) دروازے ہوجائیں گے اور پہاڑ اپنی جگہ سے

فَكَانَتْ سَرَابًا ۝ إِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا ۝

چلائے جائیں گے تو ریت ہوکر رہ جائیں گے بے شک جہنم گھات میں ہے

لِلطَّاغِينَ مَآبًا ۝ لَابِثِينَ فِيهَا أَحْقَابًا ۝

سرکشوں کا وہی ٹھکانا ہے اس میں مدتوں پڑے جھینکتے رہیں گے

لَا يَذُوقُونَ فِيهَا بَرْدًا وَلَا شَرَابًا ۝ إِلَّا

نہ وہاں ٹھنڈک کا مزہ چکھیں گے اور نہ کھولتے ہوئے پانی اور بہتی ہوئی پیپ

حَمِيمًا وَغَسَّاقًا ۝ جَزَاءً وِفَاقًا ۝ إِنَّهُمْ

کے سوا کچھ پینے کو ملے گا، یہ ان کی کارستانیوں کا پورا پورا بدلہ ہے بے شک

كَانُوا لَا يَرْجُونَ حِسَابًا ۝ وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا

یہ لوگ آخرت کے حساب کی امید ہی نہ رکھتے تھے، اور لوگوں نے ہماری آیتوں کو بُری طرح

كِذَّابًا ۝ وَكُلَّ شَيْءٍ أَحْصَيْنَاهُ كِتَابًا ۝ فَذُوقُوا

جھٹلایا، اور ہم نے ہر چیز کو لکھ کر محفوظ کر رکھا ہے، تو اب تم مزہ چکھو

فَلَنْ نَّزِيْدَكُمْ اِلَّا عَذَابًا ۝ اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ

ہم تو تم پر عذاب ہی بڑھاتے جائیں گے ، بے شک پرہیزگاروں ہی کے لئے

مَفَازًا ۝ حَدَآئِقَ وَاَعْنَابًا ۝ وَّكَوَاعِبَ

بڑی کامیابی ہے، (یعنی بہشت کے) باغ اور انگور ، اور وہ عورتیں جن کی

اَتْرَابًا ۝ وَّكَاْسًا دِهَاقًا ۝ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا

اٹھتی جوانیاں اور باہم ہمجولیاں ہیں، اور شراب کے لبریز ساغر، وہاں نہ تو بیہودہ باتیں

لَغْوًا وَّلَا كِذّٰبًا ۝ جَزَآءً مِّنْ رَّبِّكَ عَطَآءً

سنیں گے اور نہ جھوٹ (یہ) تمہارے پروردگار کی طرف سے کافی انعام اور صلہ ہے

حِسَابًا ۝ رَّبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا

جو سارے آسمان اور زمین اور جو ان دونوں کے بیچ میں ہے سب کا مالک ہے

الرَّحْمٰنِ لَا يَمْلِكُوْنَ مِنْهُ خِطَابًا ۝ يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ

بڑا مہربان لوگوں کو اس سے بات کرنے کا یارا نہ ہوگا ، جس دن جبرئیل اور فرشتے

وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا ۙ لَّا يَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ

(اس کے سامنے) پرا باندھ کر کھڑے ہوں گے (اس دن) اس سے کوئی بات نہ کر سکے گا

لَهُ الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ۝ ذٰلِكَ الْيَوْمُ

مگر جسے خدا اجازت دے اور وہ ٹھکانے کی بات کہے ، وہ دن برحق ہے

الْحَقُّ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ مَاٰبًا ۝ اِنَّآ

تو جو شخص چاہے اپنے پروردگار کی بارگاہ میں (اپنا) ٹھکانا بنائے ، ہم نے

اَنْذَرْنٰكُمْ عَذَابًا قَرِيْبًا ۚ يَّوْمَ يَنْظُرُ الْمَرْءُ مَا

تم لوگوں کو عنقریب آنیوالے عذاب سے ڈرا دیا ، جس دن آدمی اپنے ہاتھوں

قَدَّمَتْ يَدٰهُ وَيَقُوْلُ الْكٰفِرُ يٰلَيْتَنِيْ

پہلے سے بھیجے ہوئے اعمال کو دیکھ لے گا اور کافر کہے گا

كُنْتُ تُرٰبًا ۝

(کاش میں خاک ہو جاتا)

اسنادِ سورۂ واقعہ

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ جو شخص ہر شب سورۂ واقعہ کو سونے سے پہلے پڑھے جس وقت حق تعالیٰ سے ملاقی ہوگا تو اسکا چہرہ مثل ماہ شب چہاردہ کے تاباں ہوگا اور امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جو شخص ہر شب جمعہ کو یہ سورہ پڑھے تو خدائے تعالیٰ اسکو اپنا دوست گردانے اور تمام لوگوں کے دلوں میں اسکی دوستی کو ڈالدے اور ہرگز فقیری کو نہ دیکھے اور محتاج نہ ہو اور دنیا کی آفتوں اور بلاؤں سے محفوظ رہے اور حضرت امیر المومنین کے رفقاء سے ہوا ور منقول ہے کہ عثمان ابن عفان عبد اللہ ابن مسعود کی عیادت کو جبکہ وہ مرض الموت میں گرفتار تھے گیا، عثمان نے اس سے پوچھا کہ تمہیں کس چیز کی شکایت ہے؟ کہا اپنے گناہوں کی پھر پوچھا کہ کیا آرزو رکھتے ہو کہا رحمت پروردگار کی، بعد اسکے دریافت کیا کہ طبیب کو بلاؤں کہ تمہارا علاج کرے، کہا طبیب ہی نے مجھکو بیمار ڈالا ہے، کہا کچھ بخشش تجھکو دوں؟ کہا جب میں محتاج تھا اسوقت تو نے بخشش کو مجھ سے بند رکھا اور اب جو مجھکو احتیاج نہیں تو مجھکو دینا چاہتا ہے، عثمان نے کہا تیرے بیٹوں کو کچھ بخشوں کہا انکو احتیاج نہیں ہے اسواسطے کہ سورۂ واقعہ انکو تعلیم کیا ہے اور وہ ہمیشہ اسکی تلاوت کرتے ہیں اور میں نے جناب رسولخدا سے سنا ہے کہ جو شخص ہر شب اس سورے کو پڑھے ہرگز فقیر و محتاج نہ ہوگا۔ خداوند عالم وسعت رزق اسکو عطا فرمائیگا۔ سورۂ واقعہ شب شنبہ شروع کرنا چاہیئے اور ہر شب میں تین بار پڑھے اور شب جمعہ آٹھ بار پانچ ہفتہ اس طرح مداومت کرے اور قبل شروع سورہ یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا رِزْقًا وَاسِعًا حَلَالًا طَيِّبًا مِنْ غَيْرِكَدٍّ وَّاسْتَجِبْ دَعْوَتِيْ مِنْ غَيْرِ رَدٍّ وَاَعُوْذُبِكَ فَضِيْحَتَيِ الْفَقْرِ وَالدَّيْنِ وَادْفَعْ عَنِّيْ هٰذَيْنِ بِحَقِّ الْاِمَامَيْنِ السِّبْطَيْنِ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ ع۔

سُوْرَةُ الْوَاقِعَةِ

مکیۃ وھی ست وتسعون آیۃ وثلث رکوعات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے

اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ۙ لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ ۘ

جب قیامت برپا ہوگی (اور اس کے واقع ہونے میں ذرا جھوٹ نہیں) اسوقت لوگوں میں فرق

خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ ۙ اِذَا رُجَّتِ الْاَرْضُ رَجًّا ۙ

ظاہر ہوگا کہ کسی کو پست کرے گی کسی کو بلند، جب زمین بڑے زور سے ہلنے لگے گی

وقف لازم

وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ۙ فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْۢبَثًّا ۙ

اور پہاڑ (ٹکرا کر) بالکل چور چور ہو جائیں گے، پھر ذرّے بن کر اُڑنے لگیں گے

وَّكُنْتُمْ اَزْوَاجًا ثَلٰثَةً ؕ فَاَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ۙ۬

اور تم لوگ تین قسم ہو جاؤ گے، تو داہنے ہاتھ (میں نامہ اعمال لینے) والے واہ داہنے

مَاۤ اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ؕ وَاَصْحٰبُ الْمَشْــَٔمَةِ ۙ۬

ہاتھ والے کیا (چین میں) ہیں، اور بائیں ہاتھ میں (نامۂ اعمال) لینے والے (افسوس بائیں ہاتھ والے

مَاۤ اَصْحٰبُ الْمَشْــَٔمَةِ ؕ وَالسّٰبِقُوْنَ السّٰبِقُوْنَ ۚ ۙ

کیا (مصیبت میں) ہیں، اور جو آگے بڑھ جانے والے ہیں (واہ کیا کہنا) وہ آگے بڑھنے والے ہی تھے

اُولٰٓئِكَ الْمُقَرَّبُوْنَ ۚ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ۙ ثُلَّةٌ

یہی لوگ خدا کے مقرب ہیں، آرام و آسائش کے باغوں میں بہت سے تو اگلے

مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ۙ وَقَلِيْلٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ؕ عَلٰى

لوگوں میں سے ہوں گے اور تھوڑے سے پچھلے لوگوں میں سے، موتی اور یاقوت

سُرُرٍ مَّوْضُوْنَةٍ ۙ مُّتَّكِـــِٕيْنَ عَلَيْهَا مُتَقٰبِلِيْنَ

سے جڑے ہوئے سونے کے تاروں سے بنے ہوئے تختوں پر ایک دوسرے کے سامنے تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے

يَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ ۙ بِاَكْوَابٍ

نوجوان لڑکے جو (بہشت میں) ہمیشہ (لڑکے ہی بنے) رہیں گے (شربت وغیرہ کے) ساغر اور چمکدار

وَّاَبَارِيْقَ ۙ۬ وَكَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ ۙ لَّا يُصَدَّعُوْنَ

ٹونٹی دار کنڑ اور شفاف شراب کے جام لئے ہوئے ان کے پاس چکر لگاتے ہوں گے جس سے (پینے)

عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُوْنَ ۙ وَفَاكِهَةٍ مِّمَّا يَتَخَيَّرُوْنَ ۙ

سے نہ تو ان کو (خمار سے) درد سر ہوگا اور نہ وہ بدحواس اور بدہوش ہوں گے اور جس قسم کے میوے پسند

وَلَحْمِ طَيْرٍ مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ ۙ وَحُوْرٌ عِيْنٌ ۙ

کریں اور جس قسم کے پرند کا گوشت انکا جی چاہے (سب موجود ہے) اور بڑی بڑی آنکھوں والی حوریں

كَاَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُوْنِ ۚ جَزَآءًۢ

جیسے احتیاط سے رکھے ہوئے موتی، یہ بدلا ہے

بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا

ان کے (نیک) اعمال کا ، وہاں نہ تو بیہودہ بات سنیں گے اور نہ گناہ کی

تَاْثِيْمًا ۝ اِلَّا قِيْلًا سَلٰمًا سَلٰمًا ۝ وَاَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ ۥ

بات (نحش) بس ان کا کلام سلام ہی سلام ہوگا، اور داہنے ہاتھ والے

مَآ اَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ ۝ فِيْ سِدْرٍ مَّخْضُوْدٍ ۝ وَّطَلْحٍ

(واہ) داہنے ہاتھ والوں کا کیا کہنا ہے بے کانٹے کی بیریوں اور لدے گتھے ہوئے کیلوں

مَّنْضُوْدٍ ۝ وَّظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ ۝ وَّمَآءٍ مَّسْكُوْبٍ ۝

اور لمبی لمبی چھاؤں ، اور جھرتے کے پانی اور

وَّفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ ۝ لَّا مَقْطُوْعَةٍ وَّلَا مَمْنُوْعَةٍ ۝

الغاروں میوؤں میں ہونگے ، جو نہ کبھی ختم ہوں گے اور نہ ان کی کوئی روک ٹوک

وَّفُرُشٍ مَّرْفُوْعَةٍ ۝ اِنَّآ اَنْشَاْنٰهُنَّ اِنْشَآءً ۝

اور اونچے نرم بچھونوں کے اندر (فرش) میں (مزے کرے) ہوں گے اور حوریں ملیں گی جن کو ہم نے

فَجَعَلْنٰهُنَّ اَبْكَارًا ۝ عُرُبًا اَتْرَابًا ۝ لِّاَصْحٰبِ

نت نیا پیدا کیا تو ہم نے انھیں کنواریاں پیاری پیاری ہمجولیاں بنایا (یہ سب سامان) داہنے ہاتھ والوں

الْيَمِيْنِ ۝ ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ۝ وَثُلَّةٌ مِّنَ

نامۂ اعمال لینے والوں کے واسطے ہے (ان میں) بہت سے تو اگلے لوگوں میں سے اور بہت سے پچھلے لوگوں میں سے

الْاٰخِرِيْنَ ۝ وَاَصْحٰبُ الشِّمَالِ ۥ مَآ اَصْحٰبُ الشِّمَالِ ۝

اور بائیں ہاتھ میں نامۂ اعمال لینے والے (افسوس) بائیں ہاتھ والے کیا (مصیبت میں)

فِيْ سَمُوْمٍ وَّحَمِيْمٍ ۝ وَّظِلٍّ مِّنْ يَّحْمُوْمٍ ۝ لَّا

ہیں (دوزخ) کی لوں اور کھولتے ہوئے پانی ، اور کالے سیاہ دھوئیں کے سایہ میں ہونگے ، جو

بَارِدٍ وَّلَا كَرِيْمٍ ۝ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُتْرَفِيْنَ ۝

نہ ٹھنڈا ہے اور نہ خوش آیند ، یہ لوگ اس سے پہلے (دنیا) میں خوب عیش اڑا چکے تھے

وَكَانُوْا يُصِرُّوْنَ عَلَى الْحِنْثِ الْعَظِيْمِ ۝ وَكَانُوْا

اور بڑے گناہ (شرک) پر اڑے رہتے تھے ، اور کہا کرتے تھے کہ

يَقُوْلُوْنَ ۙ أَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا أَئِنَّا

بھلا جب ہم مرجائیں گے اور (سڑ گل کر) مٹی اور ہڈیاں (ہی) رہ جائیں گے تو کیا ہمیں یا

لَمَبْعُوْثُوْنَ ۝ أَوَ اٰبَاؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ۝ قُلْ اِنَّ

ہمارے اگلے باپ دادوں کو پھر اٹھنا ہے؟ (اے رسول) تم کہہ دو کہ

الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ ۝ لَمَجْمُوْعُوْنَ ۙ اِلٰى

اگلے اور پچھلے سب کے سب روز معین کی میعاد پر ضرور اکٹھا کیے

مِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ۝ ثُمَّ اِنَّكُمْ اَيُّهَا الضَّآلُّوْنَ

جائیں گے، پھر تم کو بے شک اے گمراہو جھٹلانے والو

الْمُكَذِّبُوْنَ ۝ لَاٰكِلُوْنَ مِنْ شَجَرٍ مِّنْ زَقُّوْمٍ ۝

یقیناً (جہنم میں) تھوہڑ کے درختوں میں سے کھانا ہوگا، تو تم لوگوں

فَمَالِئُوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ۝ فَشَارِبُوْنَ عَلَيْهِ مِنَ

کو اسی سے اپنا پیٹ بھرنا ہوگا، پھر اس کے اوپر کھولتا ہوا پانی پینا

الْحَمِيْمِ ۝ فَشَارِبُوْنَ شُرْبَ الْهِيْمِ ۝ هٰذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ

ہوگا، اور پیو گے بھی تو پیاسے اونٹ کا سا (ڈگڈگا کے) پینا، قیامت کے دن یہی

الدِّيْنِ ۝ نَحْنُ خَلَقْنٰكُمْ فَلَوْلَا تُصَدِّقُوْنَ ۝ اَفَرَءَيْتُمْ

ان کی مہمانی ہوگی، تم لوگوں کو (پہلی بار بھی) ہم ہی نے پیدا کیا، پھر تم لوگ (دوبارہ کی) کیوں نہیں تصدیق کرتے

مَّا تُمْنُوْنَ ۝ ءَاَنْتُمْ تَخْلُقُوْنَهٗٓ اَمْ نَحْنُ الْخٰلِقُوْنَ ۝

تو جس نطفہ کو تم (عورتوں کے) رحم میں ڈالتے ہو کیا تم نے دیکھ بھال لیا ہے کیا تم اس سے آدمی بناتے ہو یا ہم بناتے

نَحْنُ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ الْمَوْتَ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوْقِيْنَ ۝

ہیں، ہم نے تم لوگوں میں موت کو مقرر کر دیا ہے اور ہم اس سے عاجز نہیں ہیں کہ تمہارے ایسے اور

عَلٰٓى اَنْ نُّبَدِّلَ اَمْثَالَكُمْ وَنُنْشِئَكُمْ فِيْ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝

لوگ بدل ڈالیں اور تم لوگوں کو اس (صورت) میں پیدا کریں جسے تم مطلق نہیں جانتے۔

وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ النَّشْاَةَ الْاُوْلٰى فَلَوْلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝

تم نے پہلی پیدائش کو سمجھ ہی لیا ہے (کہ ہم نے کی) پھر تم غور کیوں نہیں کرتے،

أفرءيتم ما تحرثون ○ ءأنتم تزرعونه أم

بھلا دیکھو تو کہ جو کچھ تم لوگ بوتے ہو کیا تم لوگ اسے اگاتے ہو یا

نحن الزارعون ○ لو نشاء لجعلنه حطاما

ہم اگاتے ہیں ، اگر ہم چاہتے تو اسے چورا چورا کر دیتے تو

فظلتم تفكهون ﴿لا﴾ إنا لمغرمون ﴿لا﴾ بل نحن

تم باتیں ہی بناتے رہ جاتے کہ (ہائے) ہم تو (مفت) تاوان میں پھنسے (نہیں) ہم تو

محرومون ○ أفرءيتم الماء الذي تشربون ﴿لا﴾

بدنصیب ہیں ہی ، تو کیا تم نے پانی پر بھی نظر ڈالی جو (دن رات) پیتے ہو

ءأنتم أنزلتموه من المزن أم نحن المنزلون ○

کیا اس کو بادل سے تم نے برسایا ہے یا ہم برساتے ہیں

لو نشاء جعلنه أجاجا فلولا تشكرون ○ أفرءيتم

اگر ہم چاہیں تو اسے کھاری بنا دیں تو تم لوگ شکر کیوں نہیں کرتے تو کیا تم نے

النار التي تورون ○ ءأنتم أنشأتم شجرتها

آگ پر بھی غور کیا ہے جسے تم لوگ لکڑی سے نکالتے ہو کیا اسکے درخت کو تم نے پیدا کیا ہے یا

أم نحن المنشئون ○ نحن جعلنها تذكرة و

ہم پیدا کرتے ہیں ، ہم نے آگ کو (جہنم) کی یاد دہانی اور مسافروں کے نفع کے

متاعا للمقوين ﴿ج﴾ فسبح باسم ربك العظيم ﴿ع﴾ ع ٢ ١٥

واسطے پیدا کیا ، تو (اے رسول) تم اپنے بزرگ پروردگار کی تسبیح کرو ،

فلا أقسم بمواقع النجوم ﴿لا﴾ وإنه لقسم لو

تو میں تاروں کے منازل کی قسم کھاتا ہوں ، اور اگر تم سمجھو تو یہ

تعلمون عظيم ﴿لا﴾ إنه لقرآن كريم ﴿لا﴾ في كتب

بڑی قسم ہے کہ بیشک یہ بڑے رتبہ کا قرآن ہے جو کتاب (لوح) محفوظ

مكنون ﴿لا﴾ لا يمسه إلا المطهرون ﴿ط﴾ تنزيل

میں (لکھا ہوا) ہے ، اس کو تو بس وہی لوگ چھوتے ہیں جو پاک ہیں ، سارے جہان کے

مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ اَفَبِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَنْتُمْ

پروردگار کی طرف سے (محمد پر نازل ہوا) ہے تو کیا تم لوگ اس کلام سے انکار

مُّدْهِنُوْنَ ○ وَتَجْعَلُوْنَ رِزْقَكُمْ اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ ○

کرتے ہو اور تم نے اپنی روزی یہ قرار دے لی ہے کہ اس کو جھٹلاتے ہو

فَلَوْلَآ اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ ۙ وَاَنْتُمْ حِيْنَئِذٍ

تو کیا جب جان گلے تک آ پہنچتی ہے اور تم اس وقت (کی حالت) پڑے دیکھا کرتے ہو

تَنْظُرُوْنَ ○ وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْكُمْ وَلٰكِنْ

اور ہم اس مرنے والے سے تم سے بھی زیادہ نزدیک ہوتے ہیں لیکن تم کو

لَّا تُبْصِرُوْنَ ○ فَلَوْلَآ اِنْ كُنْتُمْ غَيْرَ مَدِيْنِيْنَ ۙ

دکھائی نہیں دیتا، تو اگر تم کسی دباؤ میں نہیں ہو تو اگر (اپنے دعوے میں) تم

تَرْجِعُوْنَهَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ○ فَاَمَّآ اِنْ كَانَ

سچے ہو تو روح کو پھیر کیوں نہیں دیتے، پس اگر وہ (مرنے والا خدا کے)

مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ۙ فَرَوْحٌ وَّرَيْحَانٌ ۙ وَّجَنَّتُ

مقربین سے ہے تو (اس کے لئے) آرام (و آسائش) ہے اور خوشبو دار پھول اور نعمت کے

نَعِيْمٍ ○ وَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ۙ

باغ، اور اگر وہ داہنے ہاتھ والوں میں سے ہو تو (اس سے کہا جائے گا کہ) تم پر

فَسَلٰمٌ لَّكَ مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ○ وَاَمَّآ اِنْ كَانَ

داہنے ہاتھ والوں کی طرف سے سلام ہو، اور اگر جھٹلانے والے گمراہوں

مِنَ الْمُكَذِّبِيْنَ الضَّآلِّيْنَ ۙ فَنُزُلٌ مِّنْ حَمِيْمٍ ۙ

میں سے ہے تو (اس کی) مہمانی کھولتا ہوا پانی سے

وَّتَصْلِيَةُ جَحِيْمٍ ○ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ حَقُّ الْيَقِيْنِ ۚ

اور جہنم میں داخل کر دینا، بے شک یہ (خبر) یقیناً سچ ہے

فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ○

تو (اے رسول) تم اپنے بزرگ پروردگار کی تسبیح کرو

ع ۳ ۱۶

اسنادِ سورۂ ملک

حضرت علیؑ سے روایت ہے کہ جناب رسولِ خداؐ نے فرمایا کہ جو شخص اس سورے کو پڑھے گا قیامت کے روز نجات پائیگا اور ملائکہ کے پروں پر اُڑے گا اور حسن میں اسکا منہ یوسف کے حُسن کی مانند ہوگا، اور امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ سورۂ ملک سورۂ مانعہ ہے، اِس واسطے کہ منع کرتی ہے اپنے پڑھنے والوں کو عذاب قبر سے اور توریت میں بھی اُس کا نام سورۂ ملک ہے جو شخص اِس سورے کو شب کو پڑھے تو صاحب برکت ہو جائے اور خوشحال اور مرفہ الحال رہے اور اُس کو غافلوں میں نہ لکھا جائے اور میں اِس سورے کو عشا کے بعد پڑھتا ہوں، اور جو شخص اس سورے کو شب و روز تلاوت کرے جس وقت اسے قبر میں رکھیں منکر و نکیر اُس پر ظاہر ہوں اور پاؤں اُس شخص کے گویا ہو کر کہیں کہ تمہارا ہم پر قابو نہیں ہے اِس واسطے کہ یہ بندہ پائے راست وچپ پر کھڑا ہو کر سورۂ ملک ہر شب و روز پڑھتا تھا اور جس وقت اُس کے شکم کی طرف آئیں تو شکم اُن سے کہے گا کہ تمہارا قابو اِس بندے پر نہیں، اِس واسطے کہ مجھ کو اِس بندے نے سورۂ ملک کا ظرف بنایا تھا اور جس وقت اُس کی زبان کی طرف آئیں وہ اُن سے کہے گی کہ تم کو اِس بندے پر کوئی اختیار نہیں ہے اِس لئے کہ یہ سورۂ ملک پڑھتا تھا اور حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے جو شخص تبارک الذی نماز ہفتہ میں پڑھے گا خاص کر سونے سے پہلے وہ شخص ہمیشہ حفظ خدا میں رہے گا صبح تک، اور قیامت کے روز امن خدا میں ہوگا یہاں تک کہ بہشت میں داخل ہو اور اِس سورے کو منجیہ بھی کہتے ہیں اِس واسطے کہ نجات دینے والا ہے اور سورۂ واقیہ بھی کہتے ہیں اِس واسطے کہ عذاب قبر سے نگاہ رکھنے والا ہے رسولِ خدا نے فرمایا ہے "انّھا واقیۃ من عذاب القبر"۔

سُوْرَةُ الْمُلْكِ

نَزَلَتْ بِمَكَّةَ ثُمَّ الْحَاوِيُّ وَهِيَ ثَلٰثُوْنَ اٰيَةً

سورہ ملک مکہ میں نازل ہوا اور اس کی ۳۰ آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

تَبٰرَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ

جس (خدا) کے قبضہ میں (سارے جہان کی) بادشاہت ہے وہ بڑی برکت والا اور وہ ہر چیز پر

شَيْءٍ قَدِيْرُ ۙ الَّذِيْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيٰوةَ

قادر ہے۔ جس نے موت اور زندگی کو پیدا کیا تاکہ تمہیں آزمائے کہ تم میں سے کام میں کون سب سے اچھا

لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفُوْرُ ۙ

کون ہے اور وہ غالب (اور) بڑا بخشنے والا ہے

الَّذِيْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ۭ مَا تَرٰى فِيْ

جس نے سات آسمان تلے اوپر بنا ڈالے، بھلا تجھے خدا کی

خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفٰوُتٍ ۭ فَارْجِعِ الْبَصَرَ ۙ هَلْ

آفرینش میں کوئی کسر نظر آتی ہے تو پھر آنکھ اٹھا کر دیکھ بھلا تجھے

تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ

کوئی شگاف نظر آتا ہے، پھر دوبارہ آنکھ اٹھا کر دیکھ تو ہر بار تیری نظر ناکام

اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْرٌ ۙ وَلَقَدْ زَيَّنَّا

اور تھک کر تیری طرف پلٹ آئے گی، اور ہم نے نیچے والے (پہلے) آسمان

السَّمَاۗءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيْحَ وَجَعَلْنٰهَا رُجُوْمًا

کو (تاروں) کے چراغوں سے زینت دی ہے اور ہم نے اُن کو شیطان کے

لِّلشَّيٰطِيْنِ وَاَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابَ السَّعِيْرِ ۙ وَلِلَّذِيْنَ

مارنے کا آلہ بنایا اور ہم نے اُن کے لئے دہکتی ہوئی آگ کا عذاب تیار کر رکھا ہے اور جو لوگ

كَفَرُوا بِرَبِّهِمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ ۖ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ○ إِذَا

اپنے پروردگار کے منکر ہیں ان کے لئے جہنم کا عذاب ہے اور وہ بہت برا ٹھکانا ہے، جب یہ

أُلْقُوا فِيهَا سَمِعُوا لَهَا شَهِيقًا وَهِيَ تَفُورُ ○ تَكَادُ

لوگ اس میں ڈالے جائیں گے تو اس کی بڑی چیخ سنیں گے اور وہ جوش مار رہی ہوگی، بلکہ

تَمَيَّزُ مِنَ الْغَيْظِ ۖ كُلَّمَا أُلْقِيَ فِيهَا فَوْجٌ سَأَلَهُمْ

گویا مارے جوش کے پھٹ پڑے گی، جب اس میں (انکا) کوئی گروہ ڈالا جائے گا، تو ان سے

خَزَنَتُهَا أَلَمْ يَأْتِكُمْ نَذِيرٌ ○ قَالُوا بَلَىٰ قَدْ جَاءَنَا

داروغہ جہنم پوچھے گا کیا تمہارے پاس کوئی ڈرانے والا پیغمبر نہیں آیا تھا وہ کہیں گے ہاں ہمارے

نَذِيرٌ ۙ فَكَذَّبْنَا وَقُلْنَا مَا نَزَّلَ اللَّهُ مِنْ شَيْءٍ ۚ

پاس ڈرانے والا پیغمبر تو ضرور آیا تھا مگر ہم نے اس کو جھٹلا دیا اور کہا کہ خدا نے تو

إِنْ أَنْتُمْ إِلَّا فِي ضَلَالٍ كَبِيرٍ ○ وَقَالُوا لَوْ كُنَّا

کچھ نازل نہیں کیا، تم تو بڑی (گہری) گمراہی میں پڑے ہو اور (یہ بھی) کہیں گے کہ اگر ہم

نَسْمَعُ أَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا فِي أَصْحَابِ السَّعِيرِ ○

بات سنتے یا سمجھتے تب تو (آج) دوزخیوں میں نہ ہوتے، غرض

فَاعْتَرَفُوا بِذَنْبِهِمْ ۚ فَسُحْقًا لِأَصْحَابِ السَّعِيرِ ○

وہ اپنے گناہ کا اقرار کرلیں گے، تو دوزخیوں کو خدا کی رحمت سے دوری ہے

إِنَّ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ لَهُمْ مَغْفِرَةٌ

بے شک جو لوگ اپنے پروردگار سے بے دیکھے بھالے ڈرتے ہیں ان کے لئے مغفرت اور

وَأَجْرٌ كَبِيرٌ ○ وَأَسِرُّوا قَوْلَكُمْ أَوِ اجْهَرُوا بِهِ ۖ

بڑا بھاری اجر ہے، اور تم لوگ اپنی بات چھپا کر کہو یا کھلم کھلا وہ تو دل کے

إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ○ أَلَا يَعْلَمُ مَنْ

بھیدوں تک سے خوب واقف ہے بھلا جس نے پیدا کیا وہ بے خبر

خَلَقَ وَهُوَ اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ ○ هُوَ الَّذِي جَعَلَ

ہے اور وہ تو بڑا باریک بیں واقف کار ہے، وہی تو ہے جس نے زمین کو تمہارے

لَكُمُ الْأَرْضَ ذَلُولًا فَامْشُوا فِي مَنَاكِبِهَا وَكُلُوا

لیے تم (دہموار) کر دیا تو اس کے اطراف (جوانب) میں چلو پھرو اور اس کی دی ہوئی

مِن رِّزْقِهِ ۖ وَإِلَيْهِ النُّشُورُ ۝ ءَأَمِنتُم مَّن

روزی کھاؤ، اور پھر اسی کی طرف قبر سے اٹھ کر جانا ہے، کیا تم اس شخص سے جو آسمان میں

فِي السَّمَاءِ أَن يَخْسِفَ بِكُمُ الْأَرْضَ فَإِذَا هِيَ

(حکومت کرتا) ہے اس بات سے بےخوف ہو کہ تم کو زمین میں دھنسا دے پھر وہ یکبارگی الٹ پلٹ کرنے لگے

تَمُورُ ۝ أَمْ أَمِنتُم مَّن فِي السَّمَاءِ أَن يُرْسِلَ عَلَيْكُمْ

یا تم اس بات سے بےخوف ہو کہ جو آسمان میں سلطنت کرتا ہے کہ تم پر پتھر بھری آندھی چلا دے

حَاصِبًا ۖ فَسَتَعْلَمُونَ كَيْفَ نَذِيرِ ۝ وَلَقَدْ كَذَّبَ

تو تمہیں عنقریب ہی معلوم ہو جائیگا، کہ میرا ڈرانا کیسا ہے۔ اور جو ان سے پہلے تھے انھوں نے

الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيرِ ۝ أَوَلَمْ يَرَوْا

جھٹلایا تھا تو (دیکھا) کہ میری ناخوشی کیسی تھی، کیا ان لوگوں نے اپنے سروں پر چڑیوں کو اڑتے

إِلَى الطَّيْرِ فَوْقَهُمْ صَافَّاتٍ وَيَقْبِضْنَ ۚ مَا يُمْسِكُهُنَّ

نہیں دیکھا جو پروں کو پھیلائے رہتی ہیں اور سمیٹ لیتی ہیں کہ خدا کے سوا انھیں کوئی

إِلَّا الرَّحْمَٰنُ ۚ إِنَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ بَصِيرٌ ۝ أَمَّنْ هَٰذَا

نہیں روکے رہ سکتا ہے، بے شک وہ ہر چیز کو دیکھ رہا ہے، بھلا خدا کے سوا ایسا کون

الَّذِي هُوَ جُندٌ لَّكُمْ يَنصُرُكُم مِّن دُونِ الرَّحْمَٰنِ ۚ

ہے جو تمہاری فوج بن کر تمہاری مدد کرے، کافر لوگ تو دھوکے

إِنِ الْكَافِرُونَ إِلَّا فِي غُرُورٍ ۝ أَمَّنْ هَٰذَا الَّذِي

ہی دھوکے میں ہیں، بھلا خدا اگر اپنی (دی ہوئی) روزی

يَرْزُقُكُمْ إِنْ أَمْسَكَ رِزْقَهُ ج بَل لَّجُّوا فِي عُتُوٍّ

روک لے تو کون ایسا ہے جو تمہیں رزق دے مگر یہ کفار تو سرکشی اور نفرت (کے پھندے) میں

وَنُفُورٍ ۝ أَفَمَن يَمْشِي مُكِبًّا عَلَىٰ وَجْهِهِ أَهْدَىٰ أَمَّن

پھنسے ہوئے ہیں، بھلا جو شخص اوندھا اپنے منہ کے بل چلے کیا وہ زیادہ ہدایت یافتہ ہوگا یا وہ

وقف لازم
وقف غفران
وقف غفران

يَمْشِي سَوِيًّا عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ قُلْ هُوَ الَّذِيْٓ

شخص جو سیدھا برابر راہ راست پر چل رہا ہو (اے رسول) تم کہدو کہ خدا تو وہی ہے جس نے تم کو

اَنْشَاَكُمْ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْئِدَةَ

نت نیا پیدا کیا اور تمہارے واسطے کان اور آنکھیں اور دل بنایا مگر تم تو بہت کم

قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝ قُلْ هُوَ الَّذِيْ ذَرَاَكُمْ فِي

شکر ادا کرتے ہو کہدو وہی تو وہ ہے جس نے تم کو زمین میں پھیلا دیا اور

الْاَرْضِ وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا

اسی کے سامنے جمع کئے جاؤ گے، اور کفار کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو

الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ قُلْ اِنَّمَا الْعِلْمُ

(آخر) یہ وعدہ کب (پورا) ہوگا، (اے رسول) تم کہدو کہ (اس کا) علم تو بس خدا ہی

عِنْدَ اللّٰهِ ۪ وَاِنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ فَلَمَّا رَاَوْهُ

کو ہے اور میں تو صرف صاف صاف (عذاب سے) ڈرانے والا ہوں، تو جب یہ لوگ اسے قریب

زُلْفَةً سِيْٓـَٔتْ وُجُوْهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَقِيْلَ هٰذَا

دیکھ لیں گے تو (خوف کے مارے) کافروں کے چہرے بگڑ جائیں گے اور ان سے کہا جائیگا یہ

الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تَدَّعُوْنَ ۝ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ

وہی ہے جس کے تم خواستگار رہتے (اے رسول) تم کہدو بھلا دیکھو تو کہ اگر خدا

اَهْلَكَنِيَ اللّٰهُ وَمَنْ مَّعِيَ اَوْ رَحِمَنَا فَمَنْ يُّجِيْرُ

مجھ کو اور میرے ساتھیوں کو ہلاک کر دے یا ہم پر رحم فرمادے تو کافروں کو دردناک

الْكٰفِرِيْنَ مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝ قُلْ هُوَ الرَّحْمٰنُ

عذاب سے کون پناہ دے گا، تم کہدو کہ وہی خدا بڑا رحم کرنے والا

اٰمَنَّا بِهٖ وَعَلَيْهِ تَوَكَّلْنَا ۚ فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ هُوَ فِيْ

ہے جس پہ ایمان لائے ہیں اور اسی پر بھروسہ کر لیا ہے تو عنقریب ہی تمہیں معلوم ہو جائے گا

ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ

کہ کون صریحی گمراہی میں پڑا ہے، (اے رسول) تم کہدو کہ بھلا دیکھو تو کہ اگر تمہارا پانی زمین

غَوْرًا فَمَنْ يَّاْتِيْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِيْنٍ ۝

کے اندر چلا جائے تو کون ایسا ہے جو تمہارے پانی کا چشمہ بہا لائے

اسنادِ سورۂ رحمٰن

امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے ارشاد فرمایا ہے کہ جناب سول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کہ ہر چیز کے واسطے ایک عروس ہے اور قرآن کی عروس سورۂ رحمٰن ہے، اور حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ سورۂ رحمٰن کا پڑھنا ترک مت کرو کہ یہ سورۃ منافقوں کے دلوں میں نہیں ٹھہرتی ہے اور قیامت کے روز یہ سورۃ اپنے پروردگار کے روبرو خوبصورت آدمی کی شکل میں ہو کر آئیگی اور جو مقام کہ زیادہ قریب ہے وہاں کھڑی ہوگی اور کہتے ہیں کہ کسی کو ایسا مرتبہ حاصل نہ ہوا کہ وہاں کھڑا ہو، پس خدائے تعالےٰ خطاب کرے گا اس سورۃ کو کہ کون آدمی دنیا میں ہمیشہ تیری تلاوت کرتا تھا اور وہ سورۃ کہے گی کہ فلاں فلاں، خدائے تعالیٰ ان لوگوں کے چہروں کو روشن اور نورانی کرے گا اور کہے گا کہ جس کو تم دوست رکھتے ہو اُس کی شفاعت کرو، پس جس کو چاہیں گے شفاعت کریں گے اور جس کے وہ شفیع ہونگے اُس کو خدا فرمائے گا میرے بہشت میں ساکن ہو کہ جو کچھ تیری آرزو اور خواہش ہے وہ سب وہاں موجود ہے۔

اور دوسری روایت میں ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ جو کوئی سورۂ رحمٰن کو پڑھے اور فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ کے لابِشَیْءٍ مِّنْ اٰلٰٓئِکَ رَبِّ اُکَذِّبُ کہے پس اگر رات کو پڑھا ہے تو مرے گا شہید، اور اگر دن کو پڑھا ہے اور پھر مرجائے تو شہید مرے گا، اور جمعہ کے روز سورۂ رحمٰن پڑھنے کی اور فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ کے بعد لابِشَیْءٍ مِّنْ اٰلٰٓئِکَ رَبِّ اُکَذِّبُ کہنے کی بہت تاکید ہے اور ثواب ہے، اور کہتے ہیں کہ پہلے سب سے قرآن کو بلند آواز سے ابن مسعود نے قریش کے روبرو پڑھا تھا، اور کیفیت اس کی اس طرح ہے کہ اصحاب ایک جگہ پر جمع تھے، کہا قریش نے قرآن نہیں سُنا ہے ہم میں سے کون ہے کہ جرأت کر کے بآواز بلند ان کے روبرو قرآن کو پڑھے عبداللہ ابن مسعود نے کہا کہ میں پڑھوں گا، وہ اپنے مقام سے اُٹھا اور مقام ابراہیم میں گیا اور وہاں کھڑے ہو کر بآواز بلند سورۂ رحمٰن کو پڑھا، قریش اپنے اپنے مقام پر بیٹھے تھے اسکے پڑھنے کو سُن کر بہت تعجب کیا اور آپس میں کہا کہ یہ مرد کیا کہتا ہے، پس چند آدمی اُن میں سے اُٹھے اور اُس کو اس قدر مارا کہ زدوکوب کے نشانات اُس کے بدن پر نمایاں ہوگئے اور وہ اسی طرح پڑھتا تھا اور پڑھنے سے بند نہیں ہوتا تھا، یہاں تک کہ کئی آیتیں پڑھ کر وہاں سے پھرا اور اصحاب نے کہا کہ ہم میں ایسی جرأت قرآن کے پڑھنے میں کوئی نہیں کر سکتا ؞

سُورَةُ الرَّحْمٰن

مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ ثَمَانٌ وَسَبْعُوْنَ اٰيَةً وَثَلٰثُ رُكُوْعَاتٍ

سورہ رحمٰن مدینہ میں نازل ہوا اور اس کی ۷۸ آیتیں اور ۳ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

خدا کے نام سے شروع کرتا ہوں، جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلرَّحْمٰنُ ○ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ○ خَلَقَ الْاِنْسَانَ ○

بڑا مہربان (خدا) اسی نے قرآن کی تعلیم فرمائی اسی نے انسان کو پیدا کیا

عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ○ اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ○

اسی نے اس کو (اپنا مطلب) بیان کرنا سکھایا، سورج اور چاند ایک مقرر حساب سے چل رہے ہیں

وَّالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ يَسْجُدَانِ ○ وَالسَّمَآءَ رَفَعَهَا

اور بوٹیاں بیلیں اور درخت اسی کو سجدہ کرتے ہیں اور اسی نے آسمان بلند کیا

وَوَضَعَ الْمِيْزَانَ ○ اَلَّا تَطْغَوْا فِي الْمِيْزَانِ ○ وَ

اور ترازو (انصاف) کو قائم کیا تاکہ تم لوگ ترازو (سے تولنے) میں حد سے تجاوز نہ کرو اور

اَقِيْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِيْزَانَ ○

انصاف کے ساتھ ٹھیک تولو اور تول کم نہ کرو

وَالْاَرْضَ وَضَعَهَا لِلْاَنَامِ ○ فِيْهَا فَاكِهَةٌ

اور اسی نے لوگوں کے نفع کیلئے زمین بنائی کہ اس میں میوے اور

وَّالنَّخْلُ ذَاتُ الْاَكْمَامِ ○ وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ

کھجور کے درخت ہیں جن کے خوشوں میں غلاف ہوتے ہیں اور اناج جس کے ساتھ بھس ہوتا ہے

وَالرَّيْحَانُ ○ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○

اور خوشبودار پھول تو (اے گروہ جن وانس) تم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے

خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ ○ وَ

اسی نے انسان کو ٹھیکرے کی طرح کھنکھناتی ہوئی مٹی سے پیدا کیا اور

خَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ ○ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

اُسی نے جنات کو آگ کے شعلے سے پیدا کیا، تو اے گروہ جن و انس تم اپنے پروردگار کی کون کون سی

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○ رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ ج

نعمت سے انکار کرو گے (جھٹلاؤ گے)؟ وہی دونوں مشرقوں کا مالک ہے اور دونوں مغربوں کا بھی مالک ہے

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ

تو تم دونوں اپنے رب کی کس کس نعمت کو نہ مانو گے اسی نے دو دریا بہائے باہم ملتے ہیں

بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيٰنِ ج فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

دونوں کے درمیان ایک حد فاصل (آڑ) ہے جس سے تجاوز نہیں کر سکتے، تو تم دونوں اپنے پروردگار کی کس کس نعمت

تُكَذِّبٰنِ ○ يَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ ○

سے انکار کرو گے ان دونوں دریاؤں سے موتی اور مونگے نکلتے ہیں

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○ وَلَهُ الْجَوَارِ

تو تم دونوں اپنے رب کی کون کونسی نعمت سے مکرو گے، اور جہاز جو دریا میں پہاڑوں کی طرح

الْمُنْشَئٰتُ فِي الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ○ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

اونچے کھڑے رہتے ہیں اسی کے ہیں تو تم دونوں اپنے رب کی

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ع ○ كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ ج وَّيَبْقٰى

کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے، جو (مخلوق) زمین پر ہے سب فنا ہونے والی ہے اور صرف تمہارے

وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ج فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

رب کی ذات جو عظمت اور کرامت والی ہے باقی رہے گی تو تم دونوں اپنے مالک کی

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○ يَسْئَلُهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

کون کون نعمتوں سے انکار کرو گے، اور جتنے لوگ سارے آسمان و زمین میں ہیں سب اسی سے مانگتے ہیں وہ ہر وقت

كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِي شَاْنٍ ج ○ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○

مخلوق کے (ایک نہ ایک) کام میں ہے، تو تم دونوں اپنے سرپرست کی کس کس نعمت سے انکار کرو گے

سَنَفْرُغُ لَكُمْ اَيُّهَ الثَّقَلٰنِ ج ○ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

اے دونوں گروہ ہم عنقریب تمہاری طرف متوجہ ہوتے ہیں تو تم دونوں اپنے

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ

پالنے والے کی کس کس نعمت کو نہ مانو گے اے گروہ جن و انس اگر تم میں قدرت ہے کہ آسمان

اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَ

و زمین کے کناروں سے ہو کر کہیں (نکل) کر موت یا عذاب سے بھاگ سکو تو نکل جاؤ

الْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ؕ لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ○

مگر تم بغیر قوت اور غلبہ کے نکل ہی نہیں سکتے (حالانکہ تم میں نہ قدرت ہے نہ غلبہ) تو تم

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○ يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ

اپنے پروردگار کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے (گنہگار جنوں اور آدمیوں جہنم میں) تم دونوں پر آگ کا

مِّنْ نَّارٍ ۙ وَّنُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرٰنِ ○ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

سبز شعلہ اور سیاہ دھواں چھوڑ دیا جائے گا تو تم دونوں (کسی طرح) روک نہ سکو گے پھر تم دونوں

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○ فَاِذَا انْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ

اپنے پروردگار کی کس کس نعمت سے انکار کرو گے پھر جب آسمان پھٹ کر (قیامت میں) تیل کی طرح لال

وَرْدَةً كَالدِّهَانِ ۚ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○

ہو جائے گا تو تم دونوں اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں سے مکرو گے

فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُسْئَلُ عَنْ ذَنْۢبِهٖۤ اِنْسٌ وَّلَا جَآنٌّ ○

تو اس دن نہ تو کسی انسان سے اس کے گناہ کے بارے میں پوچھا جائے گا نہ کسی جن سے

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○ يُعْرَفُ الْمُجْرِمُوْنَ

تو تم دونوں اپنے مالک کی کس کس نعمت کو نہ مانو گے، گنہگار لوگ تو اپنے چہروں ہی سے پہچان

بِسِيْمٰهُمْ فَيُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِيْ وَالْاَقْدَامِ ۚ فَبِاَيِّ

لئے جائیں گے تو پیشانی کے پٹے اور پاؤں پکڑ کے (جہنم میں ڈال دیئے جائیں گے) آخر تم دونوں

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ يُكَذِّبُ

اپنے پروردگار کی کس کس نعمت سے انکار کرو گے (پھر ان سے کہا جائے گا) یہ وہ جہنم ہے جسے گنہگار لوگ

بِهَا الْمُجْرِمُوْنَ ○ يَطُوْفُوْنَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ

جھٹلایا کرتے تھے یہ لوگ دوزخ اور کھولتے ہوئے پانی کے درمیان (بے قرار) دوڑتے

وقف لازم

حَمِيمٍ اٰنٍ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ وَلِمَنْ

چکر لگاتے پھریں گے، تو تم دونوں اپنے پروردگار کی کس کس نعمت کو نہ مانوگے، اور جو شخص اپنے

خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا

پروردگار کے سامنے کھڑے ہونے سے ڈرتا رہا اس کے لئے دو دو باغ ہیں تو تم اپنے پروردگار کی کون کونسی

تُكَذِّبٰنِ ۝ ذَوَاتَاۤ اَفْنَانٍ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا

نعمت سے انکار کروگے، دونوں باغ (درختوں کی) ٹہنیوں ہرے بھرے (میووں) لدے ہونگے پھر تم دونوں اپنے سرکار کی کس کس

تُكَذِّبٰنِ ۝ فِيْهِمَا عَيْنٰنِ تَجْرِيٰنِ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ

نعمت کو جھٹلاؤ گے ان دونوں میں دو چشمے بھی جاری ہونگے تو تم دونوں اپنے پروردگار کی

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ فِيْهِمَا مِنْ كُلِّ فَاكِهَةٍ زَوْجٰنِ ۝

کس کس نعمت سے مکروگے، ان دونوں باغوں میں سب میوے دو دو قسم کے ہوں گے،

فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى فُرُشٍۭ

تو تم دونوں اپنے پروردگار کی کس کس نعمت سے انکار کروگے، یہ لوگ ان فرشوں پر جنکے استر اطلس کے ہوں گے

بَطَاۗىِٕنُهَا مِنْ اِسْتَبْرَقٍ ؕ وَجَنَا الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ ۝

تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے، دونوں باغوں کے میوے اسقدر قریب ہونگے کہ اگر چاہیں (تو توڑ کر کھالیں) تو تم

فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ فِيْهِنَّ قٰصِرٰتُ

دونوں اپنے مالک کی کن کن نعمتوں کو نہ مانوگے، ان میں (ایسی) پاکدامن (غیر کیطرف) آنکھ اٹھا کر نہ دیکھنے والی

الطَّرْفِ ۙ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَاۗنٌّ ۝

عورتیں ہوں گی جن کو ان سے پہلے نہ کسی انسان نے ہاتھ لگایا ہوگا اور نہ جن نے تو تم

فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ كَاَنَّهُنَّ الْيَاقُوْتُ

دونوں اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے، ایسی (حسین) گویا وہ (مجسم) یاقوت

وَالْمَرْجَانُ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ هَلْ

اور مونگے ہیں تو تم اپنے پروردگار کی کن نعمتوں سے مکروگے، بھلا نیکی کا بدلہ

جَزَاۗءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا

نیکی کے سوا کچھ اور بھی ہے، پھر تم دونوں اپنے مالک کی کس کس نعمت کو

تُكَذِّبٰنِ ○ وَمِنْ دُوْنِهِمَا جَنَّتٰنِ ○ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

جھٹلاؤ گے، ان دونوں باغوں کے علاوہ دو باغ اور ہیں، تو تم دونوں اپنے پالنے والے کی کس کس

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○ مُدْهَآمَّتٰنِ ○ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

نعمت سے انکار کرو گے، دونوں نہایت گہرے سبز اور شاداب، تو تم دونوں اپنے سرپرست کی کن کن نعمتوں سے

تُكَذِّبٰنِ ○ فِيْهِمَا عَيْنٰنِ نَضَّاخَتٰنِ ○ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

انکار کرو گے، ان دونوں باغوں میں دو چشمے جوش مارتے ہوں گے، تو تم اپنے پروردگار کی

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○ فِيْهِمَا فَاكِهَةٌ وَّنَخْلٌ وَّرُمَّانٌ ○

کس کس نعمت سے مکرو گے، ان دونوں میں میوے خرمے اور انار ہوں گے، تو تم

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○ فِيْهِنَّ خَيْرٰتٌ

دونوں اپنے مالک کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے، ان باغوں میں خوش خلق اور خوبصورت

حِسَانٌ ○ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○ حُوْرٌ

عورتیں ہوں گی، تو تم دونوں اپنے پروردگار کی کس کس نعمت کو نہ مانو گے، وہ حوریں جو

مَّقْصُوْرٰتٌ فِي الْخِيَامِ ○ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

خیموں میں چھپی بیٹھی ہیں، پھر تم دونوں اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت سے

تُكَذِّبٰنِ ○ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ○

انکار کرو گے، ان سے پہلے ان کو کسی انسان نے چھوا تک نہیں اور نہ جن نے

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى

پھر تم دونوں اپنے مالک کی کن کن نعمتوں سے انکار کرو گے، یہ لوگ سبز قالینوں اور نفیس

رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَّعَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ○ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

حسین مسندوں پر تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے، پھر تم دونوں اپنے

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○ تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِي

پروردگار کی کن کن نعمتوں سے انکار کرو گے (اے رسول ﷺ) تمہارا پروردگار جو صاحب جلال و کرامت

الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ○ ع

ہے اس کا نام بڑا با برکت ہے۔

اسنادِ سورۂ مزمّل

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جو شخص سورۂ مزّمل نمازِ عشا میں یا آخر شب پڑھے، یہ سورہ شب و روز اس کے نیک افعال کا گواہ ہوگا اور یہ سورہ خدا کے نزدیک اس کی گواہی دیگا اور حق تعالیٰ اسکے واسطے موت اور زندگی پاکیزہ بخشے گا، اور حضرت امام محمد باقر علیہ السلام ارشاد فرماتے ہیں کہ اس سورہ کا پڑھنے والا ہرگز محتاج نہ ہوگا اور مصباح العابدین میں وارد ہے کہ جو شخص بہ نیت دفع عسرت بعد عشا گیارہ بار اس سورے کو پڑھے ترقی معیشت حاصل ہو۔

سُوْرَةُ الْمُزَّمِّل

مَكِّيَّةٌ وَهِيَ عِشْرُوْنَ اٰيَةً وَّرُكُوْعَانِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰٓاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۝ قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ نِّصْفَهٗٓ

اے (میرے) چادر لپیٹنے والے (اے رسول) رات کو (نماز کے واسطے) کھڑے ہو کر مگر (پوری رات نہیں) تھوڑی رات کو آدھی

اَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِيْلًا ۝ اَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ

رات یا اس سے بھی کچھ کم کر دو یا اس سے کچھ بڑھا دو، اور قرآن کو باقاعدہ ٹھہر ٹھہر کر پڑھا کرو

تَرْتِيْلًا ۝ اِنَّا سَنُلْقِيْ عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيْلًا ۝ اِنَّ

ہم عنقریب تم پر ایک بھاری حکم نازل کریں گے اس میں شک نہیں کہ رات کا اٹھنا خوب

نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ وَطْاً وَّاَقْوَمُ قِيْلًا ۝ اِنَّ

(نفس کا) پامال کرنے اور بہت ٹھیک ذکر کا وقت ہے۔ دن کو تمہارے اور بہت سے بڑے بڑے

لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيلًا ○ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ

اشغال ہیں، تو تم اپنے پروردگار کے نام کا ذکر کرو اور سب سے ٹوٹ کر اسی کے ہو رہو

وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيلًا ○ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ

(وہی) مشرق اور مغرب کا مالک ہے اس کے سوا کوئی

لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيلًا ○ وَاصْبِرْ عَلٰى مَا

معبود نہیں تو تم اسی کو کارساز بناؤ اور جو کچھ لوگ بکا کرتے ہیں اس پر صبر کرو

يَقُولُونَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيلًا ○ وَذَرْنِي

اور اُن سے بعنوان شائستہ الگ تھلگ رہو ۔ اور مجھے ان جھٹلانے

وَالْمُكَذِّبِينَ أُولِي النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِيلًا ○

والوں سے جو دولت مند ہیں سمجھ لینے دو بیشک ہمارے پاس بیڑیاں بھی

إِنَّ لَدَيْنَا أَنْكَالًا وَجَحِيمًا ○ وَطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ

ہیں اور جلانے والی آگ (بھی) اور گلے میں پھنسنے والا کھانا (بھی)

وَعَذَابًا أَلِيمًا ○ يَوْمَ تَرْجُفُ الْأَرْضُ وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ

اور دکھ دینے والا عذاب (بھی) جس دن زمین اور پہاڑ لرزنے لگیں گے اور پہاڑ ریت کے

الْجِبَالُ كَثِيبًا مَهِيلًا ○ إِنَّا أَرْسَلْنَا إِلَيْكُمْ رَسُولًا

ٹیلے سے بھربھرے ہو جائیں گے، (اے مکہ والو) ہم نے تمہارے پاس (اسی طرح) ایک رسول (محمدؐ)

شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَا أَرْسَلْنَا إِلٰى فِرْعَوْنَ رَسُولًا ○

کو بھیجا جو تمہارے معاملہ میں گواہی دے جس طرح فرعون کے پاس ایک رسول (موسیٰ) کو بھیجا تھا تو فرعون نے

فَعَصٰى فِرْعَوْنُ الرَّسُولَ فَأَخَذْنٰهُ أَخْذًا وَبِيلًا ○

اس رسول کی نافرمانی کی تو ہم نے بھی (اس کی سزا) میں اسکو بہت سخت پکڑا، تو اگر

فَكَيْفَ تَتَّقُونَ إِنْ كَفَرْتُمْ يَوْمًا يَجْعَلُ الْوِلْدَانَ

تم بھی نہ مانو گے تو اس دن (کے عذاب) سے کیونکر بچو گے جو بچوں کو بوڑھا

شِيبًا ○ السَّمَاءُ مُنْفَطِرٌ بِهِ كَانَ وَعْدُهُ

بنا دے گا، جس دن آسمان پھٹ پڑے گا، یہ اس کا وعدہ پورا ہو کر

مفعولا ۝ ان هذه تذكرة فمن شاء اتخذ الى

رہے گا، بے شک یہ نصیحت ہے تو جو شخص چاہے اپنے پروردگار کی راہ اختیار

ربه سبيلا ۝ ان ربك يعلم انك تقوم ادنى

کرلے، (اے رسول) تمہارا پروردگار جانتا ہے کہ تم اور تمہارے چند ساتھ

ع ۱۹ ۱۳

من ثلثى اليل ونصفه وثلثه وطائفة من الذين

کے لوگ (کبھی) دو تہائی رات کے قریب اور کبھی آدھی رات اور کبھی تہائی رات (نماز میں) کھڑے

معك والله يقدر اليل والنهار علم ان لن تحصوه

رہتے ہو اور خدا ہی رات اور دن کا اچھی طرح اندازہ کرسکتا ہے، اسے معلوم ہے کہ تم لوگ اس کو پوری طرح سے

فتاب عليكم فاقرءوا ما تيسر من القرآن علم ان

حاوی نہیں ہوسکتے تو اس نے تم پر مہربانی کی تو جتنا آسانی سے ہوسکے اتنا نماز میں قرآن پڑھ لیا کرو

سيكون منكم مرضى واخرون يضربون فى

وہ جانتا ہے کہ عنقریب تم میں سے بعض بیمار ہوجائیں گے اور بعض خدا کے فضل کی تلاش میں روئے زمین

الارض يبتغون من فضل الله واخرون

پر سفر اختیار کریں گے اور کچھ لوگ خدا کی راہ میں جہاد کریں گے، تو جتنا

يقاتلون فى سبيل الله فاقرءوا ما تيسر منه

تم سے آسانی سے ہوسکے پڑھ لیا کرو اور نماز پابندی سے پڑھو اور

واقيموا الصلوة واتوا الزكوة واقرضوا الله

زکوۃ دیتے رہو اور خدا کو قرض حسنہ دو اور جو نیک عمل

قرضا حسنا وما تقدموا لانفسكم من خير

اپنے واسطے (خدا کے سامنے) پیش کروگے اس کو خدا کے ہاں

تجدوه عند الله هو خيرا واعظم اجرا

بہتر اور بزرگ تر پاؤ گے، اور خدا سے مغفرت کی دعا مانگو

واستغفروا الله ان الله غفور رحيم ۝

بے شک خدا بڑا بخشنے والا مہربان

ع ۱ ۲۰ ۱۴

اسناد سورۂ دھر

تفسیر برہان میں جناب رسول خدا صلعم سے منقول ہے کہ جو شخص اس سورہ کو پڑھے تو اس کی جزا خدا پر جنت و حریر ہو گی اور جو شخص مداومت کرے تو اُس کا ضعیف نفس قوی ہو گا۔ اور جو شخص اس کا پانی پیئے تو اپنے مرض سے شفا پائے گا اور درد دل کو نفع کرے گا اور جسم اس کا صحیح ہو گا۔ امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ اس کا پڑھنا نفس کو قوی کرتا ہے، اگر پڑھنے میں عاجز ہو تو لکھوائے اور دھو کر پیئے اور جو شخص اس کو لڑائی میں پڑھے تو اس کا دشمن مقہور ہو گا اگر دُنبل پر لکھ کر لٹکائے تو زائل ہو گا۔ اور امام علی نقی علیہ السلام نے فرمایا کہ جو شخص روز دوشنبہ کے شر سے محفوظ رہنا چاہے تو وہ صبح کی نماز کی پہلی رکعت میں یہ سورہ پڑھے۔

سُورَۃُ الدَّھْرِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

خدا کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

ھَلْ اَتٰی عَلَی الْاِنْسَانِ حِیْنٌ مِّنَ الدَّھْرِ

بیشک انسان پر ایک ایسا وقت آ چکا ہے - کہ وہ کوئی چیز قابل ذکر نہ تھا

لَمْ یَکُنْ شَیْئًا مَّذْکُوْرًا ○ اِنَّا خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ

ہم نے انسان کو مخلوط نطفے سے پیدا کیا

مِنۡ نُّطۡفَةٍ اَمۡشَاجٍ ۖ نَّبۡتَلِيۡهِ فَجَعَلۡنٰهُ سَمِيۡعًاۢ

تاکہ ہم اسے آزمائیں تو ہم نے اُسے سنتا دیکھتا بنایا اور اس کو رستہ بھی

بَصِيۡرًا ۝ اِنَّا هَدَيۡنٰهُ السَّبِيۡلَ اِمَّا شَاكِرًا

دکھا دیا، اب وہ شکر گزار ہو یا ناشکرا ہم نے کافروں کے لیے

وَّاِمَّا كَفُوۡرًا ۝ اِنَّاۤ اَعۡتَدۡنَا لِلۡكٰفِرِيۡنَ سَلٰسِلَاۡ وَ

زنجیریں، طوق اور دہکتی ہوئی آگ تیار کر رکھی ہے بیشک نیکوکار لوگ شراب کے وہ ساغر

اَغۡلٰلًا وَّسَعِيۡرًا ۝ اِنَّ الۡاَبۡرَارَ يَشۡرَبُوۡنَ مِنۡ

پئیں گے جس میں کافور کی آمیزش ہوگی، یہ ایک چشمہ ہے جس میں خدا کے (خاص) بندے

كَاۡسٍ كَانَ مِزَاجُهَا كَافُوۡرًا ۝ عَيۡنًا يَّشۡرَبُ

پئیں گے اور جہاں چاہیں گے بہا لے جائیں گے، یہ لوگ وہ ہیں جو نذریں پوری کرتے

بِهَا عِبَادُ اللّٰهِ يُفَجِّرُوۡنَهَا تَفۡجِيۡرًا ۝ يُوۡفُوۡنَ

ہیں اور اس دن سے جس کی سختی ہر طرف پھیلی ہوگی ڈرتے ہیں اور اس کی محبت میں محتاج

بِالنَّذۡرِ وَيَخَافُوۡنَ يَوۡمًا كَانَ شَرُّهٗ مُسۡتَطِيۡرًا ۝

اور یتیم اور اسیر کو کھانا کھلاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم تم کو بس خالص خدا کے لیے کھلاتے

وَيُطۡعِمُوۡنَ الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ مِسۡكِيۡنًا وَّيَتِيۡمًا وَّ

ہیں ہم نہ تم سے بدلے کے خواستگار ہیں اور نہ شکر گزاری کے ہم کو تو اپنے

اَسِيۡرًا ۝ اِنَّمَا نُطۡعِمُكُمۡ لِوَجۡهِ اللّٰهِ لَا نُرِيۡدُ مِنۡكُمۡ

پروردگار سے اس دن کا ڈر ہے جس میں منہ بن جائیں گے (اور چہرے پر ہوائیاں اڑتی

جَزَآءً وَّلَا شُكُوۡرًا ۝ اِنَّا نَخَافُ مِنۡ رَّبِّنَا يَوۡمًا

ہوں گی) تو خدا انہیں اس دن کی تکلیف سے بچا لے گا اور انکو تازگی اور خوش دلی عطا فرمائے گا

عَبُوۡسًا قَمۡطَرِيۡرًا ۝ فَوَقٰٮهُمُ اللّٰهُ شَرَّ ذٰلِكَ الۡيَوۡمِ

اور ان کے صبر کے بدلے (بہشت کے) باغ اور ریشم کی پوشاک عطا فرمائے گا، وہاں وہ تختوں پر

وَلَقّٰٮهُمۡ نَضۡرَةً وَّسُرُوۡرًا ۝ وَجَزٰٮهُمۡ بِمَا صَبَرُوۡا

تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے نہ وہاں وہ (آفتاب کی) دھوپ دیکھیں گے نہ شدت کی سردی

جَنَّةً وَّحَرِيْرًا ۝ مُّتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا عَلَى الْاَرَآئِكِ

اور نہ گھنے درختوں کے سائے ان پر جھکے ہوں گے اور میووں کے گچھے ان کے قریب ہر طرح ان کے

لَا يَرَوْنَ فِيْهَا شَمْسًا وَّلَا زَمْهَرِيْرًا ۝ وَدَانِيَةً

اختیار میں اور ان کے سامنے چاندی کے ساغر اور شیشے کے نہایت صاف شفاف گلاس کا دور

عَلَيْهِمْ ظِلٰلُهَا وَذُلِّلَتْ قُطُوْفُهَا تَذْلِيْلًا ۝ وَيُطَافُ

چل رہا ہوگا، اور شیشے بھی (کانچ کے نہیں) چاندی کے جو ٹھیک اندازے کے مطابق بنائے گئے ہیں

عَلَيْهِمْ بِاٰنِيَةٍ مِّنْ فِضَّةٍ وَّاَكْوَابٍ كَانَتْ قَوَارِيْرَا ۝

اور وہاں انھیں ایسی شراب پلائی جائے گی جس میں زنجبیل (کے پانی) کی آمیزش ہوگی۔ یہ بہشت

قَوَارِيْرَا مِنْ فِضَّةٍ قَدَّرُوْهَا تَقْدِيْرًا ۝ وَيُسْقَوْنَ

میں ایک چشمہ ہے۔ جس کا نام سلسبیل ہے اور ان کے سامنے ہمیشہ ایک حالت پر رہنے والے

فِيْهَا كَاْسًا كَانَ مِزَاجُهَا زَنْجَبِيْلًا ۝ عَيْنًا فِيْهَا

نوجوان لڑکے چکر لگاتے ہونگے، کہ جب تم ان کو دیکھو تو سمجھو کہ بکھرے ہوئے موتی ہیں

تُسَمّٰى سَلْسَبِيْلًا ۝ وَيَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ

اور جب تم وہاں نگاہ اٹھاؤ گے تو ہر طرح کی نعمت اور عظیم الشان سلطنت دیکھو گے

مُّخَلَّدُوْنَ ۚ اِذَا رَاَيْتَهُمْ حَسِبْتَهُمْ لُؤْلُؤًا مَّنْثُوْرًا ۝

ان کے اوپر سبز کریب اور اطلس کی پوشاک ہوگی، اور انھیں

وَاِذَا رَاَيْتَ ثَمَّ رَاَيْتَ نَعِيْمًا وَّمُلْكًا كَبِيْرًا ۝

چاندی کے کنگن پہنائے جائیں گے اور ان کا پروردگار انھیں نہایت پاکیزہ

عٰلِيَهُمْ ثِيَابُ سُنْدُسٍ خُضْرٌ وَّاِسْتَبْرَقٌ وَّحُلُّوْٓا

شراب پلائے گا، یہ یقینی تمہارے لیے ہوگا تمہاری (کارگذاریوں) کے صلہ میں اور

اَسَاوِرَ مِنْ فِضَّةٍ ۚ وَسَقٰىهُمْ رَبُّهُمْ شَرَابًا طَهُوْرًا ۝

تمہاری کوشش قابل شکر گذاری ہے۔ اے رسول ہم نے تم پر قرآن کو رفتہ

اِنَّ هٰذَا كَانَ لَكُمْ جَزَآءً وَّكَانَ سَعْيُكُمْ مَّشْكُوْرًا ۝ ع

رفتہ کرکے نازل کیا تو تم اپنے پروردگار کے حکم کے انتظار میں صبر کئے رہو اور ان لوگوں

ع ۲۲ ۱۹

إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْآنَ تَنْزِيلًا ۝ فَاصْبِرْ
ہیں سے گنہگار اور ناشکرے کی پیروی نہ کرنا، صبح شام اپنے پروردگار کا نام لیتے رہو
لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تُطِعْ مِنْهُمْ آثِمًا أَوْ كَفُورًا ۝
اور کچھ رات گئے اس کا سجدہ کرو اور بڑی رات تک اس کی
وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ بُكْرَةً وَأَصِيلًا ۝ وَمِنَ اللَّيْلِ
تسبیح کرتے رہو۔ یہ لوگ یقیناً دنیا کو پسند کرتے ہیں۔ اور
فَاسْجُدْ لَهُ وَسَبِّحْهُ لَيْلًا طَوِيلًا ۝ إِنَّ هَؤُلَاءِ
بڑے بھاری دن کو اپنے پس پشت چھوڑ بیٹھتے ہیں، ہم نے ان کو پیدا
يُحِبُّونَ الْعَاجِلَةَ وَيَذَرُونَ وَرَاءَهُمْ يَوْمًا
کیا اور ان کے اعضا کو مضبوط بنایا اور اگر ہم چاہیں تو ان کے بدلے
ثَقِيلًا ۝ نَحْنُ خَلَقْنَاهُمْ وَشَدَدْنَا أَسْرَهُمْ وَ
ان ہی کے ایسے لوگ لے آئیں۔ بیشک یہ قرآن سراسر نصیحت ہے تو جو
إِذَا شِئْنَا بَدَّلْنَا أَمْثَالَهُمْ تَبْدِيلًا ۝ إِنَّ
شخص چاہتا ہے اپنے پروردگار کی راہ لے اور جب تک خدا کو منظور نہ ہو
هَذِهِ تَذْكِرَةٌ فَمَنْ شَاءَ اتَّخَذَ إِلَى رَبِّهِ
تم لوگ کچھ بھی چاہ نہیں سکتے بے شک خدا
سَبِيلًا ۝ وَمَا تَشَاءُونَ إِلَّا أَنْ يَشَاءَ اللَّهُ إِنَّ
بڑا واقف کار دانا ہے جس کو چاہے اپنی رحمت میں داخل
اللَّهَ كَانَ عَلِيمًا حَكِيمًا ۝ يُدْخِلُ مَنْ
کرے اور ظالموں کے واسطے اس نے
يَشَاءُ فِي رَحْمَتِهِ وَالظَّالِمِينَ أَعَدَّ لَهُمْ
دردناک عذاب
عَذَابًا أَلِيمًا ۝
تیار کر رکھا ہے

ع ۲ ۲۰

اسناد سُورۃ المدّثر

مجمع البیان میں بروایت ابی بن کعب جناب رسولؐ خدا نے فرمایا کہ جو شخص اس سورہ کو پڑھے تو خداوند عالم اُس کو جناب رسالت مآبؐ کی رسالت کی تصدیق کرنے والوں کے مثل دس حسنہ عطا فرمائے گا۔ اور امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ جو شخص فریضہ میں اس کو پڑھے تو خداوند عالم پر اس کا حق ہوگا کہ اس کو جناب رسول خداؐ کے ساتھ آپ کے درجہ میں جگہ دے اور اس سے اس کی زندگی میں کبھی کوئی شقاوت ظاہر نہ ہوگی اور جناب رسول خدا سے منقول ہے کہ جو شخص مداومت کرے تو اجر عظیم حاصل ہو اور بعد ختم سورہ حفظ قرآن کی دُعا کرے تو جب تک یاد نہ کریگا نہ مریگا، اور جو شخص مداومت کرے اور آخر میں جس حاجت کے لئے دُعا کرے گا برآوے گی ❊

سُورۃ المدّثر

سورۂ مدّثر مکہ میں اترا اور اس کی ۵۶ آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان رحم والا ہے۔

يَاأَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۝ قُمْ فَأَنْذِرْ ۝ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ ۝

اے (میرے) کپڑا اوڑھنے والے رسول) اُٹھو اور لوگوں کو عذاب سے ڈراؤ۔ اور اپنے پروردگار کی بڑائی کرو۔

وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ ۝ وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ ۝ وَلَا تَمْنُنْ

کپڑے پاک رکھو اور گندگی سے الگ رہو اور اس طرح احسان نہ کرو کہ زیادہ کے خواستگار ہو اور اپنے پروردگار

تَسْتَكْثِرُ ۝ وَلِرَبِّكَ فَاصْبِرْ ۝ فَإِذَا نُقِرَ فِي

کے لئے صبر کرو، پھر جب صور پھونکا جائے گا تو وہ دن کافروں

النَّاقُورِ ۝ فَذَٰلِكَ يَوْمَئِذٍ يَوْمٌ عَسِيرٌ ۝ عَلَى

پر سخت دن ہوگا آسان نہیں ہوگا، (اے رسولؐ) مجھے اور اس شخص کو

الْكَافِرِينَ غَيْرُ يَسِيرٍ ۝ ذَرْنِي وَمَنْ خَلَقْتُ

چھوڑ دو جسے میں نے اکیلا پیدا کیا اور اسے بہت سا مال دیا

وَحِيدًا ۝ وَجَعَلْتُ لَهُ مَالًا مَمْدُودًا ۝ وَ

اور نظر کے سامنے رہنے والے بیٹے (دیئے) اور

بَنِينَ شُهُودًا ۝ وَمَهَّدْتُ لَهُ تَمْهِيدًا ۝ ثُمَّ

اسے ہر طرح کے سامان میں وسعت دی پھر اس پر بھی وہ طمع

يَطْمَعُ أَنْ أَزِيدَ ۝ كَلَّا إِنَّهُ كَانَ لِآيَاتِنَا

رکھتا ہے کہ میں اور بڑھاؤں یہ ہرگز نہ ہوگا۔ یہ تو میری آیتوں کا

عَنِيدًا ۝ سَأُرْهِقُهُ صَعُودًا ۝ إِنَّهُ فَكَّرَ وَقَدَّرَ

دشمن تھا، تو میں عنقریب اسے سخت عذاب میں مبتلا کردوں گا۔ اس نے فکر کی اور

فَقُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ۝ ثُمَّ قُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ

تجویز کی تو یہ کمبخت مارا جائیگا اس نے کیونکر تجویز کی پھر غور کیا پھر تیوری چڑھائی اور منہ بنا لیا پھر منہ پھیر کر

ثُمَّ نَظَرَ ۝ ثُمَّ عَبَسَ وَبَسَرَ ۝ ثُمَّ أَدْبَرَ وَاسْتَكْبَرَ ۝

چلا گیا اور اکڑ بیٹھا پھر کہنے لگا یہ تو بس جادو ہے جو (اگلوں) سے

فَقَالَ إِنْ هَٰذَا إِلَّا سِحْرٌ يُؤْثَرُ ۝ إِنْ هَٰذَا إِلَّا

چلا آتا ہے یہ تو بس آدمی کا کلام ہے (خدا کا نہیں) میں اسے عنقریب جہنم

قَوْلُ الْبَشَرِ ۝ سَأُصْلِيهِ سَقَرَ ۝ وَمَا أَدْرَاكَ

میں جھونک دوں گا اور تم کیا جانو کہ جہنم کیا ہے وہ نہ باقی رکھے گی نہ چھوڑ دے گی

مَا سَقَرُ ۝ لَا تُبْقِي وَلَا تَذَرُ ۝ لَوَّاحَةٌ لِلْبَشَرِ ۝

اور بدن کو جلا کر سیاہ کر دے گی اس پر انیس (فرشتے معین) ہیں

عَلَيْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ ۝ وَمَا جَعَلْنَآ اَصْحٰبَ النَّارِ اِلَّا

اور ہم نے جہنم کا نگہبان تو بس فرشتوں کو بنایا ہے اور ان کا یہ شمار بھی

مَلٰٓئِكَةً ۙ وَّمَا جَعَلْنَا عِدَّتَهُمْ اِلَّا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ

کافروں کی آزمائش کے لئے مقرر کیا تاکہ اہل کتاب (فوراً) یقین

كَفَرُوْا ۙ لِيَسْتَيْقِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ وَيَزْدَادَ

کر لیں اور مومنوں کا ایمان اور زیادہ ہو اور اہل کتاب

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِيْمَانًا وَّلَا يَرْتَابَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ

اور مومنین (کسی طرح) شک نہ کریں اور جن لوگوں کے دل میں

وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۙ وَلِيَقُوْلَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ

(نفاق کا) مرض (ہو) اور کافر لوگ کہہ بیٹھیں کہ اس مثل

وَّالْكٰفِرُوْنَ مَاذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا مَثَلًا ۭ كَذٰلِكَ

(کے بیان کرنے) سے خدا کا کیا مطلب ہے، یوں خدا جسے چاہتا ہے

يُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَمَا يَعْلَمُ

گمراہی میں چھوڑ دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت کرتا ہے اور تمھارے

جُنُوْدَ رَبِّكَ اِلَّا هُوَ ۭ وَمَا هِيَ اِلَّا ذِكْرٰى لِلْبَشَرِ ۝ؑ

پروردگار کے لشکروں کو اس کے سوا کوئی نہیں جانتا، اور یہ تو آدمیوں

كَلَّا وَالْقَمَرِ ۙ وَالَّيْلِ اِذْ اَدْبَرَ ۝ وَالصُّبْحِ اِذَآ

کے لئے بس نصیحت ہے سن رکھو (ہمیں چاند کی قسم اور رات کی جب جانے لگے اور

اَسْفَرَ ۝ اِنَّهَا لَاِحْدَى الْكُبَرِ ۝ نَذِيْرًا لِّلْبَشَرِ ۝

صبح کی جب روشن ہو جائے کہ وہ جہنم بھی ایک بہت بڑی (آفت) ہے (اور) لوگوں

لِمَنْ شَآءَ مِنْكُمْ اَنْ يَّتَقَدَّمَ اَوْ يَتَاَخَّرَ ۝ كُلُّ نَفْسٍ

کو ڈرانے والی ہے (سب کے لئے نہیں بلکہ) تم میں سے جو شخص (نیکی کی طرف) آگے بڑھنا اور

بِمَا كَسَبَتْ رَهِيْنَةٌ ۝ اِلَّآ اَصْحٰبَ الْيَمِيْنِ ۝ فِيْ

برائی سے پیچھے ہٹنا چاہے، ہر شخص اپنے اعمال کے بدلے گرو ہی گرو رکھا ہے (دایاں نامہ عمل لینے)

ع ۳ ۱ ۱۵

جَنّٰتٍ يَتَسَآءَلُوْنَ ○ عَنِ الْمُجْرِمِيْنَ ○ مَا سَلَكَكُمْ

والے بہشت کے باغوں میں گنہگاروں سے باہم پوچھ رہے ہوں گے کہ آخر تمہیں دوزخ

فِيْ سَقَرَ ○ قَالُوْا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّيْنَ ○ وَلَمْ نَكُ

میں کونسی چیز (گھسیٹ) لائی، وہ لوگ کہیں گے کہ ہم نہ تو نماز پڑھا کرتے تھے اور نہ محتاجوں کو

نُطْعِمُ الْمِسْكِيْنَ ○ وَكُنَّا نَخُوْضُ مَعَ الْخَآئِضِيْنَ ○

کھانا کھلاتے تھے اور اہل باطل کے ساتھ ہم بھی برے کام میں گھس پڑتے تھے)

وَكُنَّا نُكَذِّبُ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ○ حَتّٰٓى اَتٰىنَا الْيَقِيْنُ ○

اور روزِ جزا کو جھٹلایا کرتے تھے (اور یوں ہی رہے)، یہاں تک کہ ہمیں موت آگئی تو

فَمَا تَنْفَعُهُمْ شَفَاعَةُ الشّٰفِعِيْنَ ○ فَمَا لَهُمْ عَنِ

اس وقت) انھیں سفارش کرنیوالوں کی سفارش کچھ کام نہ آئے گی، اور انھیں کیا ہو گیا ہے۔

التَّذْكِرَةِ مُعْرِضِيْنَ ○ كَاَنَّهُمْ حُمُرٌ مُّسْتَنْفِرَةٌ ○

کہ نصیحت سے منہ موڑے ہوئے ہیں گویا وہ وحشی گدھے ہیں کہ شیر سے (دُم دبا کر)

فَرَّتْ مِنْ قَسْوَرَةٍ ○ بَلْ يُرِيْدُ كُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ

بھاگتے ہیں۔ اصل یہ ہے کہ ان میں سے ہر شخص اس کا متمنی ہے کہ اسے کھلی ہوئی

اَنْ يُّؤْتٰى صُحُفًا مُّنَشَّرَةً ○ كَلَّا ط بَلْ لَّا يَخَافُوْنَ

آسمانی کتابیں عطا کیجائیں، یہ تو ہرگز نہ ہوگا بلکہ یہ تو آخرت ہی سے

الْاٰخِرَةَ ○ كَلَّآ اِنَّهٗ تَذْكِرَةٌ ○ فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ط

نہیں ڈرتے ہاں ہاں بیشک یہ (قرآن سراسر) نصیحت ہے تو جو چاہے اسے یاد رکھے

وَمَا يَذْكُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ط هُوَ اَهْلُ

اور خدا کی مشیت بغیر تو یہ لوگ یاد رکھنے والے نہیں وہی (بندوں کے)

التَّقْوٰى وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ ○ ع

ڈرانے کے قابل اور بخشش کا مالک ہے۔

مع ۶

ع ۲ ۲۵ ۱۹

اسناد آیۃ الکرسی

مصباح کفعمی میں جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے منقول ہے کہ جو شخص اِن آیات کو پڑھے خداوند عالم اس کے قلب میں حکمت و ایمان و خلوص و توکّل و سکینہ و وقار کو داخل کرے گا اور جو اس کو آب زمزم یا آب باراں سے لکھ کر پئے اس کے جِسم سے ہر بیماری خارج ہو گی اور وسوسۂ شیاطین اور نسیان اِس سے دُور ہو گا اور جو شخص اِس کو تعویذ بنا کر پہنے تو جانوران وحشی اور حشرات الارض سے اور ہر سحر اور بیماری جِسم سے محفوظ رہے گا اور خدا محبّت اس کی لوگوں کے دلوں میں ڈال دے گا۔ اور جو شخص اِس کو پڑھے خدا اُس پر کبھی عذاب نہ کرے گا اور بنظرِ رحمت سے اُس کو دیکھے گا اور اس پر تونگری کے دروازے کھول دے گا۔ لِکھ کر گلے میں لٹکائے تو درد و صرع و فقر دُور ہوں گے

آیۃ الکرسی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

میں اس خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان رحم والا ہے

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ

وہ (ذات پاک) ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں (وہ زندہ ہے (اور) سارے جہان کا سنبھالنے والا ہے

وَّلَا نَوْمٌؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ

اس کو نہ اونگھ آتی ہے نہ نیند جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے (غرض) سب کچھ اسی کا ہے

مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِہٖ ؕ یَعْلَمُ

کون ایسا ہے جو بدون اس کی اجازت کے اس کے پاس (کسی کی) سفارش کرسکے

مَا بَیْنَ اَیْدِیْہِمْ وَمَا خَلْفَہُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ

جو کچھ ان کے سامنے ہو چکا ہے (وہ) اور جو کچھ ان کے پیچھے (ہو چکا) ہے (خدا سب کو) جانتا ہے اور

مِّنْ عِلْمِہٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ

وہ لوگ اس کے علم میں سے کسی چیز پر بھی احاطہ نہیں کرسکتے مگر وہ (جیسے) جتنا چاہے (سکھا دے) اس کی کرسی

وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَـُٔوْدُہٗ حِفْظُہُمَا ۚ وَہُوَ الْعَلِیُّ

سب آسمانوں اور زمینوں کو گھیرے ہوئے ہے اور ان دونوں (آسمانوں زمین) کی نگہداشت اسے (کچھ بھی) گراں نہیں

الْعَظِیْمُ ۝ لَآ اِکْرَاہَ فِی الدِّیْنِ ۙ قَدْ تَّبَیَّنَ

(اور وہ بڑا) عالیشان بزرگ (مرتبہ) ہے، دین میں کسی طرح کی زبردستی نہیں کیونکہ ہدایت گمراہی سے (الگ)

الرُّشْدُ مِنَ الْغَیِّ ۚ فَمَنْ یَّکْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ

ظاہر ہو چکی تو جس شخص نے جھوٹے خداؤں (بتوں) سے انکار کیا اور خدا ہی پر ایمان لایا تو اس نے

وَیُؤْمِنْ بِاللّٰہِ فَقَدِ اسْتَمْسَکَ بِالْعُرْوَۃِ الْوُثْقٰی ۚ

وہ مضبوط رسی پکڑ لی جو ٹوٹ ہی نہیں سکتی اور خدا

لَا انْفِصَامَ لَہَا ؕ وَاللّٰہُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ۝ اَللّٰہُ وَلِیُّ

(سب کچھ) سنتا (اور) جانتا ہے خدا ان لوگوں کا سرپرست ہے جو ایمان لا چکے

الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یُخْرِجُہُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوْرِ ؕ

کہ انھیں (گمراہی کی) تاریکیوں سے نکال کر (ہدایت کی) روشنی میں لاتا ہے اور جن لوگوں نے

وَالَّذِیْنَ کَفَرُوْٓا اَوْلِیٰٓـؤُہُمُ الطَّاغُوْتُ یُخْرِجُوْنَہُمْ

کفر اختیار کیا ان کے سرپرست شیطان ہیں کہ ان کو (ایمان کی) روشنی سے نکال کر (کفر کی)

مِّنَ النُّوْرِ اِلَی الظُّلُمٰتِ ؕ اُولٰٓئِکَ اَصْحٰبُ

تاریکیوں میں ڈال دیتے ہیں یہی لوگ تو جہنمی ہیں اور یہی اس میں

النَّارِ ۚ ہُمْ فِیْہَا خٰلِدُوْنَ ۝

ہمیشہ رہیں گے

اسناد حدیث کساء

اس حدیث کی شہرت و مقبولیت ظاہر ہے، اسکے مستند ہونے میں کسی کو کلام نہیں آیۂ وافی ہدایہ انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت و یطھرکم تطھیرا اہلبیت عصمت و طہارت کی شان و الا شان میں بکرات و مرات نازل ہوا ہے، جناب شیخ فخر الدین احمد بن علی بن احمد بن طریح نجفی اعلیٰ اللہ مقامہ کتاب المنتخب فی المراثی والخطب مشہور بہ بیاض فخری اور دیگر علماء و مفسرین نے احادیث و روایات کثیرہ و متواترہ سے نقل فرمایا ہے کہ آیۂ تطہیر خمسۂ نجباء جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اور علی مرتضیٰ اور جناب فاطمہ زہرا، اور حسن و حسین سید الشہداء خامس اصحاب کساء صلوات اللہ وسلامہ علیہم اجمعین کی شان میں نازل ہوا ہے، اس آیت کی شان نزول میں یہی حدیث کساء بیان کی جاتی ہے جس کے فضائل و مناقب اور اہلبیت علیہم السلام کی شان و عظمت اس کے ملاحظہ سے ظاہر ہو گی مومنین کی خدمت میں گزارش ہے کہ اس حدیث شریف کو نہایت خلوص کے ساتھ تین مرتبہ محمدؐ و آل محمدؐ پر درود بھیجنے کے بعد شروع کریں اور بعد ختم پھر تین مرتبہ صلوٰۃ پڑھیں اور درمیان میں اگر چند قطرۂ اشک نکل آئیں تو پھر جو دعا کرینگے انشاء اللہ مجیب الدعوات بہ طفیل اصحاب کساء قبول فرمائے گا، کم سے کم روزانہ ایک مرتبہ یا ہفتہ میں ایک دفعہ علی الخصوص شب جمعہ یا روز جمعہ اس کی تلاوت کا سلسلہ قائم رکھیں مختصر یہ کہ اس حدیث شریف کساء کی تلاوت سے جو فوائد اہل دنیا کو پہونچے ہیں وہ بیشمار ہیں۔

اگر پابندی وقت کے ساتھ اس کی تلاوت کا سلسلہ قائم رکھیں، انشاء اللہ برکت سے اس کی تمام حاجات مشروعہ دینی و دنیاوی بر آئیں گی،" آمین ثم آمین،

حدیث کساء

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

خدا کے نام سے شروع کرتا ہوں جو نہایت مہربان بڑا رحم والا ہے۔

رُوِيَ عَنْ فَاطِمَةَ الزَّهْرَاءِ سَلَامُ اللّٰهِ عَلَيْهَا

روایت کی گئی ہے حضرت فاطمہ زہرا علیہا السلام سے کہ فرمایا ان معصومہ نے تشریف

اَنَّهَا قَالَتْ دَخَلَ عَلَيَّ اَبِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

لائے میرے یہاں پدر بزرگوار میرے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ

عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ فِيْ بَعْضِ الْاَيَّامِ فَقَالَ لِيْ يَا فَاطِمَةُ

بعض دنوں میں اور مجھ سے فرمایا اے فاطمہ میں اپنے

اِنِّيْ لَاَجِدُ فِيْ بَدَنِيْ ضُعْفًا فَقُلْتُ لَهٗ اُعِيْذُكَ

جسم میں ضعف پاتا ہوں حضرت فاطمہ نے آں حضرت سے عرض

بِاللّٰهِ يَا اَبَتِ مِنَ الضُّعْفِ فَقَالَ يَا فَاطِمَةُ اِيْتِيْنِيْ

کیا میں خدا کی پناہ میں آپ کو دیتی ہوں اے بابا ضعف سے آنحضرت نے فرمایا

بِالْكِسَاءِ الْيَمَانِيْ وَغَطِّيْنِيْ بِهٖ قَالَتْ فَاطِمَةُ

اے فاطمہ میرے لئے چادر یمانی لاؤ اور مجھے اڑھاؤ فرمایا حضرت

سَلَامُ اللّٰهِ عَلَيْهَا فَاَتَيْتُهٗ بِالْكِسَاءِ وَغَطَّيْتُهٗ

فاطمہ علیہا السلام نے کہ میں چادر لائی اور میں نے آں حضرت کو

بِهٖ وَصِرْتُ اَنْظُرُ اِلَيْهِ وَاِذَا وَجْهُهٗ يَتَلَأْلَأُ نُوْرًا

اُڑھادی اور میں اُن جناب کو دیکھ رہی تھی کہ یکایک چہرہ

كَاَنَّهُ الْبَدْرُ فِيْ لَيْلَةِ تَمَامِهٖ وَكَمَالِهٖ قَالَتْ

حضرت کا نورانی اور روشن ہو کر چمکنے لگا مثل چودھویں رات کے چاند کے

فَاطِمَةُ سَلَامُ اللّٰهِ عَلَيْهَا فَمَا كَانَتْ اِلَّا سَاعَةً

فرمایا حضرت فاطمہ علیہا السلام نے پھر ایک ساعت گذری تھی کہ

وَاِذَا بِوَلَدِیَ الْحَسَنِ قَدْ اَقْبَلَ وَقَالَ السَّلَامُ

میرا فرزند حسن آیا اور کہا میرا سلام ہو آپ پر اے مادر گرامی پس کہا

عَلَیْکِ یَا اُمَّاهُ فَقُلْتُ وَعَلَیْکَ السَّلَامُ یَا قُرَّةَ

میں نے اور تم پر بھی میرا سلام ہو اے خنکی چشم

عَیْنِیْ وَثَمَرَةَ فُؤَادِیْ فَقَالَ لِیْ یَا اُمَّاهُ اِنِّیْ

اور میوہ دل میرے پس حسنؑ نے مجھ سے کہا اے اماں جان میں

اَشَمُّ عِنْدَکِ رَائِحَةً طَیِّبَةً کَاَنَّهَا رَائِحَةُ جَدِّیْ

سونگھ رہا ہوں آپ کے پاس ایسی خوشبو کہ گویا وہ خوشبو میرے نانا

رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ فَقُلْتُ نَعَمْ

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہے فرمایا حضرت فاطمہؑ نے

اِنَّ جَدَّکَ نَائِمٌ تَحْتَ الْکِسَاءِ فَاَقْبَلَ الْحَسَنُ

کہ ہاں تحقیق کہ تمہارے نانا آرام کر رہے ہیں زیر چادر پس حسنؑ

نَحْوَ الْکِسَاءِ وَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا جَدَّاهُ

چادر کی طرف متوجہ ہوئے اور عرض کیا سلام ہو آپ پر اے نانا جان

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَتَاْذَنُ لِیْ اَنْ

میرے اور سلام ہو آپ پر اے رسول خدا کیا آپ مجھے اجازت دیتے

اَدْخُلَ مَعَکَ تَحْتَ هٰذَا الْکِسَاءِ فَقَالَ لَهٗ

ہیں کہ میں داخل ہوں آپ کے پاس اس چادر میں پس حضرت رسول خدا نے

نَعَمْ قَدْ اَذِنْتُ لَکَ فَدَخَلَ الْحَسَنُ عَلَیْهِ

فرمایا حسنؑ سے میں تم کو اجازت دیتا ہوں پس امام حسنؑ

اَلسَّلَامُ مَعَهٗ تَحْتَ الْکِسَاءِ قَالَتْ فَاطِمَةُ

آنحضرت کے پاس زیر چادر داخل ہوئے فرمایا حضرت فاطمہ علیہا السلام نے

سَلَامُ اللّٰهِ عَلَیْهَا فَمَا کَانَتْ اِلَّا سَاعَةً وَاِذَا

ایک ساعت گذری تھی کہ میرا فرزند حسینؑ آیا اور عرض کیا

بِوَلَدِیَ الْحُسَیْنِ قَدْ اَقْبَلَ وَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَیْكِ

حسینؑ نے سلام ہو آپ پر اے مادر گرامی پس میں نے

یَا اُمَّاهُ فَقُلْتُ وَعَلَیْكَ السَّلَامُ یَا قُرَّةَ عَیْنِیْ

جواب دیا کہ تم پر سلام ہو اے خنکی چشم اور میوۂ دل

وَثَمَرَةَ فُؤَادِیْ فَقَالَ یَا اُمَّاهُ اِنِّیْ اَشَمُّ عِنْدَكِ

میرے پس عرض کیا امام حسینؑ نے اے اماں جان میں آپ کے

رَائِحَةً طَیِّبَةً كَاَنَّهَا رَائِحَةُ جَدِّیْ رَسُوْلِ اللّٰهِ

پاس ایسی خوشبو سونگھ رہا ہوں کہ گویا وہ خوشبو میرے نانا جناب رسول خدا

صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ فَقُلْتُ نَعَمْ اِنَّ جَدَّكَ

صلے اللہ علیہ و آلہ کی ہے پس میں نے جواب دیا ہاں اے فرزند تمھارے نانا

وَاَخَاكَ نَائِمَانِ تَحْتَ هٰذَا الْكِسَاءِ فَدَنٰی

اور بھائی دونوں آرام کر رہے ہیں زیر چادر پس امام حسین علیہ السلام

الْحُسَیْنُ عَلَیْهِ السَّلَامُ نَحْوَ الْكِسَاءِ وَقَالَ اَلسَّلَامُ

قریب چادر گئے اور عرض کیا حسینؑ نے سلام

عَلَیْكَ یَا جَدَّاهُ اَلسَّلَامُ یَا مَنِ اخْتَارَهُ اللّٰهُ

ہو آپ پر اے نانا جان سلام ہو آپ پر اے وہ بزرگوار جس کو خدا نے

اَتَاْذَنُ لِیْ اَنْ اَكُوْنَ مَعَكُمَا تَحْتَ هٰذَا الْكِسَاءِ

منتخب کیا ہے کیا آپ مجھے اجازت دیتے ہیں کہ میں آپ

فَقَالَ لَهٗ نَعَمْ قَدْ اَذِنْتُ لَكَ یَا حُسَیْنُ فَدَخَلَ

دونوں بزرگواروں کے پاس زیر چادر داخل ہوں فرمایا رسول اللہ

مَعَهُمَا الْحُسَیْنُ تَحْتَ هٰذَا الْكِسَاءِ قَالَتْ

نے امام حسینؑ سے ہاں میں تم کو اجازت دیتا ہوں پس امام حسینؑ دونوں بزرگواروں

فَاطِمَةُ عَلَیْهَا السَّلَامُ فَمَا كَانَتْ اِلَّا سَاعَةً

کے پاس زیر چادر داخل ہوئے فرمایا جناب فاطمہؑ نے پس تھوڑی دیر گذری تھی کہ

وَ اِذا بِاَبِی الحَسَنِ عَلِیٍّ عَلَیْہِ السَّلَامُ قَدْ اَقْبَلَ

حضرت ابو الحسن علی ابن ابی طالب علیہ السلام تشریف لائے اور

فَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ یَا بِنْتَ رَسُوْلِ اللّٰہِ

فرمایا سلام ہو تم پر اے بیٹی رسول خدا کی حضرت فاطمہ

فَقُلْتُ وَ عَلَیْکَ السَّلَامُ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ

نے کہا آپ پر بھی سلام ہو یا امیر المومنین ؑ فرمایا

فَقَالَ یَا فَاطِمَۃُ اِنِّیْٓ اَشُمُّ عِنْدَکِ رَائِحَۃً

امیر المومنین ؑ نے اے فاطمہ ؑ میں سونگھ رہا ہوں آپکے پاس ایسی خوشبو گویا

طَیِّبَۃً کَاَنَّہَا رَائِحَۃُ اَخِیْ وَ ابْنِ عَمِّیْ رَسُوْلِ

وہ خوشبو میرے بھائی اور ابن عم جناب رسول خدا ؐ کی ہے

اللّٰہِ فَقُلْتُ نَعَمْ ہُوَ مَعَ وَلَدَیْکَ نَآئِمٌ تَحْتَ

میں نے کہا آپ آگاہ ہوں وہ جناب مع آپ کے دونوں فرزندوں کے

ہٰذَا الْکِسَآءِ فَاَقْبَلَ عَلِیٌّ عَلَیْہِ السَّلَامُ نَحْوَ

آرام کر رہے ہیں چادر کے نیچے پس علی ابن ابی طالب علیہ السلام متوجہ ہوئے

الْکِسَآءِ وَ قَالَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ

چادر کی طرف اور عرض کیا سلام ہو آپ پر اے رسول خدا سلام ہو آپ پر اے

عَلَیْکَ یَا مَنِ اخْتَارَہُ اللّٰہُ اَتَاْذَنُ لِیْ اَنْ اَدْخُلَ

منتخب کردہ جناب باری عز اسمہ کیا آپ مجھے اجازت دیتے ہیں

مَعَکُمْ تَحْتَ ہٰذَا الْکِسَآءِ قَالَ نَعَمْ قَدْ اَذِنْتُ

کہ میں بھی آپ کے پاس زیر چادر حاضر ہوں، فرمایا رسول خدا نے ہاں میں نے

لَکَ فَدَخَلَ عَلِیٌّ مَعَہُمْ تَحْتَ الْکِسَآءِ قَالَتْ

اجازت دی پس علی بن ابی طالب علیہ السلام ان کے پاس چادر میں

فَاطِمَۃُ سَلَامُ اللّٰہِ عَلَیْہَا ثُمَّ اَقْبَلْتُ نَحْوَ الْکِسَآءِ وَ قُلْتُ

داخل ہوئے فرمایا حضرت فاطمہ علیہ السلام نے کہ بعد اس کے میں خود اس چادر

اَقْبَلْتُ نَحْوَ الْكِسَاءِ وَقُلْتُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا

میں خود اس چادر کی طرف متوجہ ہوئی اور عرض کیا میں نے سلام ہو آپ پر

اَبَتَاهُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَتَاْذَنُ لِيْ

اے بابا جان سلام ہو آپ پر اے رسول خدا کیا آپ مجھے بھی اجازت

اَنْ اَدْخُلَ مَعَكُمْ تَحْتَ هٰذَا الْكِسَاءِ قَالَ نَعَمْ

دیتے ہیں کہ میں آپ کے ساتھ چادر میں داخل ہوں فرمایا رسول خدا

قَدْ اَذِنْتُ لَكِ فَدَخَلْتُ مَعَهُمْ تَحْتَ الْكِسَاءِ

نے ہاں میں اجازت دیتا ہوں تم کو حضرت فاطمہؑ کہتی ہیں کہ میں آں حضرت کے

قَالَتْ فَاطِمَةُ فَلَمَّا اكْتَمَلْنَا جَمِيْعًا تَحْتَ

پاس زیر چادر داخل ہوئی حضرت فاطمہؑ فرماتی ہیں جب ہم سب اہلبیت جمع ہوگئے زیر چادر

الْكِسَاءِ قَالَ اللّٰهُ اِعْلَمُوْا يَا مَلٰٓئِكَتِيْ وَ

تو فرمایا خدائے عزّوجل نے آگاہ ہو اے ملائکہ میرے اور رہنے والے میرے

سُكَّانَ سَمٰوٰتِيْ وَعِزَّتِيْ وَجَلَالِيْ اِنِّيْ مَا

آسمانوں کے قسم ہے مجھے اپنے عزت و جلال کی کہ نہیں پیدا کیا میں نے

خَلَقْتُ سَمَآءً مَبْنِيَّةً وَّلَا اَرْضًا مَّدْحِيَّةً

آسمان کو جو بنایا گیا اور نہ زمین کو جو بچھائی گئی ہے اور نہ ماہ تاب

وَّلَا قَمَرًا مُّنِيْرًا وَّلَا شَمْسًا مُّضِيْئَةً وَّلَا فَلَكًا

نورانی کو اور نہ آفتاب روشن کو اور نہ فلک کو جو دورہ کرتا

يَّدُوْرُ وَلَا بَحْرًا يَّجْرِيْ وَلَا فُلْكًا يَّسْرِيْ

ہے اور نہ دریائے جاری کو اور نہ کشتی کو جو دریا میں چلتی ہے مگر

اِلَّا فِيْ مَحَبَّةِ هٰٓؤُلَآءِ الْخَمْسَةِ الَّذِيْنَ هُمْ

محبت میں ان پانچوں بزرگوں کی جو زیر چادر ہیں

تَحْتَ الْكِسَاءِ فَقَالَ جِبْرَئِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ

پس عرض کیا جبرئیل امین علیہ السلام نے

يَا رَبِّ وَمَنْ تَحْتَ الْكِسَاءِ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى هُمْ

اے پروردگار وہ کون بزرگوار زیر چادر ہیں فرمایا خدائے تعالیٰ نے

اَهْلُ بَيْتِ النُّبُوَّةِ وَمَعْدِنُ الرِّسَالَةِ وَهُمْ

وہ اہلبیت نبوت اور معدن رسالت ہیں اور وہ

فَاطِمَةُ وَاَبُوْهَا وَبَعْلُهَا وَبَنُوْهَا فَقَالَ

فاطمہ زہراؑ اور اُن کے پدر بزرگوار اور ان کے شوہر اور دونوں فرزند ہیں فرمایا

جَبْرَئِيْلُ يَا رَبِّ اَتَاْذَنُ لِيْ اَنْ اَهْبِطَ اِلَى

جبرئیل نے اے پروردگار مجھے اجازت دے کہ میں زمین پر جا کر ان

الْاَرْضِ لِاَكُوْنَ مَعَهُمْ سَادِسًا فَقَالَ اللّٰهُ

حضرات کے ساتھ چھٹا شخص زیر چادر ہو جاؤں فرمایا خدائے تعالےٰ

تَعَالٰى نَعَمْ قَدْ اَذِنْتُ لَكَ فَهَبَطَ الْاَمِيْنُ

نے تم کو اجازت دی پس نازل ہوئے جبرئیل امین علیہ السلام

جَبْرَئِيْلُ وَاَقْبَلَ نَحْوَ الْكِسَاءِ وَقَالَ اَلسَّلَامُ

اور اس چادر کی طرف متوجہ ہوئے اور عرض کیا سلام ہو آپ پر

عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنِ

اے رسولؐ خدا کے اور سلام ہو آپ پر اے بنگاہ قدرت

اخْتَارَهُ اللّٰهُ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يُقْرِئُكَ

کے انتخاب کئے ہوئے بالتحقیق کہ خدائے غالب وجلیل

السَّلَامَ وَيَخُصُّكَ بِالتَّحِيَّةِ وَالْاِكْرَامِ وَيَقُوْلُ

آپ کو سلام ارشاد کرتا ہے اور خاص فرماتا ہے آپکو تحیہ واکرام کے

لَكَ وَعِزَّتِيْ وَجَلَالِيْ اِنِّيْ مَا خَلَقْتُ سَمَاءً

ساتھ اور آپ سے فرماتا ہے کہ مجھے قسم ہے اپنے عزت وجلال کی میں نے

مَبْنِيَّةً وَّلَا اَرْضًا مَّدْحِيَّةً وَّلَا قَمَرًا

نہیں پیدا کیا۔ آسمانوں کو جو بنایا گیا ہے اور نہ زمین کو جو بچھائی گئی ہے

مُنِيْرًا وَّلَا شَمْسًا مُّضِيْئَةً وَّلَا فَلَكًا يَّدُوْرُ

اور نہ ماہتاب نورانی کو اور نہ آفتاب روشن کو اور نہ فلک کو جو دورہ

وَلَا بَحْرًا يَّجْرِيْ وَلَا فُلْكًا يَّسْرِيْ اِلَّا لِاَجْلِكُمْ

کرتا ہے اور نہ دریائے جاری کو اور نہ کشتی کو جو دریا میں چلتی ہے مگر

وَمَحَبَّتِكُمْ وَقَدْ اَذِنَ لِيْ اَنْ اَدْخُلَ مَعَكُمْ

آپ حضرات کے سبب سے اور محبت کے باعث سے اور مجھ کو اجازت دی ہے

تَحْتَ هٰذَا الْكِسَاءِ فَهَلْ تَاْذَنُ لِيْ اَنْتَ يَا

خدا نے کہ میں آپ کے پاس زیر چادر داخل ہوں۔ پس کیا آپ مجھ کو اجازت دیتے ہیں اے

رَسُوْلَ اللّٰهِ اَنْ اَدْخُلَ مَعَكُمْ فَقَالَ قَدْ اَذِنْتُ

رسول خدا کہ میں داخل ہوں آپ کے پاس زیر چادر فرمایا رسول خدا نے میں تمکو اجازت

لَكَ فَدَخَلَ جَبْرَئِيْلُ مَعَهُمْ تَحْتَ الْكِسَاءِ وَ

دیتا ہوں اے جبرائیل پس جبرائیل زیر چادر داخل ہوئے اور عرض کیا ان بزرگواروں

قَالَ لَهُمْ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ قَدْ اَوْحٰى اِلَيْكُمْ

سے کہ خدائے عزوجل نے وحی فرمائی آپ حضرات کی طرف فرماتا ہے

يَقُوْلُ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ

سوائے اس کے نہیں کہ خدا چاہتا ہے کہ دور رکھے آپ حضرات اہلبیت

اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا فَقَالَ عَلِيٌّ

سے نجاست کو اور آپ کو پاکیزہ رکھے پس عرض کی حضرت علی ابن ابی طالب نے

عَلَيْهِ السَّلَامُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَخْبِرْنِيْ مَا لِجُلُوْسِنَا

اے رسول خدا بیان فرمایئے مجھ سے اس امر کو جو ہم سب کے بیٹھنے سے

هٰذَا تَحْتَ الْكِسَاءِ مِنَ الْفَضْلِ عِنْدَ اللّٰهِ تَعَالٰى

اس چادر میں خدائے تعالیٰ کے نزدیک فضیلت حاصل ہے پس فرمایا رسول خدا

فَقَالَ النَّبِيُّ وَالَّذِيْ بَعَثَنِيْ بِالْحَقِّ نَبِيًّا

نے قسم ہے اس خدا کی جس نے مجھے مبعوث کیا نبی حق اور برگزیدہ کیا

وَاصْطَفَانِیْ بِالرِّسَالَۃِ نَجِیًّا مَا ذُکِرَ خَبَرُنَا هٰذَا

مجھ کو رسالت کے ساتھ ہمراز نہ ذکر کی جائے گی یہ حدیث ہماری کسی محفل میں محفلوں

فِیْ مَحْفِلٍ مِّنْ مَّحَافِلِ اَهْلِ الْاَرْضِ وَفِیْهِ جَمْعٌ

سے اہل زمین کی در آنحالیکہ اس محفل میں ایک جماعت جمع ہو شیعوں سے ہمارے اور دوستوں

مِّنْ شِیْعَتِنَا وَمُحِبِّیْنَا اِلَّا وَنَزَلَتْ عَلَیْهِمُ الرَّحْمَۃُ

سے ہمارے یہ کہ ان پر نازل ہو گی رحمت خدا کی اور ملائکہ ان کو گھیر لیں گے

وَحَفَّتْ بِهِمُ الْمَلٰٓئِكَۃُ وَاسْتَغْفَرَتْ لَهُمْ اِلٰی

اور ان کے لئے طلب مغفرت کریں گے یہاں تک کہ وہ سب متفرق ہو جائیں یہ

اور یکساں ہے اے وہ خدا جو حکم کرتا ہے بلا ستم کے اے پروردگار ہے

وَزِیْرٍ یَا مَنْ ھُوَ عَزِیْزٌ بِلَا ذُلٍّ یَا مَنْ ھُوَ غَنِیٌّ بِلَا فَقْرٍ یَا

وزیر خدا اے تونگر بلا فقیر اے بادشاہ بے زوال اے وہ

مَنْ ھُوَ مَلِکٌ بِلَا عَزْلٍ یَا مَنْ ھُوَ مَوْصُوْفٌ بِلَا شَبِیْہٍ سُبْحَانَکَ

خدا جس کی صفت بے مثل ہے پاک ہے تو

(۵) برائے حصول بزرگی — یَا مَنْ ذِکْرُہٗ شَرَفٌ لِّلذَّاکِرِیْنَ

اے وہ خدا کہ جس کا ذکر کرنے والوں کا شرف ہے

یَا مَنْ شُکْرُہٗ فَوْزٌ لِّلشَّاکِرِیْنَ یَا مَنْ حَمْدُہٗ عِزٌّ

اے وہ خدا کہ شکر اس کا شکر کرنے والوں کے لئے باعث نجات ہے اے وہ خدا کہ حمد اس کی حمد کرنیوالوں

لِّلْحَامِدِیْنَ یَا مَنْ طَاعَتُہٗ نَجَاۃٌ لِّلْمُطِیْعِیْنَ یَا مَنْ

کی عزت ہے اے وہ خدا کہ طاعت اس کی طاعت کرنیوالوں کے لئے نجات ہے اے وہ

بَابُہٗ مَفْتُوْحٌ لِّلطَّالِبِیْنَ یَا مَنْ سَبِیْلُہٗ وَاضِحٌ

خدا جس کا دروازہ ڈھونڈنے والوں کے لئے کھلا ہے اے خدا کہ جس کی راہ توبہ کرنیوالوں کیلئے روشن ہے

لِلْمُنِيْبِيْنَ يَا مَنْ اٰيَاتُهٗ بُرْهَانٌ لِّلنَّاظِرِيْنَ يَا مَنْ

اے وہ خدا کہ جس کی نشانیاں دیکھنے والوں کے لئے دلیل ہیں اے وہ خدا کہ جس کی کتاب

كِتَابُهٗ تَذْكِرَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ يَا مَنْ رِزْقُهٗ عُمُوْمٌ

پرہیزگاروں کے لئے نصیحت ہے اے وہ خدا کہ جس کا رزق فرمانبرداروں اور

لِّلطَّائِعِيْنَ وَالْعَاصِيْنَ يَا مَنْ رَّحْمَتُهٗ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ

نافرمانوں کے لئے عام ہے اے وہ خدا کہ رحمت اس کی قریب ہے نیکوکاروں سے

(۶۶) برائے دفع برص

يَا مَنْ تَبَارَكَ اسْمُهٗ يَا مَنْ تَعَالٰى

اے وہ خدا کہ برکت والا نام اس کا اے وہ خدا کہ اس کی

جَدُّهٗ يَا مَنْ لَّآ اِلٰهَ غَيْرُهٗ يَا مَنْ جَلَّ ثَنَآؤُهٗ يَا

عزت بلند ہے اے وہ خدا کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں اے وہ خدا کہ اس کی ستائش بزرگ ہے اے

مَنْ تَقَدَّسَتْ اَسْمَآؤُهٗ يَا مَنْ يَّدُوْمُ بَقَآؤُهٗ يَا مَنْ

وہ خدا کہ اس کے نام پاک ہیں اے وہ خدا کہ اس کو ہمیشہ بقا ہے اے وہ خدا

الْعَظَمَةُ بَهَآؤُهٗ يَا مَنِ الْكِبْرِيَآءُ رِدَآؤُهٗ يَا مَنْ

کہ بزرگی اس کا زیور ہے اے وہ خدا کہ اس کی بڑائی ردا ہے اے وہ خدا کہ

لَّا تُحْصٰى اٰلَآؤُهٗ يَا مَنْ لَّا تُعَدُّ نَعْمَآؤُهٗ سُبْحَانَكَ

نعمتیں اس کی شمار نہیں ہو سکتیں اے وہ خدا کہ کرامتیں اس کی شمار نہیں ہو سکتیں تو پاک ہے

(۶۷) برائے ادائے قرض

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ يَا

بارخدایا میں تیرے نام سے سوال کرتا ہوں اے

مُعِيْنُ يَآ اَمِيْنُ يَا مُبِيْنُ يَا مَتِيْنُ يَا مَكِيْنُ يَا رَشِيْدُ

مددگار اے امانتدار اے کلام روشن اے متانت والے اے قائم اے بزرگی والے

يَا حَمِيْدُ يَا مَجِيْدُ يَا شَدِيْدُ يَا شَهِيْدُ سُبْحَانَكَ

اے سزاوار حمد اے شان والے اے سخت گیر اے شہادت دینے والے پاک ہے تو

(۶۸) برائے محبت و

يَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِيْدِ يَا ذَا الْقَوْلِ

اے صاحب عرش بزرگی اے سچ کہنے والے

الشَّدِيدِ يَا ذَا الْوَعْدِ وَالْوَعِيدِ يَا مَنْ هُوَ الْوَلِيُّ

اے کار عظیم کے انجام دینے والے اے سخت عذاب کرنے والے اے رحمت و عذاب

الْحَمِيدُ يَا مَنْ هُوَ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيدُ يَا مَنْ هُوَ قَرِيبٌ

کے وعدہ کرنیوالے اے وہ خدا جو لائق حمد و ثنا ہے اے وہ خدا جو چاہتا ہے وہ کرتا ہے اے وہ خدا جو

غَيْرُ بَعِيدٍ يَا مَنْ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ يَا

نزدیک ہے دور نہیں اے وہ خدا جو ہر شئے پر گواہ ہے اے

مَنْ هُوَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيدِ سُبْحَانَكَ

وہ خدا جو اپنے بندوں پر ظلم نہیں کرتا تو پاک ہے

۷۹ برائے رہائی از زندان

يَا مَنْ لَا شَرِيكَ لَهٗ وَلَا وَزِيرَ

اے وہ خدا کہ اس کا کوئی شریک نہیں اور نہ کوئی وزیر

يَا مَنْ لَا شَبِيهَ لَهٗ وَلَا نَظِيرَ يَا خَالِقَ الشَّمْسِ وَ

اے وہ خدا کہ اس کی نہ شبیہ ہے اور نہ نظیر اے پیدا کرنے والے آفتاب کے اور

الْقَمَرِ الْمُنِيرِ يَا مُغْنِيَ الْبَائِسِ الْفَقِيرِ يَا رَازِقَ

روشن ماہتاب کے اے پریشان حال محتاج کو مالدار بنانیوالے اے چھوٹے بچوں

الطِّفْلِ الصَّغِيرِ يَا رَاحِمَ الشَّيْخِ الْكَبِيرِ يَا جَابِرَ الْعَظْمِ

کو رزق پہنچانے والے اے بوڑھوں پر ترس کھانیوالے اے ٹوٹی ہوئی ہڈی کے

الْكَسِيرِ يَا عِصْمَةَ الْخَائِفِ الْمُسْتَجِيرِ يَا مَنْ هُوَ بِعِبَادِهٖ

جوڑنیوالے اے خوفزدہ پناہ چاہنے والے کے بچاؤ اے وہ خدا جو اپنے بندوں

خَبِيرٌ بَصِيرٌ يَا مَنْ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ

کی خبر رکھتا ہے اور انکا دیکھنے والا ہے اے وہ خدا جو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے

۸۰ برائے فراوانی نعمت

يَا ذَا الْجُودِ وَالنِّعَمِ يَا ذَا الْفَضْلِ

اے نعمتوں کے بخشنے والے اے فضل و

وَالْكَرَمِ يَا خَالِقَ اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ يَا بَارِئَ الذَّرِّ

کرم والے اے لوح و قلم کے پیدا کرنے والے اے چیونٹی اور آدمی کے پیدا کرنے والے

وَالنِّسَمِ یَا ذَا الْبَأْسِ وَالنِّقَمِ یَا مُلْهِمَ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ

اے عذاب کرنیوالے اور انتقام لینے والے اے عرب و عجم کے الہام کرنے والے

یَا کَاشِفَ الضُّرِّ وَالْاَلَمِ یَا عَالِمَ السِّرِّ وَالْهِمَمِ یَا رَبَّ

اے سختیوں اور رنج کے دور کرنیوالے اے پوشیدہ اور مخفی باتوں کے جاننے والے اے کعبہ

الْبَیْتِ وَالْحَرَمِ یَا مَنْ خَلَقَ الْاَشْیَاءَ مِنَ الْعَدَمِ

کے مالک اے عدم سے وجود میں چیزوں کے لانے والے پاک ہے تو

(۸۱) برائے درد صداع کنپٹی

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ

اے پروردگار میں تیرے نام کیساتھ تجھ سے طلب مانگتا ہوں

یَا فَاعِلُ یَا جَاعِلُ یَا قَابِلُ یَا کَامِلُ یَا فَاصِلُ

اے کردگار اے پیدا کرنے والے اے قبول کرنے والے اے کامل و اکمل اے فضیلت والے

یَا وَاصِلُ یَا عَادِلُ یَا غَالِبُ یَا طَالِبُ یَا وَاهِبُ سُبْحَانَكَ

اے جدا کرنے والے اے پیدا کرنیوالے اے مطالبہ کرنیوالے اے غلبہ حاصل کرنے والے اے بخشش کرنیوالے تو پاک

(۸۲) برائے دفع درد سر و جع مفاصل و باد و سودا

یَا مَنْ اَنْعَمَ بِطَوْلِهٖ یَا مَنْ

اے وہ خدا جس نے اپنے فضل سے ہمکو نعمتیں دیں

اَکْرَمَ بِجُوْدِهٖ یَا مَنْ جَادَ بِلُطْفِهٖ یَا مَنْ تَعَزَّزَ

وہ خدا جو بخشش و انعام دینے والا ہے اے وہ خدا جسنے اپنے فضل سے انعام فرمایا اے وہ خدا جس نے اپنی

بِقُدْرَتِهٖ یَا مَنْ قَدَّرَ بِحِکْمَتِهٖ یَا مَنْ حَکَمَ

قدرت سے ہمکو عزت دی اے وہ خدا جو اپنی حکمت سے قادر ہے اے وہ خدا جو اپنی

بِتَدْبِیْرِهٖ یَا مَنْ دَبَّرَ بِعِلْمِهٖ یَا مَنْ تَجَاوَزَ

تدبیر سے حکیم ہے اے وہ خدا جو اپنے علم سے تدبیر کرنیوالا ہے اے وہ خدا جو اپنے حلم

بِحِلْمِهٖ یَا مَنْ دَنٰی فِیْ عُلُوِّهٖ یَا مَنْ عَلَا فِیْ دُنُوِّهٖ

سے درگذر کرتا ہے اے وہ خدا جو اپنے مرتبہ کی بلندی میں قریب ہے اے وہ خدا جو اپنی قدرت کیوجہ سے نہایت بلند مرتبہ

(۸۳) برائے دفع درد پشت

یَا مَنْ یَّخْلُقُ مَا یَشَآءُ یَا مَنْ یَّفْعَلُ

اے وہ خدا جو چاہتا ہے وہ پیدا کرتا ہے اے وہ خدا جو چاہتا

مَا يَشَاءُ يَا مَنْ يَهْدِي مَنْ يَشَاءُ يَا مَنْ يُضِلُّ

وہ کرتا ہے اے وہ خدا جس کو چاہتا ہے ہدایت کرتا ہے اے وہ خدا جس کو چاہتا ہے

مَنْ يَشَاءُ يَا مَنْ يُعَذِّبُ مَنْ يَشَاءُ يَا مَنْ

گمراہ چھوڑ دیتا ہے اے وہ خدا جس پر چاہتا ہے عذاب کرتا ہے اے وہ خدا

يَغْفِرُ مَنْ يَشَاءُ يَا مَنْ يُصَوِّرُ فِي الْاَرْحَامِ

جس کو چاہتا ہے بخشتا اے وہ خدا جو رحم میں جیسی چاہتا ہے صورت

مَا يَشَاءُ يَا مَنْ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَشَاءُ

بناتا ہے اے وہ خدا جو اپنی رحمت سے جس کو چاہتا ہے مخصوص کرتا ہے

(۸۴) برائے دفع سل و برص و درد پسلی ۱۲

يَا مَنْ لَمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً

اے وہ خدا جس کے زن و فرزند نہیں

وَّلَا وَلَدًا يَا مَنْ جَعَلَ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا يَا مَنْ لَا

اے وہ خدا جس نے ہر چیز کے لئے ایک اندازہ کیا اے وہ خدا جو

يُشْرِكُ فِي حُكْمِهٖ اَحَدًا يَا مَنْ جَعَلَ الْمَلٰئِكَةَ رُسُلًا

اپنے حکم میں کسی کو شریک نہیں رکھتا اے وہ خدا جس نے فرشتوں کو پیغامبر مقرر کیا

يَا مَنْ جَعَلَ فِي السَّمَاءِ بُرُوجًا يَا مَنْ جَعَلَ الْاَرْضَ قَرَارًا

اے وہ خدا جس نے آسمانوں میں برج بنائے اے وہ خدا جس نے زمین کو آرامگاہ قرار دیا

يَا مَنْ خَلَقَ مِنَ الْمَاءِ بَشَرًا يَا مَنْ جَعَلَ لِكُلِّ شَيْءٍ اَمَدًا

اے وہ خدا جس نے نطفہ سے آدمی بنایا اے وہ خدا جس نے ہر چیز کے لئے ایک مدت معین کی

يَا مَنْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا يَا مَنْ اَحْصٰى كُلَّ شَيْءٍ عَدَدًا

اے وہ خدا جو ہر شے پر محیط ہے اے وہ خدا جو ہر چیز کے اعداد و شمار سے واقف ہے

(۸۵) برائے دفع درد کمر

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ يَا اَوَّلُ

اے پالنے والے میں تیرے ہی نام پر تجھ سے بھیک مانگتا ہوں اے سب سے پہلے

يَا اٰخِرُ يَا ظَاهِرُ يَا بَاطِنُ يَا بَرُّ يَا حَقُّ يَا فَرْدُ يَا وِتْرُ يَا صَمَدُ يَا سَرْمَدُ

اے سب کے بعد اے ظاہر اے مخفی اے سزاوار عبادت اے یگانہ اے بے مثل اے بے نیاز اے ہمیشہ رہنے والے

(۸۶) برائے دفع درد سرِ زنانی

يَا خَيْرَ مَعْرُوفٍ عُرِفَ يَا
اے بہتر پہچانے ہوئے جو لائق پہچاننے کے ہے اے

أَفْضَلَ مَعْبُودٍ عُبِدَ يَا أَجَلَّ مَشْكُورٍ شُكِرَ يَا أَعَزَّ
سب سے بہتر معبود جو عبادت کے لائق ہے اے بہترین مشکور جو شکر کا سزاوار ہے اے عزت والے

مَذْكُورٍ ذُكِرَ يَا أَعْلَى مَحْمُودٍ حُمِدَ يَا أَقْدَمَ مَوْجُودٍ
جو یاد کیا جاتا ہے اے بہترین محمود جس کی حمد کی جاتی ہے اے سب سے قدیم موجود جس کی طلب

طُلِبَ يَا أَرْفَعَ مَوْصُوفٍ وُصِفَ يَا أَكْبَرَ مَقْصُودٍ
کی جاتی ہے اے بلند ترین موصوف جس کی توصیف کی جاتی ہے اے بزرگ ترین مقصود جس کی طرف قصد

قُصِدَ يَا أَكْرَمَ مَسْئُولٍ سُئِلَ يَا أَشْرَفَ مَحْبُوبٍ عُلِمَ
کیا جاتا ہے اے سب سے بہتر مسئول جس سے سوال کیا جاتا ہے اے محبوب ترین دوست جس کی معرفت کرائی جاتی ہے

(۸۷) برائے دفع درد سر

يَا حَبِيبَ الْبَاكِينَ يَا سَيِّدَ الْمُتَوَكِّلِينَ
اے رونیوالوں کے دوست اے توکل کرنیوالوں کی جائے پناہ

يَا هَادِيَ الْمُضِلِّينَ يَا وَلِيَّ الْمُؤْمِنِينَ يَا أَنِيسَ
اے گمراہوں کی ہدایت کرنیوالے اے ایمان والوں کے دوست اے عبادت کرنیوالوں

الذَّاكِرِينَ يَا مَفْزَعَ الْمَلْهُوفِينَ يَا مُنْجِيَ الصَّادِقِينَ
مونس اے عاجزوں کی جائے پناہ اے سچوں کے نجات دینے والے

يَا أَقْدَرَ الْقَادِرِينَ يَا أَعْلَمَ الْعَالِمِينَ يَا إِلٰهَ الْخَلْقِ أَجْمَعِينَ
اے سب سے بہتر قدرت رکھنے والے اے سب سے بہتر جاننے والے اے تمامی خلقت کے پیدا کرنیوالے

(۸۸) برائے دفع درد پیشانی

يَا مَنْ عَلَا فَقَهَرَ يَا مَنْ مَلَكَ
اے وہ جو بلند ہو کر غالب رہا اے وہ کہ جو مالک ہو کر صاحب

فَقَدَرَ يَا مَنْ بَطَنَ فَخَبَرَ يَا مَنْ عُبِدَ فَشَكَرَ يَا مَنْ
قدرت رہا اے وہ کہ مجھ پوشیدہ ہو کر با خبر رہا اے وہ کہ جس کی پرستش کی گئی اور اس نے جزا دی

عُصِيَ فَغَفَرَ يَا مَنْ لَا تَحْوِيهِ الْفِكَرُ يَا مَنْ لَا يُدْرِكُهُ
اے وہ کہ جس نے اپنی نافرمانی پر بھی بخش دیا اے وہ کہ جس کو فکریں گھیر نہیں سکتیں اے وہ کہ جس کو آنکھ دیکھ نہیں سکتی اے وہ کہ

بَصَرٌ يَا مَنْ لَا يَخْفٰى عَلَيْهِ اَثَرٌ يَا رَازِقَ الْبَشَرِ يَا مُقَدِّرَ كُلِّ قَدَرٍ

نہیں سے کوئی چیز پوشیدہ نہیں اے انسانوں کے رزق دینے والے اے قسمتوں کے تقدیر کرنیوالے

(۸۹) برائے دفع سلسل البول

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ

اے پالنے والے میں تیرے ہی نام پر تجھ سے مانگتا ہوں اے

يَا حَافِظُ يَا بَارِئُ يَا ذَارِئُ يَا بَاذِخُ يَا فَارِجُ يَا

حفاظت کرنیوالے اے پیدا کرنے والے اے بلند مرتبہ اے کھولنے والے اے خوش رکھنے والے اے

فَاتِحُ يَا كَاشِفُ يَا ضَامِنُ يَا اٰمِرُ يَا نَاهِيْ سُبْحَانَكَ

فتح کرنیوالے اے ظاہر کرنے والے اے ضمانت کرنے والے اے نیکی کا حکم کرنے والے اے بدی سے روکنے والے تو پاک ہے

(۹۰) برائے دفع دردِ ناف

يَا مَنْ لَا يَعْلَمُ الْغَيْبَ اِلَّا هُوَ يَا مَنْ

اے خدا کہ نہیں جانتا غیب کو کوئی تیرے سوا اے وہ خدا کہ

لَا يَصْرِفُ السُّوْءَ اِلَّا هُوَ يَا مَنْ لَا يَخْلُقُ الْخَلْقَ اِلَّا هُوَ

نہیں پھیرتا بلاؤں کو کوئی تیرے سوا اے وہ خدا کہ نہیں خلق کیا مخلوق کو مگر تونے

يَا مَنْ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا هُوَ يَا مَنْ لَا يُتِمُّ النِّعْمَةَ

اے وہ خدا کہ نہیں بخشتا کوئی گناہوں کو تیرے سوا - اے وہ خدا کہ کوئی تمام نہیں کرتا نعمتوں کو

اِلَّا هُوَ يَا مَنْ لَا يُقَلِّبُ الْقُلُوْبَ اِلَّا هُوَ يَا مَنْ لَا يُدَبِّرُ

تیرے سوا اے وہ خدا کہ نہیں پھیرتا کوئی دلوں کو تیرے سوا اے وہ خدا کہ نہیں کرتا کوئی

الْاَمْرَ اِلَّا هُوَ يَا مَنْ لَا يُنَزِّلُ الْغَيْثَ اِلَّا هُوَ يَا مَنْ

تدبیر کام کی تیرے سوا اے وہ خدا کہ نہیں بھیجتا باران رحمت مگر تو اے وہ خدا

لَا يَبْسُطُ الرِّزْقَ اِلَّا هُوَ يَا مَنْ لَا يُحْيِي الْمَوْتٰى اِلَّا هُوَ

کہ نہیں کشادہ کرتا کوئی روزی کو تیرے سوا اے وہ خدا کہ نہیں زندہ کرتا مردہ کو تیرے سوا

(۹۱) برائے دفع سنگ مثانہ

يَا مُعِيْنَ الضُّعَفَاءِ يَا صَاحِبَ

اے کمزوروں کے مدد کرنے والے اے غریبوں کے

الْغُرَبَاءِ يَا نَاصِرَ الْاَوْلِيَاءِ يَا قَاهِرَ الْاَعْدَاءِ يَا رَافِعَ

مالک اے دوستوں کی مدد کرنے والے اے دشمنوں پر غلبہ پانے والے اے اٹھانے والے

السَّمَآءِ یَا اَنِیْسَ الْاَصْفِیَآءِ یَا حَبِیْبَ الْاَتْقِیَآءِ یَا

بلند کرنیوالے اے برگزیدہ بندوں کو دوست رکھنے والے اے پرہیزگار بندوں سے محبت کرنیوالے اے

کَنْزَ الْفُقَرَآءِ یَا اِلٰهَ الْاَغْنِیَآءِ یَا اَکْرَمَ الْکُرَمَآءِ

محتاجوں کے خزانے اے توانگروں کے خدا اے کریم تر تو سب کریموں سے

(۹۲) برائے دفع بواسیر — یَا کَافِیْ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ یَا قَائِمًا عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ

اے کافی ہر شئے کے اے قائم ہر چیز پر

یَا مَنْ لَّا یُشْبِهُهٗ شَیْءٌ یَا مَنْ لَّا یَزِیْدُ فِیْ مُلْکِهٖ شَیْءٌ یَا مَنْ

اے وہ خدا کہ جس کے مانند کوئی شئے نہیں اے وہ خدا کہ جس کی بادشاہی کو کوئی چیز زیادہ نہیں کرتی اے وہ

لَا یَخْفٰی عَلَیْهِ شَیْءٌ یَا مَنْ لَّا یَنْقُصُ فِیْ خَزَائِنِهٖ شَیْءٌ

خدا کہ جس پر کوئی چیز پنہاں نہیں ہے اے وہ خدا کہ جس کے خزانے سے کوئی چیز زیادہ نہیں کرتی اے

یَا مَنْ لَیْسَ کَمِثْلِهٖ شَیْءٌ یَا مَنْ لَّا یَعْزُبُ عَنْ عِلْمِهٖ

خدا کہ جسکے مانند کوئی چیز نہیں اے وہ خدا کہ جس کے علم سے کوئی شئے پوشیدہ

شَیْءٌ یَا مَنْ هُوَ خَبِیْرٌ بِکُلِّ شَیْءٍ یَا مَنْ وَّسِعَتْ رَحْمَتُهٗ کُلَّ شَیْءٍ

نہیں اے وہ خدا کہ ہر شئے سے واقف ہے اے وہ خدا کہ جس کی رحمت ہر شئے کے لئے شامل ہے

(۹۳) برائے دفع زخم ناسور — اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ

خداوندا تجھ سے تیرے ہی نام پر سوال کرتا ہوں

یَا مُکْرِمُ یَا مُطْعِمُ یَا مُنْعِمُ یَا مُعْطِیْ یَا مُغْنِیْ یَا مُقْنِیْ

اے کرم کرنے والے اے کھلانے والے اے نعمت دینے والے اے غنی کرنیوالے اے مال دینے والے اے پناہ دینے والے

یَا مُفْنِیْ یَا مُحْیِیْ یَا مُرْضِیْ یَا مُنْجِیْ سُبْحَانَکَ

اے فانی کرنے والے اے زندہ کرنیوالے اے مسرور کرنیوالے اے نجات دینے والے تو پاک ہے

(۹۴) برائے دفع درد بینی — یَا اَوَّلَ کُلِّ شَیْءٍ وَّمَلِیْکَهٗ یَا رَبَّ

اے ہر شئے سے اول اور ہر شئے سے آخر اے ہر شئے

کُلِّ شَیْءٍ وَّصَانِعَهٗ یَا بَارِئَ کُلِّ شَیْءٍ وَّخَالِقَهٗ یَا

کے پالنے والے اے ہر شئے کے بنانے والے اے ہر شئے کے پیدا کرنے والے اے ہر شئے کے خالق اے ہر شئے

قَابِضَ كُلِّ شَيْءٍ وَّ بَاسِطَهٗ يَا مُبْدِئَ كُلِّ شَيْءٍ وَّ

روکنے والے اور ہر شئے کے دینے والے اے ہر شئے کی ابتدا کرنے والے اے ہر شئے کے اعادہ

مُعِيْدَهٗ يَا مُنْشِئَ كُلِّ شَيْءٍ وَّ مُقَدِّرَهٗ يَا مُكَوِّنَ

کرنے والے اے ہر شئے کے ایجاد کرنے والے اور ہر شئے کے اندازہ کرنے والے اے ہر شئے کے موجود

كُلِّ شَيْءٍ وَّ مُحَوِّلَهٗ يَا مُحْيِيَ كُلِّ شَيْءٍ وَّ مُمِيْتَهٗ

کرنے والے اور تغیر دینے والے اے ہر شئے کے زندہ کرنے والے اور مارنے والے

يَا خَالِقَ كُلِّ شَيْءٍ وَّ وَارِثَهٗ سُبْحَانَكَ

اے ہر چیز کے پیدا کرنے والے اور مالک پاک ہے تو

(۹۵) برائے دفع درد شکم

يَا خَيْرَ ذَاكِرٍ وَّ مَذْكُوْرٍ يَا خَيْرَ

اے سب ذکر کرنیوالوں کے بہتر اور جن کا ذکر کیا گیا اے سب شکر گزاروں

شَاكِرٍ وَّ مَشْكُوْرٍ يَا خَيْرَ حَامِدٍ وَّ مَحْمُوْدٍ يَا خَيْرَ

کے بہتر اور جن کا شکر کیا گیا اے سب حمد کرنیوالوں کے بہتر اور جن کی حمد کی گئی اے بہتر بینا

شَاهِدٍ وَّ مَشْهُوْدٍ يَا خَيْرَ دَاعٍ وَّ مَدْعُوٍّ يَا خَيْرَ مُجِيْبٍ

شاہدوں اور مشہودوں کے اے بہتر بلانیوالوں اور بلائے ہوؤں کے اے بہترین قبول کرنے والوں کے

وَّ مُجَابٍ يَا خَيْرَ مُؤْنِسٍ وَّ اَنِيْسٍ يَا خَيْرَ صَاحِبٍ وَّ جَلِيْسٍ

اور مقبولوں کے اے بہترین مصاحبوں اور دوستوں کے اے بہتر صحبت رکھنے والوں اور ہمنشینوں کے

يَا خَيْرَ مَقْصُوْدٍ وَّ مَطْلُوْبٍ يَا خَيْرَ حَبِيْبٍ وَّ مَحْبُوْبٍ

اے بہترین مقصود و مطلوب کے اے بہترین دوستوں اور محبوبوں کے

(۹۶) برائے دفع درد زانو

يَا مَنْ هُوَ لِمَنْ دَعَاهُ مُجِيْبٌ يَا مَنْ

اے وہ خدا جو دعا کرنے والوں کی دعا قبول کرنیوالا ہے اے وہ خدا

هُوَ لِمَنْ اَطَاعَهٗ حَبِيْبٌ يَا مَنْ هُوَ اِلٰى مَنْ اَحَبَّهٗ

جو فرماں برداروں کا دوست ہے اے وہ خدا جو اپنے دوستوں سے نزدیک

قَرِيْبٌ يَا مَنْ هُوَ بِمَنِ اسْتَحْفَظَهٗ رَقِيْبٌ يَا مَنْ هُوَ

ہے اے وہ خدا جو حفاظت کرنے والوں کا نگہدار ہے اے وہ خدا جو امیدواروں کیلئے

بِمَنْ رَجَاهُ كَرِيمٌ يَا مَنْ هُوَ بِمَنْ عَصَاهُ حَلِيمٌ يَا

کریم ہے اے وہ خدا جو گنہگاروں کے لیے بردبار ہے اے وہ

مَنْ هُوَ فِي عَظَمَتِهِ رَحِيمٌ يَا مَنْ هُوَ فِي حِكْمَتِهِ عَظِيمٌ

خدا جو باوجود اپنی بزرگی کے مہربان ہے اے وہ خدا جو حکمت کی رو سے بزرگ ہے

يَا مَنْ هُوَ فِي إِحْسَانِهِ قَدِيمٌ يَا مَنْ هُوَ بِمَنْ أَرَادَهُ عَلِيمٌ

اے وہ خدا جس کا احسان قدیم ہے اے وہ خدا جو ان لوگوں سے آگاہ ہے جو اس کی معرفت کا قصد رکھتے ہیں

۹۷ برائے دفع درد گلو

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ يَا

اے خدا میں تجھ سے تیرے ہی نام پر بھیک مانگتا ہوں اے

مُسَبِّبُ يَا مُرَغِّبُ يَا مُقَلِّبُ يَا مُعَقِّبُ يَا مُرَتِّبُ

سبب پیدا کرنے والے اے رغبت دینے والے اے دلوں کے پھیرنے والے اے عذاب کرنے والے اے ترتیب دینے والے

يَا مُخَوِّفُ يَا مُحَذِّرُ يَا مُذَكِّرُ يَا مُسَخِّرُ يَا مُغَيِّرُ

اے ڈرانے والے اے بچانے والے اے یاد دلانے والے اے مطیع کرنے والے اے تبدیل کرنے والے

۹۸ برائے حصول مراد

يَا مَنْ عِلْمُهُ سَابِقٌ يَا مَنْ وَعْدُهُ صَادِقٌ

اے وہ خدا جو ابتدا سے عالم ہے اے وہ خدا جو وعدہ کا سچا ہے

يَا مَنْ لُطْفُهُ ظَاهِرٌ يَا مَنْ أَمْرُهُ غَالِبٌ يَا مَنْ كِتَابُهُ

اے وہ خدا کہ جس کی مہربانی ظاہر ہے اے وہ خدا کہ فرمان جس کا غالب ہے اے وہ خدا کہ کتاب

مُحْكَمٌ يَا مَنْ قَضَاؤُهُ كَائِنٌ يَا مَنْ قُرْآنُهُ مَجِيدٌ يَا مَنْ

جس کی محکم ہے اے وہ خدا جس کا حکم ہو کے رہتا ہے۔ اے وہ خدا کہ جس کا قرآن بزرگ ہے اے وہ خدا

مُلْكُهُ قَدِيمٌ يَا مَنْ فَضْلُهُ عَمِيمٌ يَا مَنْ عَرْشُهُ عَظِيمٌ

کہ بادشاہی اس کی قدیم ہے اے وہ خدا کہ فضل اس کا عالم ہے اے وہ خدا کہ عرش جس کا عظیم ہے۔

۹۹ برائے دفع درد پا

يَا مَنْ لَا يَشْغَلُهُ سَمْعٌ عَنْ سَمْعٍ يَا

اے وہ خدا کہ جس کو کوئی چیز سننا مشغول نہیں کرتا اے

مَنْ لَا يَمْنَعُهُ فِعْلٌ عَنْ فِعْلٍ يَا مَنْ لَا يُلْهِيهِ قَوْلٌ

وہ خدا جس کو ایک فعل دوسرے فعل سے باز نہیں رکھتا اے وہ خدا کہ جس کو ایک قول دوسرے

عَنْ قَوْلٍ يَا مَنْ لَا يُغَلِّطُهُ سُؤَالٌ عَنْ سُؤَالٍ

قول سے غافل نہیں کرتا اے وہ خدا جس کو ایک سوال دوسرے سوال سے بھلاتا نہیں

يَا مَنْ لَا يَحْجُبُهُ شَيْءٌ عَنْ شَيْءٍ يَا مَنْ لَا يُبْرِمُهُ

اے وہ خدا کہ جس کو ایک چیز دوسری چیز کے دیکھنے سے مانع نہیں ہوتی اے وہ خدا کہ جس کو روتے والوں

إِلْحَاحُ الْمُلِحِّيْنَ يَا مَنْ هُوَ غَايَةُ مُرَادِ

کی گریہ وزاری عاجز نہیں کرتی اے وہ خدا جو دوستوں کی مراد کی انتہا ہے اے

الْمُرِيْدِيْنَ يَا مَنْ هُوَ مُنْتَهٰى هِمَمِ الْعَارِفِيْنَ

وہ خدا جو عارفوں کی ہمتوں کا مقصود ہے اے

يَا مَنْ هُوَ مُنْتَهٰى طَلَبِ الطَّالِبِيْنَ يَا مَنْ

وہ خدا کہ جو طالبوں کے منتہی ہے اے وہ خدا کہ

لَا يَخْفٰى عَلَيْهِ ذَرَّةٌ فِي الْعَالَمِيْنَ سُبْحَانَكَ

تو پاک ہے۔

(۱۰۰) برائے دفع درد ساق

يَا حَلِيْمًا لَا يَعْجَلُ يَا جَوَادًا لَا

اے بردبار جو جلدی نہیں کرتا اے صاحب بخشش جو بخل

يَبْخَلُ يَا صَادِقًا لَا يُخْلِفُ يَا وَهَّابًا لَا يَمَلُّ يَا قَاهِرًا

نہیں کرتا۔ اے وہ سچے جو وعدہ خلافی نہیں کرتا اے وہ بخشنے والے جو ملال نہیں رکھتا اے وہ زبردست

لَا يُغْلَبُ يَا عَظِيْمًا لَا يُوْصَفُ يَا عَدْلًا لَا يَحِيْفُ يَا

جو مغلوب نہیں ہوتا۔ اے وہ بزرگ جو صفت میں نہیں آسکتا اے وہ عادل جو ظلم نہیں کرتا اے

غَنِيًّا لَا يَفْتَقِرُ يَا كَبِيْرًا لَا يَصْغُرُ يَا حَافِظًا لَا

وہ تونگر جو محتاج نہیں ہوتا اے وہ بزرگ جو چھوٹا نہیں ہوتا اے وہ نگہبان جو غافل نہیں

يَغْفُلُ سُبْحَانَكَ يَا لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ

ہوتا پاک ہے تو اے وہ خدا کہ سوا تیرے کوئی خدا نہیں۔ فریاد ہے فریاد ہے

○ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ يَا رَبِّ يَا رَبِّ ○

ہم سب کو عذاب دوزخ سے نجات دے۔ اے میرے پالنے والے اے میرے پالنے والے اے میرے پالنے والے

اسناد دعائے جوشن صغیر

حدیث میں وارد ہے کہ جو شخص اس دعا کو پڑھتا ہے خداوند عالم اسکی نگہبانی کیلئے دو فرشتے مقرر کرتا ہے وہ اسکی گناہوں و بلاؤں سے حفاظت کرتے ہیں جو شخص ماہ رمضان میں تین مرتبہ اس دعا کو پڑھے۔ تو خدا اس پر آتش دوزخ حرام کرتا ہے اور بہشت واجب کرتا ہے اگر ایک مرتبہ پڑھے تو بھی کافی ہے۔ اور اگر کوئی شخص ہر روز اس دعا کو پڑھے اور قضا نہ کرے تو وہ شخص شہیدوں میں داخل ہوگا۔ خداوند عالم اسکے واسطے ستو شہیدوں کا ثواب شہدائے بدر سے لکھے گا۔ اور جو شخص شب کو پڑھے تو حق تعالیٰ اسکی طرف نظر رحمت سے توجہ فرمائیگا۔ اور جو حاجت دنیا و آخرت کی اس سے طلب کریگا وہ عطا فرمائیگا مگر جب یہ دعا پڑھے تو باطہارت پڑھے اور جب اسے باندھے تو باطہارت باندھے۔ اور جو شخص اس دعا کو ظرف چینی پر لکھ کر آب زلال اور زعفران سے دھو کر مریض کو پلائے فوراً شفا پائے گا۔ اور اگر تندرست ہے بیماری بدن میں نہ رہے گی۔ نیز جس مطلب کے لئے چاہے پڑھے اور اگر ہمیشہ مداومت رکھے تو بہت ہی بہتر ہے گو اسکے اسناد بہت ہی طولانی ہیں۔ مگر مختصر ہی تحریر کئے گئے ہیں دعاء مذکور اکثر کتابوں میں غلط ہے اس میں صحیح کر کے طبع کی گئی ہے ؕ

دعا جوشن صغیر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا رحمن و رحیم ہے

اِلٰهِيْ وَكَمْ مِّنْ عَدُوٍّ اِنْتَضٰى عَلَىَّ سَيْفَ

خداوندا اکثر ایسے میرے دشمن ہوئے جنھوں نے مجھ پر دشمنی کی تلوار کھینچی

عَدَاوَتِهٖ وَشَحَذَ لِيْ ظُبَةَ مُدْيَتِهٖ وَاَرْهَفَ لِيْ

ہے اور میرے لئے اپنے خنجر کی باڑھ تیز کی اور تیر میں نوک نکالی ہے

شَبَا حَدِّهٖ وَدَافَ لِيْ قَوَاتِلَ سُمُوْمِهٖ وَسَدَّدَ

اور میرے واسطے زہر ہائے قاتل کو گھولا ہے اور اپنے تیر

نَحْوِيْ صَوَائِبَ سِهَامِهٖ وَلَمْ تَنَمْ عَنِّيْ عَيْنُ حِرَاسَتِهٖ

میری طرف سیدھے کئے اور اپنی آنکھ میری نگہبانی سے بند نہ کی اور اس نے اپنے دل میں

وَاَضْمَرَ اَنْ يَّسُوْمَنِيَ الْمَكْرُوْهَ وَيُجَرِّعَنِيْ ذُعَافَ

اس لئے پوشیدہ رکھا کہ مجھے رنج پہنچائے اور اس کی تلخی چکھائے

مَرَارَتِهٖ فَنَظَرْتَ يَا اِلٰهِيْ ضَعْفِيْ عَنِ احْتِمَالِ

پس خدایا تو نے میری کمزوری پر نظر کی کہ مصائب کی تحمل میں نہیں کر سکتا

الْفَوَادِحِ وَعَجْزِيْ عَنْ مُلِمَّاتِ الْجَوَائِحِ وَقُصُوْرِيْ

اور تو نے دیکھا کہ میں تحمل بلیات و آفات سے عاجز ہوں اور تو نے میرا قصور دیکھا

عَنِ الْاِنْتِصَارِ مِمَّنْ قَصَدَنِيْ بِمُحَارَبَتِهٖ وَوَحْدَتِيْ

کہ میں اس شخص سے انتقام نہیں لے سکتا جو مجھ سے لڑنے کا قصد رکھتا ہے اور میری تنہائی اور دشمنوں

فِيْ كَثِيْرٍ مِّنْ نَّاوَانِيْ وَاَرْصَادِهِمْ لِيْ فِيْمَا

کی کثرت اور ان کا کمینگاہ میں بیٹھنا تاکہ مجھے صدمہ اور تکلیف پہنچائیں ایسے امر میں

لَمْ اُعْمِلْ فِيْهِ فِكْرِيْ فِي الْاِرْصَادِ لَهُمْ بِمِثْلِهٖ

میں نے اپنی تدابیر کو دخل نہیں دیا اور یہ کہ میں بھی کمینگاہ میں مثل ان کے بیٹھوں

فَاَيَّدْتَنِيْ بِقُوَّتِكَ وَشَدَدْتَّ اَزْرِيْ بِنُصْرَتِكَ

پس تو نے اپنی قوت کاملہ سے میری مدد کی اور اپنی نصرت سے میری پشت کو

وَفَلَلْتَ لِيْ شَبَا حَدِّهٖ وَخَذَلْتَهٗ بَعْدَ جَمْعِ

مضبوط بنایا تو نے اس کے تیزوں کو میرے لئے کند کیا اور تو نے اُسے ناامید کیا حالانکہ وہ

عَدِيْدِهٖ وَحَشْدِهٖ وَاَعْلَيْتَ كَعْبِيْ عَلَيْهِ وَ

بہت جمعیت رکھتا تھا اور تو نے اس پر میرا مرتبہ بلند کیا اور وہ فریب اسی کی طرف پھیر دیئے

وَجَّهْتَ مَا سَدَّدَهٗ اِلَيَّ مِنْ مَّكَائِدِهٖ اِلَيْهِ وَ

جو اس نے میرے لئے مہیا کئے تھے اور تو نے اس کو اسی گڑھے میں گرا دیا جس میں

رَدَدْتَّهٗ فِيْ مَهْوٰى حُفْرَتِهٖ وَلَمْ يَشْفِ غَلِيْلَهٗ

وہ مجھے گرانا چاہتا تھا اور تو نے اس کی عداوت کو کامیاب نہ کیا اور اس

وَلَمْ تَبْرُدْ حَرَارَةُ غَيْظِهٖ وَقَدْ عَضَّ عَلٰى اَنَامِلِهٖ

کی آتش غضب کو تو نے سرد نہ کیا اور وہ حیرت سے اپنی انگلیاں

وَاَدْبَرَ مُوَلِّيًا قَدْ اَخْفَقَتْ سَرَايَاهُ فَلَكَ

دانتوں میں دباتا ہوا الٹا پھر گیا اور اس کے لشکر نے وعدہ خلافی کی پس تو

اَلْحَمْدُ یَارَبِّ مِنْ مُقْتَدِرٍ لَّا یُغْلَبُ وَذِیْ اَنَاۃٍ

لائق حمد ہے اے پالنے والے تو ایسا قادر ہے کہ کبھی مغلوب نہیں ہوتا اور ایسا

لَّا یَعْجَلُ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْنِیْ

صاحب تحمل ہے کہ جلدی نہیں کرتا محمد اور آل محمدؐ پر درود نازل کر اور مجھ کو

لِاَنْعُمِكَ مِنَ الشَّاكِرِیْنَ وَلِاٰلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِیْنَ

اپنے شکر گذاروں میں داخل کر اور اپنی نعمتوں کے ذکر کرنے والوں میں

(۲) اِلٰهِیْ وَكَمْ مِّنْ بَاغٍ بَغَانِیْ بِمَكَائِدِهٖ وَنَصَبَ

اے خدا اور اکثر ایسے باغی ہوئے جنھوں نے مجھ پر اپنے فریب سے ستم کیا

لِیْ اَشْرَاكَ مَصَائِدِهٖ وَوَكَّلَ بِیْ تَفَقُّدَ رِعَایَتِهٖ

اور میرا شکار کرنے کے لئے جال لگایا اور ہمیشہ میری جستجو میں رہے اور

وَاَضْبَاَ اِلَیَّ اِضْبَاءَ السَّبُعِ لِطَرِیْدَتِهٖ اِنْتِظَارًا

میرے لئے اس طرح سمٹ کر بیٹھے جس طرح درندہ اپنے شکار کے انتظار میں

لِّانْتِهَازِ فُرْصَتِهٖ وَهُوَ یُظْهِرُ لِیْ بَشَاشَةَ الْمَلَقِ وَ

سمٹ کر اطمینان سے بیٹھتا ہے دراں حالیکہ ظاہر میں اور سامنے خوشامد کرتا ہے اور

یَبْسُطُ لِیْ وَجْهًا غَیْرَ طَلْقٍ فَلَمَّا رَاَیْتُ دَغَلَ سَرِیْرَتِهٖ

بکشادہ پیشانی مجھ سے ملتا ہے پس تو نے اس کا باطنی فساد اور میرے ساتھ اسکی

وَقُبْحَ مَا انْطَوٰی عَلَیْهِ لِشَرِیْكِهٖ فِیْ مِلَّتِهٖ وَ

بدنیتی دیکھی اور باوجودیکہ دین اور ملت میں شرکت ہے اور

اَصْبَحَ مُجْلِبًا اِلَیَّ فِیْ بَغْیِهٖ اَرْكَسْتَهٗ لِاُمِّ رَاْسِهٖ

اس نے بغاوت کی سرگرمیوں کے ساتھ صبح کی تو نے اس کو سر کے بھل نگونسار

وَاَتَیْتَ بُنْیَانَهٗ مِنْ اَسَاسِهٖ فَصَرَعْتَهٗ فِیْ

کیا اور اس کی بنیاد کو جڑ سے اکھیڑ دیا پس تو نے اس کو گور میں گرا دیا جو اس نے

زُبْیَتِهٖ وَاَرْدَیْتَهٗ فِیْ مَهْوٰی حُفْرَتِهٖ وَجَعَلْتَ

میرے لئے بنائی تھی اور اس گڑھے میں اس کو دھکیل دیا جو اس نے میرے لئے کھودا تھا

خَدَّهُ طَبَقاً لِتُرَابِ رِجْلِهِ وَشَغَلْتَهُ فِي بَدَنِهِ

اور تو نے اس کی خاک زیر پا سے اس کا چہرہ خاک آلودہ کیا اور تو نے اس کو

وَرِزْقِهِ وَرَمَيْتَهُ بِحَجَرِهِ وَخَنَقْتَهُ بِوَتَرِهِ وَ

بیماریوں اور فقر میں مبتلا کیا اور اس کی طرف وہ پتھر پھینکا جو اس نے میرے اوپر

ذَكَّيْتَهُ بِمَشَاقِصِهِ وَكَبَبْتَهُ لِمَنْخِرِهِ وَرَدَدْتَ

پھینکا تھا اور اسی کی رسی سے اس کے گلے میں پھانسی ڈالی اور تو نے اسکو

كَيْدَهُ فِي نَحْرِهِ وَوَثَقْتَهُ بِنَدَامَتِهِ وَفَسَأْتَهُ

اس کے تیروں سے مارا اور اسے ناک کے بل گرایا اور اس کا مکر

بِحَسْرَتِهِ فَاسْتَخْذَلَ وَاسْتَخْذَى وَتَضَاءَلَ

اسی کی طرف پھیر دیا اور تو نے اسے ندامت میں غرق اور حسرت میں مبتلا کیا۔ پس وہ ذلیل و خوار ہوا

بَعْدَ نَخْوَتِهِ وَانْقَمَعَ بَعْدَ اسْتِطَالَتِهِ ذَلِيلاً

اور تکبر و نخوت کے بعد حقیر ہوا اور باوجود اپنی بلندی کے پست ہو گیا اور ذلیل

مَأْسُوراً فِي رِبْقِ حِبَالَتِهِ الَّتِي كَانَ

ہوا۔ اور اپنی رسیوں میں قید ہوا جس میں مجھے بندھا دیکھنے کا آرزو مند تھا

يُؤَمِّلُ أَنْ يَرَانِي فِيهَا يَوْمَ سَطْوَتِهِ وَقَدْ

جس روز وہ غلبہ پانے کے قریب تھا اے میرے پروردگار اگر تیری رحمت نہ ہوتی

كِدْتُ يَا رَبِّ لَوْلَا رَحْمَتُكَ أَنْ يَحُلَّ بِي مَا حَلَّ

تو مجھ پر وہی مصیبت پڑتی جو اس پر پڑی پس اے

بِسَاحَتِهِ فَلَكَ الْحَمْدُ يَا رَبِّ مِنْ مُقْتَدِرٍ

پالنے والے تو لائق حمد و شکر ہے اور تو ایسا قادر

لَا يُغْلَبُ وَذِي أَنَاةٍ لَا يَعْجَلُ صَلِّ عَلَى

توانا ہے کہ کبھی مغلوب نہیں ہوتا اور ایسا صاحب تحمل ہے کہ کبھی جلدی

مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَاجْعَلْنِي لِأَنْعُمِكَ مِنَ

نہیں کرتا درود نازل کر محمد و آل محمد پر اور اپنے شکر گزاروں اور نعمتوں کے

الشَّاكِرِيْنَ وَلَا ائِكَ مِنَ الذَّاكِرِيْنَ (۳)

ذکر کرنے والوں میں مجھے داخل کر خداوندا

اِلٰهِيْ وَكَمْ مِّنْ حَاسِدٍ شَرِقَ بِحَسَدِهٖ وَشَجِيَ

اور اکثر ایسا حاسد کہ اس کا حسد اسی کو گلوگیر ہوا اور اپنے

بِغَيْظِهٖ وَسَلَقَنِيْ بِحَدِّ لِسَانِهٖ وَوَجَّهَ لِيْ بِفُنُوْنِ

غیظ میں غمناک و اندوہ گیں ہوا اور اپنی تیز زبانی سے مجھے آزاد دیا اور اپنے

عُيُوْبِهٖ وَوَخَزَنِيْ بِمُوْقِ عَيْنِهٖ وَجَعَلَ عِرْضِيْ

عیبوں کو میری طرف منسوب کیا اور اپنے گوشۂ چشم سے مجھ پر چشمک زنی کی اور

غَرَضًا لِّمَرَامِيْهِ وَقَلَّدَنِيْ خِلَالًا لَّمْ تَزَلْ

میری آبرو کو تیر ملامت کا نشانہ بنایا اور اپنے عیبوں کا ہار میرے گلے میں ڈالدیا

فِيْهِ فَنَادَيْتُكَ يَا رَبِّ مُسْتَجِيْرًا بِكَ وَاثِقًا

پس اے میرے پالنے والے میں نے تجھے پکارا درآنحالیکہ میں تجھ سے پناہ

بِسُرْعَةِ اِجَابَتِكَ مُتَوَكِّلًا عَلٰى مَا لَمْ اَزَلْ

مانگتا ہوں اور اس کا یقین رکھتا ہوں کہ تو جلد قبول کرتا ہے اور مجھے اعتماد ہے اور

اَتَعَرَّفُهٗ مِنْ حُسْنِ دِفَاعِكَ عَالِمًا اَنَّهٗ لَنْ

ہمیشہ سے جانتا ہوں کہ تو بلا کو بخوبی دفع کرتا ہے اور مجھے یقین ہے کہ وہ مقہور

يُّضْطَهَدَ مَنْ اَوٰى اِلٰى ظِلِّ كَنَفِكَ وَاَنْ لَّا

و مغلوب نہیں ہوتا جو کوئی تیرے سایۂ رحمت میں پناہ لیتا ہے۔ مجھے یقین ہے کہ

تَقْرَعَ الْفَوَادِحُ مَنْ لَّجَاَ اِلٰى مَعْقِلِ

اس تک مصائب نہیں پہنچتے ہیں جس نے تیری نصرت کو اپنا ملجاء قرار دیا پس

الْاِنْتِصَارِ بِكَ فَحَصَّنْتَنِيْ مِنْ بَاْسِهٖ بِقُدْرَتِكَ

تو نے مجھ کو اس کے خوف سے پناہ دی اور بسبب قادر ہونے کے مجھ کو اس کے خوف

فَلَكَ الْحَمْدُ يَا رَبِّ مِنْ مُّقْتَدِرٍ لَّا يُغْلَبُ

سے بچالیا پس اے پالنے والے میرے تو لائق حمد و شکر ہے تو ایسا قادر ہے کہ مغلوب

وَذِی اَنَاةٍ لَا یَعْجَلُ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ

نہیں ہوتا اور ایسا صاحب تحمل ہے کہ جلدی نہیں کرتا۔ درود نازل کر محمد و آل

مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْنِیْ لِاَنْعُمِکَ مِنَ الشَّاکِرِیْنَ وَ

محمد پر اور مجھ کو شکر گذاروں اور نعمتوں کے ذکر کرنیوالوں میں داخل

لِاٰلَائِکَ مِنَ الذَّاکِرِیْنَ (۴) اِلٰهِیْ وَکَمْ مِّنْ

کر خداوندا اور بہت سی گھٹائیں ایسی

سَحَائِبِ مَکْرُوْهٍ جَلَّیْتَهَا وَسَمَاءِ نِعْمَةٍ اَمْطَرْتَهَا

آئی ہیں جو مکروہات زمانہ کی باعث ہیں تونے انھیں ہٹا دیا اور آسمان سے

وَجَدَاوِلِ کَرَامَةٍ اَجْرَیْتَهَا وَاَعْیُنِ اَحْدَاثٍ

نعمت کا مینہ برسایا اور انعام و اکرام کی نہریں جاری رکھیں اور حادثات زمانہ کے چشمے

طَمَسْتَهَا وَنَاشِئَةِ رَحْمَةٍ نَشَرْتَهَا وَجُنَّةِ عَافِیَةٍ

بند کر دیے اور تازہ رحمتیں کیں اور عافیت کے لباس پہنائے اور

اَلْبَسْتَهَا وَغَوَامِرِ کُرُبَاتٍ کَشَفْتَهَا وَاُمُوْرٍ جَارِیَةٍ

شدائد رنج والم دور کیے اور تونے ایسے امور جاری ہونے والے مقدر کیے

قَدَّرْتَهَا لَمْ تُعْجِزْکَ اِذْ طَلَبْتَهَا وَلَمْ تَمْتَنِعْ عَلَیْکَ

کہ جب تو چاہتا ہے تیرے حکم سے باہر نہیں ہو سکتے اور جس وقت تو ان امور کا

اِذْ اَرَدْتَهَا فَلَکَ الْحَمْدُ یَا رَبِّ مِنْ مُّقْتَدِرٍ لَا یُغْلَبُ

قصد کیا کرتا ہے تجھ سے سرتابی نہیں کرتے پس اسے میرے پالنے والے تو لائق حمد و شکر ہے اور ایسا

وَذِیْ اَنَاةٍ لَا یَعْجَلُ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

قادر ہے کہ مغلوب نہیں ہوتا اور ایسا صاحب تحمل ہے کہ جلدی نہیں کرتا درود نازل کر محمد و آل

وَّاجْعَلْنِیْ لِاَنْعُمِکَ مِنَ الشَّاکِرِیْنَ وَلِاٰلَائِکَ

محمد پر اور مجھ کو اپنے شکر گزاروں اور نعمات کے ذکر کرنے والوں میں

مِنَ الذَّاکِرِیْنَ (۵) اِلٰهِیْ وَکَمْ مِّنْ ظَنٍّ حَسَنٍ

داخل کر اے میرے معبود اور بہت سے گمان نیک ہیں جو میں نے

حققت ومن عدم املاق جبرت ومن مسكنة

تیری بابت کیے تو نے اسے درست کر دیا اور تنگدستی کے راستوں کو تو نے

فادحة حولت ومن صرعة مهلكة انعشت و

بند کر دیا اور مہلک فقر ہی کو تو نے ہلکا کر دیا اور بہت سی

من مشقة ارحت لا تسئل يا سيدي عما تفعل

افتادیں دشمن جیات تھیں جنہیں تو نے اٹھا لیا اور بہت سی مشقتوں کو تو نے دفع کرد

وهم يسئلون ولا ينقصك ما انفقت ولقد

اے میرے مالک تجھ سے اس کی بابت نہیں پوچھا جاتا جو تو کرتا ہے اور ساری مخلوق سے

سئلت فاعطيت ولم تسئل فابتدأت واستميح

سوال کیا جاتا ہے اور تجھ کو وہ انعام نقصان نہیں پہنچاتے جو تو رحمت فرماتا ہے

باب فضلك فما اكديت ابيت الا انعاما

تجھ سے بارہا سوال کیا گیا تو نے عطا فرمایا اور بغیر مانگے بھی تو دیتا ہے

وامتنانا والا تطولا يا رب واحسانا وابيت

اور جب تیرے دروازہ کرم پر صدا دی تو نے بخل نہ کیا اے میرے پالنے والے تو انعام

يا رب الا انتهاك حرماتك واجتراء على

واکرام اور تفضل و عنایات اور منت و احسان کے سوا راضی نہ ہوا اور میں تیرے محرمات

معاصيك وتعدي حدودك وغفلة عن

پاسداری پر راضی نہ ہوا اور تیرے گناہوں کے کرنے پر جرأت کی اور تیرے بتائے ہوئے

وعيدك وطاعة لعدوي وعدوك ل

حدود سے آگے بڑھ گیا اور تیرے وعید عذاب سے غفلت کی اور اپنے دشمن کی اطاعت کی

م يمنعك يا الهي وناصري اخلالي بالشكر

تیرے دشمن کے مارنے ہوا لے معبود مددگار میرے میں قصوروار رہا کہ میں نے تیرا شکر

اتمام احسانك ولا حجزني ذلك عن

ادا نہ کیا تیرے تمام احسانات کا اور اس نے مجھے برے گناہوں کے ارتکاب

اِرْتِکَابِ مَسَاخِطِکَ اَللّٰھُمَّ وَھٰذَا مَقَامُ عَبْدٍ

باز نہ رکھا اے خدایا اس بندہ ذلیل کا یہ مقام ہے جس نے تیرے لئے تیری

ذَلِیْلٍ اِعْتَرَفَ لَکَ بِالتَّوْحِیْدِ وَاَقَرَّ عَلٰی

وحدانیت کا اقرار و اعتراف کیا ہے اور اپنے نفس کے

نَفْسِہٖ بِالتَّقْصِیْرِ فِیْ اَدَآءِ حَقِّکَ وَشَھِدَ لَکَ

گناہ گار ہونے کا اقرار کیا کہ اس نے تیرا حق ادا نہ کیا اور تیرے انعام

بِسُبُوْغِ نِعْمَتِکَ عَلَیْہِ وَجَمِیْلِ عَادَتِکَ عِنْدَہٗ

کی تکمیل کی شہادت دی اور جو عادتیں تجھے پسند ہیں ان کی بھی گواہی

وَاِحْسَانِکَ اِلَیْہِ فَھَبْ لِیْ یَآ اِلٰھِیْ وَسَیِّدِیْ

دی پس اے میرے معبود اور اے میرے مالک اپنے فضل سے

مِنْ فَضْلِکَ مَآ اُرِیْدُہٗ اِلٰی رَحْمَتِکَ وَاَتَّخِذُہٗ

بخش دے جو کچھ میں تیری رحمت کے وسیلہ سے چاہتا ہوں اور میں

سُلَّمًا اَعْرُجُ فِیْہِ اِلٰی مَرْضَاتِکَ وَاٰمَنُ بِہٖ مِنْ

تیری رضامندی کو اپنے عروج کا زینہ مقرر کرتا ہوں اور تیرے غصہ

سَخَطِکَ بِعِزَّتِکَ وَطَوْلِکَ وَبِحَقِّ نَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ

سے امان پاؤں تیری عزت و فضل کی وجہ سے اور تیرے نبی محمد مصطفیٰ

وَالْاَئِمَّۃِ الْمَعْصُوْمِیْنَ صَلَوٰتُکَ عَلَیْہِ وَعَلَیْھِمْ

اور آئمہ طاہرین کے حق کے واسطے خدا کا درود ان پر اور ان کی

اَجْمَعِیْنَ فَلَکَ الْحَمْدُ یَا رَبِّ مِنْ مُّقْتَدِرٍ لَّا یُغْلَبُ

عزت ظاہر ہو پس اے میرے پالنے والے تو لائق حمد ہے تو ایسا قادر ہے کہ

وَذِیْ اَنَاۃٍ لَّا یَعْجَلُ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

کبھی مغلوب نہیں ہوتا اور ایسا صاحب تحمل ہے کہ جلدی نہیں کرتا محمد و آل محمد پر درود

وَاجْعَلْنِیْ لِاَنْعُمِکَ مِنَ الشَّاکِرِیْنَ وَلِاٰلَآئِکَ مِنَ الذَّاکِرِیْنَ

نازل کر اور مجھے اپنے شکر گذاروں اور اپنے نعمات کے ذکر کرنے والوں میں داخل کر

(۶) اِلٰهِیْ وَکَمْ مِّنْ عَبْدٍ اَمْسٰی وَاَصْبَحَ فِیْ کَرْبِ

خداوندا تیرے بہت سے بندے ایسے ہیں جو شام و صبح کرتے ہیں

الْمَوْتِ وَحَشْرَجَةِ الصَّدْرِ وَالنَّظَرِ اِلٰی مَا تَقْشَعِرُّ

موت کی کرب و بے چینی میں اور سینہ میں گھٹن لگنے کے وقت اور ایسی چیز کے

مِنْهُ الْجُلُوْدُ وَتَفْزَعُ لَهُ الْقُلُوْبُ وَاَنَا فِیْ عَافِيَةٍ

دیکھنے میں کہ جس کے دیکھنے سے رونگٹے کھڑے ہوتے ہیں اور دل میں اضطراب پیدا

مِّنْ ذٰلِكَ كُلِّهٖ فَلَكَ الْحَمْدُ يَا رَبِّ مِنْ مُّقْتَدِرٍ

ہوتا ہے۔ اور میں ان سب باتوں سے عافیت میں ہوں پس اے میرے پالنے والے تو لائق حمد ہے اور

لَا يُغْلَبُ وَذِیْ اَنَاةٍ لَّا يَعْجَلُ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ

ایسا قدرت والا ہے۔ کہ مغلوب نہیں ہوتا۔ اور ایسا صاحب تحمل کہ جلدی نہیں کرتا درود نازل کر

اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْنِیْ لِاَنْعُمِكَ مِنَ الشَّاكِرِيْنَ

محمد اور آل محمد پر اور مجھے اپنی نعمتوں کے شکر گذاروں اور ذکر کرنے والوں

وَلِاٰلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِيْنَ (۷) اِلٰهِیْ وَكَمْ مِّنْ عَبْدٍ

میں داخل کر . خداوندا۔ بہت ایسے بندے

اَمْسٰی وَاَصْبَحَ سَقِيْمًا مُّوْجِعًا مُّنْ نِقَافِیْ اٰنِيْنٍ

ہیں کہ جن کی شام و صبح بیماری کے عالم میں کٹتی ہے اور نالہ و فریاد کے ساتھ

وَّعَوِيْلٍ يَّتَقَلَّبُ فِیْ غَمِّهٖ وَلَا يَجِدُ مَحِيْصًا وَّلَا

دردمند و دائم المرض رہتے ہیں۔ غم کے عالم میں مضطرب ہو کر کروٹیں بدلتے ہیں اور

يُسِيْغُ طَعَامًا وَّلَا يَسْتَعْذِبُ شَرَابًا وَّلَا يَسْتَطِيْعُ

کوئی مددگار نہیں پاتے اور نہ انھیں کھانا مزہ دیتا ہے نہ پانی اور نہ انھیں نقصان پر

ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا وَّهُوَ فِیْ حَسْرَةٍ وَّنَدَامَةٍ وَّاَنَا

قدرت ہے اور نہ نفع پر دسترس اور وہ حسرت و ندامت میں گرفتار ہیں اور میں

فِیْ صِحَّةٍ مِّنَ الْبَدَنِ وَسَلَامَةٍ مِّنَ الْعَيْشِ

صحیح و تندرست ہوں اور فارغ البالی سے زندگی بسر کرتا ہوں پس

كُلُّ ذٰلِكَ مِنْكَ بِفَضْلِكَ فَلَكَ الْحَمْدُ يَا رَبِّ

سب تیری بدولت اور تیرے ہی فضل و کرم کا نتیجہ ہے پس اے میرے پالنے والے تو سزاوار

مِنْ مُقْتَدِرٍ لَا يُغْلَبُ وَذِي اَنَاةٍ لَا يَعْجَلُ صَلِّ

حمد ہے اور ایسا قادر ہے۔ کہ مغلوب نہیں ہوتا اور ایسا صاحب تحمل ہے کہ جلدی نہیں کرتا

عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْنِيْ لِاَنْعُمِكَ مِنَ

محمد و آل محمد پر درود نازل کر اور مجھے اپنی نعمتوں کے شکر گزاروں

الشَّاكِرِيْنَ وَلِاٰلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِيْنَ ⑧ اِلٰهِيْ

اور ذکر کرنے والوں میں داخل کر خداوندا!

وَكَمْ مِّنْ عَبْدٍ اَمْسٰى وَاَصْبَحَ خَائِفًا مَّرْعُوْبًا مُّسْهَدًا

تیرے بندے بہت سے ایسے ہیں جن کی شام اور صبح خوف اور ڈر کے عالم میں

مُّشْفِقًا وَّحِيْدًا وَّاجِلًا هَارِبًا طَرِيْدًا اُمُنْجَحِرًا

گزرتی ہے اور وحشت سے یکہ و تنہا ڈر کر بھاگتے ہیں آوارہ وطن ہو کر اہل و عیال

فِيْ مَضِيْقٍ اَوْ مَخْبَاةٍ مِّنَ الْمَخَابِيْ قَدْ ضَاقَتْ عَلَيْهِ

سے محروم رکھے گئے ہیں اور جو کسی جائے تنگ یا دنیا کے گوشوں میں کسی مخفی گوشے

الْاَرْضُ بِرُحْبِهَا وَلَا يَجِدُ حِيْلَةً وَّلَا مَنْجًى وَّ

میں پڑے ہیں اور زمین بھی باوجود اپنی وسعت کے ان پر تنگ ہو گئی ہے اور نہ تو وہ

لَا مَاوًى وَّلَا مَهْرَبًا وَّاَنَا فِيْ اَمْنٍ وَّاَمَانٍ وَّ

کوئی تدبیر جانتے ہیں اور نہ ان کو راہ نجات و جائے پناہ معلوم ہے اور نہ وہ

طُمَانِيْنَةٍ وَّعَافِيَةٍ مِّنْ ذٰلِكَ كُلِّهٖ فَلَكَ الْحَمْدُ

راہ گریز سے واقف ہیں اور میں ان تمام باتوں سے امن و امان اور اطمینان

يَا رَبِّ مِنْ مُّقْتَدِرٍ لَا يُغْلَبُ وَذِيْ اَنَاةٍ لَا يَعْجَلُ

و عافیت میں ہوں، پس اے میرے پالنے والے تو ہی سزاوار حمد ہے

صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْنِيْ لِاَنْعُمِكَ

اور تو ایسا قدرت والا ہے کہ مغلوب نہیں ہوتا اور ایسا صاحب تحمل کہ جلدی نہیں کرتا

مِنَ الشَّاكِرِيْنَ وَلِآلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِيْنَ (۹)
شکر گزاروں اور اپنے احسانات کے ذکر کرنے والوں میں داخل فرما

اِلٰهِيْ وَسَيِّدِيْ وَكَمْ مِنْ عَبْدٍ اَمْسٰى وَاَصْبَحَ
اے میرے معبود بہت سے بندے تیرے ایسے ہیں جن کی اس عالم میں صبح شام ہوتی ہے

مَغْلُوْبًا مُكَبَّلًا بِالْحَدِيْدِ بِاَيْدِي الْعُدَاةِ وَالْكُفَّارِ
کہ وہ آہنی طوق و زنجیر میں گرفتار ہیں اور دشمنوں اور کافروں کے ساتھ

لَا يَرْحَمُوْنَهٗ فَقِيْدًا مِنْ اَهْلِهٖ وَوَلَدِهٖ مُنْقَطِعًا
میں ہیں جو ان پر رحم نہیں کرتے اپنے اہل و عیال سے جدا اور اپنے بھائیوں

عَنْ اِخْوَانِهٖ وَبَلَدِهٖ يَتَوَقَّعُ كُلَّ سَاعَةٍ بِاَيِّ
اور اہل وطن سے دور بھی فکر دامن گیر کہ کس طرح

قِتْلَةٍ يُقْتَلُ بِهٖ وَبِاَيِّ مُثْلَةٍ يُمَثَّلُ بِهٖ وَاَنَا
قتل کیے جائیں گے اور کیا بدسلوکی کی جائے گی اور میں ان تمام باتوں سے عافیت

فِيْ عَافِيَةٍ مِنْ ذٰلِكَ كُلِّهٖ فَلَكَ الْحَمْدُ يَا رَبِّ
میں ہوں پس اے میرے پالنے والے تو ہی لائق حمد ہے اور ایسا قادر

مِنْ مُقْتَدِرٍ لَا يُغْلَبُ وَذِيْ اَنَاةٍ لَا يَعْجَلُ صَلِّ
ہے کہ مغلوب نہیں ہوتا اور ایسا صاحب تحمل کہ جلدی نہیں کرتا محمد و آل

عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْنِيْ لِاَنْعُمِكَ مِنَ
محمد پر درود نازل فرما اور مجھ کو اپنی نعمتوں کے شکر گزاروں

الشَّاكِرِيْنَ وَلِآلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِيْنَ (۱۰) اِلٰهِيْ
اور اپنے احسانات کے ذکر کرنے والوں میں داخل کر خداوندا

وَسَيِّدِيْ وَكَمْ مِنْ عَبْدٍ اَمْسٰى وَاَصْبَحَ يُقَاسِيْ
اے میرے آقا بہت سے تیرے بندے ایسے ہیں کہ جن کی صبح و شام جنگ و

الْحَرْبَ وَمُبَاشَرَةَ الْقِتَالِ بِنَفْسِهٖ قَدْ غَشِيَتْهُ
جدال کی مشقت میں گزری اور خود بھی مرتکب قتال ہوئے

الْاَعْدَآءُ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ بِالسُّيُوْفِ وَالرِّمَاحِ

اور اُسے دشمنوں نے ہر طرف سے تلواروں نیزوں اور آلات حرب سے

وَاٰلَةِ الْحَرْبِ يَتَقَعْقَعُ فِي الْحَدِيْدِ مَبْلَغَ مَجْهُوْدِهٖ

گھیر لیا اور آہنی لباس میں گھرا ہے انتہائی کوشش کے باوجود

لَا يَعْرِفُ حِيْلَةً وَّلَا يَهْتَدِيْ سَبِيْلًا وَّلَا يَجِدُ

کوئی تدبیر رہائی کی سمجھ میں نہیں آتی۔ نہ کوئی راستہ معلوم نہ راہ گریز سے

مَهْرَبًا قَدْ اُدْنِفَ بِالْجِرَاحَاتِ اَوْ مُتَشَحِّطًا

واقف۔ زخموں سے چور چور ہیں اپنے خون میں گھوڑوں کی ٹاپوں

بِدَمِهٖ تَحْتَ السَّنَابِكِ وَالْاَرْجُلِ يَتَمَنّٰى شَرْبَةً

کے نیچے لوٹتے ہیں اور ایک گھونٹ پانی کے لئے ترستے ہیں یا اپنے

مِّنْ مَّآءٍ اَوْ نَظْرَةً اِلٰٓى اَهْلِهٖ وَوَلَدِهٖ وَلَا يَقْدِرُ

اہل و عیال کو ایک نظر دیکھنے کو ترستے ہیں اور وہ اس پر قدرت نہیں رکھتے

عَلَيْهَا وَاَنَا فِيْ عَافِيَةٍ مِّنْ ذٰلِكَ كُلِّهٖ فَلَكَ

اور میں ان تمام باتوں سے عافیت میں ہوں۔ پس اے میرے پالنے والے تو ہی

الْحَمْدُ يَا رَبِّ مِنْ مُّقْتَدِرٍ لَّا يُغْلَبُ وَذِيْ اَنَاةٍ

سزاوار حمد ہے اور ایسا قادر ہے کہ مغلوب نہیں ہوتا۔ اور ایسا صاحب تحمل ہے کہ

لَا يَعْجَلُ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْنِيْ

جلدی نہیں کرتا۔ محمد اور آل محمد پر درود نازل کر اور مجھ کو اپنی نعمتوں کے

لِاَنْعُمِكَ مِنَ الشَّاكِرِيْنَ وَلِاٰلَآئِكَ مِنَ الذَّاكِرِيْنَ

شکر گزاروں اور احسانات کے ذکر کرنے والوں میں محسوب کر

(۱۱) اِلٰهِيْ وَكَمْ مِّنْ عَبْدٍ اَمْسٰى وَاَصْبَحَ فِيْ ظُلُمَاتِ

خداوندا تیرے بہت سے بندے ایسے ہیں جن کی شام اور صبح دریاؤں

الْبِحَارِ وَعَوَاصِفِ الرِّيَاحِ وَالْاَهْوَالِ وَالْاَمْوَاجِ

کی تاریکی میں ہواؤں کے جھونکوں کی دہشت میں کٹتی ہے اور موجوں کے خوف سے

يَتَوَقَّعُ الْغَرَقَ وَالْهَلَاكَ لَا يَقْدِرُ عَلٰى حِيْلَةٍ
ڈوبنے اور ہلاک ہوجانے کے منتظر ہیں مگر وہ کسی تدبیر پر قادر نہیں ہیں

اَوْ مُبْتَلًى بِصَاعِقَةٍ اَوْ هَدْمٍ اَوْ حَرْقٍ اَوْ غَرْقٍ
یا وہ مبتلا ہیں بجلی اور مکان کے گرنے میں جلنے یا ڈوبنے میں

اَوْ شَرْقٍ اَوْ خَسْفٍ اَوْ مَسْخٍ اَوْ قَذْفٍ وَّ اَنَا فِيْ
دم گھٹنے یا دھنسنے میں صورتا کے متغیر ہونے میں یا سنگسار ہونے میں اور میں ان

عَافِيَةٍ مِّنْ ذٰلِكَ كُلِّهٖ فَلَكَ الْحَمْدُ يَارَبِّ مِنْ
تمام باتوں سے عافیت میں ہوں پس اے میرے پالنے والے تو ہی سزاوار حمد ہے اور تو

مُقْتَدِرٍ لَّا يُغْلَبُ وَذِيْ اَنَاةٍ لَّا يَعْجَلُ صَلِّ
قادر ہے کہ مغلوب نہیں ہوتا اور ایسا صاحب تحمل ہے کہ جلدی نہیں کرتا، محمد و

عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ اجْعَلْنِيْ لِاَنْعُمِكَ
آل محمد پر درود نازل فرما اور مجھے اپنی نعمتوں کے

مِنَ الشَّاكِرِيْنَ وَلِاٰلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِيْنَ ⑫
شکر گذاروں اور احسانات کے ذکر کرنے والوں میں داخل کر

اِلٰهِيْ وَكَمْ مِّنْ عَبْدٍ اَمْسٰى وَاَصْبَحَ مُسَافِرًا
اے میرے معبود بہت سے بندے تیرے ایسے ہیں جو مسافرت کے عالم میں صبح و شام کرتے ہیں

شَاخِصًا عَنْ اَهْلِهٖ وَوَلَدِهٖ وَوَطَنِهٖ وَبَلَدِهٖ مُتَحَيِّرًا
اور وہ اپنے اہل و عیال سے اور اپنے وطن و شہر سے دور جنگل

فِي الْمَفَاوِزِ تَائِهًا مَعَ الْوُحُوْشِ وَالْبَهَائِمِ وَالْهَوَامِّ
میں جاگزین ہیں حیران و سرگرداں جنگل کے وحشی چوپاؤں اور کیڑے مکوڑوں

وَحِيْدًا فَرِيْدًا لَا يَعْرِفُ حِيْلَةً وَّلَا يَهْتَدِيْ سَبِيْلًا
کے ہمراہ یکہ و تنہا ہیں کسی قسم کی تدبیر نہیں جانتے اور نہ کسی راہ سے واقف ہیں

اَوْ مُتَاَذِّيًا بِبَرْدٍ اَوْ حَرٍّ اَوْ جُوْعٍ اَوْ عَطَشٍ اَوْ عُرْيٍ
یا وہ سردی و گرمی، بھوک اور پیاس اور برہنگی کی اذیت اٹھا رہے ہیں

أَوْ غَيْرِهِ مِنَ الشَّدَائِدِ مِمَّا أَنَا مِنْهُ خِلْوٌ وَأَنَا فِيْ

علاوہ ازیں اور سختیاں جن سے میں بری ہوں مبتلا ہیں اور میں ان تمام باتوں

عَافِيَةٍ مِنْ ذٰلِكَ كُلِّهِ فَلَكَ الْحَمْدُ يَا رَبِّ مِنْ مُقْتَدِرٍ

سے عافیت میں ہوں پس سزاوار حمد ہے تو اے میرے مالک اور تو ایسا قادر ہے کہ

لَا يُغْلَبُ وَذِيْ أَنَاةٍ لَا يَعْجَلُ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَ

مغلوب نہیں ہوتا اور ایسا صاحب تحمل ہے کہ جلدی نہیں کرتا محمد اور آل محمد پر درود نازل

اٰلِ مُحَمَّدٍ وَاجْعَلْنِيْ لِأَنْعُمِكَ مِنَ الشَّاكِرِيْنَ

فرما اور مجھے اپنی نعمتوں کے شکر گذاروں اور احسانات

وَلِآلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِيْنَ (۱۳) إِلٰهِيْ وَسَيِّدِيْ

کے ذکر کرنے والوں میں داخل کر اے میرے معبود اے میرے مالک

وَكَمْ مِنْ عَبْدٍ أَمْسٰى وَأَصْبَحَ فَقِيْرًا عَائِلًا عَارِيًا

بہت سے تیرے بندے ایسے ہیں کہ جن کی صبح اور شام فقیری ناداری برہنگی کے عالم میں

مُمْلِقًا مُخْفِقًا مَجْهُوْدًا مَهْجُوْرًا خَائِفًا جَائِعًا

ہوتی ہے بے لباس و تنگی معاش سے ان کے اعضا لرزتے ہیں مبتلائے محنت ہیں دوستوں سے

ظَمْآنًا يَنْتَظِرُ مَنْ يَعُوْدُ عَلَيْهِ بِفَضْلٍ أَوْ عَبْدٍ

دور ہیں خوفزدہ ہیں بھوکے اور پیاسے ہیں اس بات کے منتظر ہیں کہ کونسا بندہ

وَجِيْهٍ هُوَ أَوْجَهُ مِنِّيْ عِنْدَكَ أَوْ أَشَدُّ عِبَادَةً

تیرا اس پر احسان کرتا ہے یا تیرا کونسا ایسا بندہ ہے۔ جو ہماری حاجت برآری میں

لَكَ مَغْلُوْلًا مَقْهُوْرًا قَدْ حُمِّلَ ثِقْلًا مِنْ تَعَبِ

تیرے نزدیک ہے۔ یا زیادہ عبادت گذار ہے وہ تیرا بندہ طوق پہنے ہوئے ہی مغلوب ہے اور

الْعَنَاءِ وَشِدَّةِ الْعُبُوْدِيَّةِ وَكُلْفَةِ الرِّقِّ وَثِقْلِ

مشقت تنگدستی۔ شدت بندگی۔ تنگی رزق اور ضرب کی گرانی کا بار اٹھائے

الضَّرِيْبَةِ أَوْ مُبْتَلًى بِبَلَاءٍ شَدِيْدٍ لَا قِبَلَ لَهُ بِهِ

ہوئے ہے یا بلائے سخت میں مبتلا ہے اسے اس بلا سے پناہ نہیں ہے

إلا بمنك عليه وأنا المحمود وم المنعم المعافى

مگر تیرے احسان سے اور میں خود منگار رکھتا ہوں نعمتوں سے مالا مال ہوں

المكرم في عافية مما هو فيه فلك الحمد يا

محفوظ و مکرم ہوں اور ان تمام باتوں میں وہ گرفتار ہے میں عافیت میں ہوں پس

رب من مقتدر لا يغلب وذي أناة لا يعجل

اے میرے مالک تو سزاوار حمد ہے اور ایسا قادر ہر گز مغلوب نہیں ہوتا اور ایسا صاحب تحمل ہے کہ جلدی

صل على محمد وآل محمد واجعلني لأنعمك

نہیں کرتا درود نازل کر محمد اور آل محمد پر اور مجھ کو اپنی نعمتوں کے شکر گذاروں

من الشاكرين ولآلائك من الذاكرين (۱۴)

میں اور احسانات کے ذکر کرنے والوں میں داخل کر

إلهي ومولاي وسيدي وكم من عبد أمسى و

اے میرے معبود اے میرے مالک اے میرے سردار بہت سے بندے تیرے ایسے ہیں کہ جن کی

أصبح طريدا شريدا حيرانا متحيرا جائعا

صبح و شام آوارہ وطنی میں ہوتی ہے۔ نکالے ہوئے ہیں حیران و سرگردان ہیں بھوکے

خائفا خاسرا في الصحاري والبراري قد

اور خوفزدہ ہیں گھاٹے میں ہیں جنگلوں اور صحراؤں میں ٹھوکریں کھاتے پھرتے ہیں

أحرقه الحر وأذنه البرد وهو في ضر

تحقیق کہ انہیں گرمی نے جھلس دیا ہے سردی نے عاجز کر دیا ہے اور حسرت عیش

من العيش وضنك من الحيوة وذل

میں گرفتار ہیں تنگی حیات میں مبتلا ہیں خود اپنے مقام پر

من المقام ينظر إلى نفسه حسرة لا يقدر

ذلیل ہیں اپنے نفس کی طرف حسرت سے نگاہ کرتے ہیں کہ تحقیق

لها على ضر ولا نفع وأنا خلو من ذلك كله

نفس کے ضرر و نفع رسانی پر قدرت نہیں ہے اور میں ان تمام باتوں سے

بِجُودِكَ وَكَرَمِكَ فَلَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ
تیرے جود و کرم کے صدقہ میں بری ہوں پس کوئی معبود سوائے تیرے نہیں ہے

مِنْ مُقْتَدِرٍ لَّا يُغْلَبُ وَذِي اَنَاةٍ لَّا يَعْجَلُ صَلِّ
پاک ہے تو۔ اور ایسا قادر ہے کہ کبھی مغلوب نہیں ہوتا اور ایسا صاحب تحمل کہ جلدی نہیں کرتا اور

عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْنِيْ لِاَنْعُمِكَ مِنَ
درود محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر نازل فرما اور مجھ کو اپنی نعمتوں کے شکر گذاروں

الشَّاكِرِيْنَ وَلِاٰلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِيْنَ (۱۵) اِلٰهِيْ
اور اپنے احسانات کے ذکر کرنے والوں میں داخل کر اے میرے معبود

وَمَوْلَايَ وَسَيِّدِيْ وَكَمْ مِّنْ عَبْدٍ اَمْسٰى وَاَصْبَحَ
اے میرے مالک اے میرے سردار اور بہت سے تیرے بندے ایسے ہیں کہ انکی صبح و شام

عَلِيْلًا مَّرِيْضًا سَقِيْمًا مُّدْنَفًا عَلٰى فُرُشِ الْعِلَّةِ وَ
اس حالت میں ہوتی ہے کہ وہ علیل ہیں۔ مریض ہیں۔ بیمار ہیں دائم المرض ہیں فرش بیماری پر پڑے ہیں

فِيْ لِبَاسِهَا يَتَقَلَّبُ يَمِيْنًا وَّشِمَالًا لَا يَعْرِفُ شَيْئًا
مبتلائے مرض ہیں کبھی داہنی کروٹ لیتے ہیں کبھی بائیں کچھ کھانے اور پینے کا مزہ نہیں

مِنْ لَذَّةِ الطَّعَامِ وَلَا مِنْ لَذَّةِ الشَّرَابِ يَنْظُرُ اِلٰى
جانتے اور نفس کی طرف نگاہ حسرت سے تکتے ہیں اور

نَفْسِهٖ حَسْرَةً لَّا يَسْتَطِيْعُ لَهَا ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا وَّاَنَا
نفس کے ضرر اور نفع رسانی پر قدرت نہیں رکھتے اور میں

خِلْوٌ مِّنْ ذٰلِكَ كُلِّهٖ بِجُوْدِكَ وَكَرَمِكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا
تیرے جود و کرم کے صدقہ میں ان تمام باتوں سے محفوظ ہوں پس کوئی معبود سوا تیرے

اَنْتَ سُبْحَانَكَ مِنْ مُّقْتَدِرٍ لَّا يُغْلَبُ وَذِي اَنَاةٍ
لائق پرستش نہیں تو پاک ہے اور ایسا صاحب قدرت کہ کبھی مغلوب نہیں ہوتا اور ایسا تحمل

لَا يَعْجَلُ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ
کہ جلدی نہیں کرتا درود نازل کر محمدؐ اور آل محمدؐ پر

وَاجْعَلْنِيْ لَكَ مِنَ الْعَابِدِيْنَ وَلِاَنْعُمِكَ مِنَ الشَّاكِرِيْنَ

اور مجھے اپنے عبادت گذاروں اور اپنی نعمتوں کے شکر گذاروں اور اپنے

وَلِآلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِيْنَ وَارْحَمْنِيْ بِرَحْمَتِكَ يَا

احسانات کے ذکر کرنے والوں میں داخل فرما اے ارحم الراحمین اپنی رحمت کے

اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ (۱۶) اِلٰهِيْ وَمَوْلَايَ وَسَيِّدِيْ

صدقہ میں مجھ پر اپنی رحمت نازل فرما اے میرے معبود اے میرے مالک اے میرے سید

وَكَمْ مِنْ عَبْدٍ اَمْسٰى وَاَصْبَحَ قَدْ دَنٰى يَوْمُهُ فِيْ

بہت سے بندے تیرے ایسے ہیں جنھوں نے اس حالت میں صبح شام کی کہ ان کی موت کے دن قریب آگئے

حَتْفِهٖ وَقَدْ اَحْدَقَ بِهٖ مَلَكُ الْمَوْتِ فِيْ اَعْوَانِهٖ

اور انہیں موت کے فرشتہ نے گھیر لیا اور وہ مددگاروں میں ہیں جان کنی اور

يُعَالِجُ سَكَرَاتِ الْمَوْتِ وَحِيَاضَهٗ تَدُوْرُ عَيْنَاهُ

موت کی تکلیفوں سے کبھی داہنی طرف دیکھتے ہیں اور

يَمِيْنًا وَشِمَالًا يَنْظُرُ اِلٰى اَحِبَّائِهٖ وَاَوِدَّائِهٖ

کبھی بائیں طرف اور اپنے دوستوں، محبوں، جان پہچان والوں اور

وَاَخِلَّائِهٖ وَاَصْدِقَائِهٖ قَدْ مُنِعَ مِنَ الْكَلَامِ

سچے محبت کرنے والوں کی طرف نظر کرتے ہیں ان کو بات کرنے سے روک دیا گیا

وَحُجِبَ عَنِ الْخِطَابِ يَنْظُرُ اِلٰى نَفْسِهٖ حَسْرَةً

ہے اور کلام کرنے سے باز رکھا گیا۔ وہ حسرت بھری نگاہ سے اپنے نفس کی طرف دیکھتے

لَا يَسْتَطِيْعُ لَهَا ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا وَّاَنَا خِلْوٌ مِّنْ

ہیں اور انھیں اپنے نفس کے ضرر و نفع پر قدرت نہیں اور میں ان تمام باتوں سے

ذٰلِكَ كُلِّهٖ بِجُوْدِكَ وَكَرَمِكَ فَلَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

بسبب تیرے جود و کرم کے بری ہوں، پس کوئی معبود سوائے تیرے قابل پرستش نہیں

سُبْحَانَكَ مِنْ مُقْتَدِرٍ لَا يُغْلَبُ وَذِيْ

تو پاک ہے اور ایسا قادر ہے کہ کبھی مغلوب نہیں ہوتا اور

أَنَاةً لَا يَعْجَلُ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ

اور ایسا متحمل کہ کبھی جلدی نہیں کرتا درود نازل فرما محمدؐ اور آل محمدؐ پر

وَّاجْعَلْنِي لَكَ مِنَ الْعَابِدِينَ وَلِنَعْمَائِكَ مِنَ

اور مجھ کو اپنے عبادت گزاروں اور نعمات کے شکرگزاروں

الشَّاكِرِينَ وَلِآلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِينَ وَارْحَمْنِي

اور اپنے احسانات کے ذکر کرنے والوں میں داخل کر اور مجھ پر رحمت

بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ ⑰ إِلٰهِي وَمَوْلَايَ

کے صدقہ میں رحمت نازل فرما اے سب سے زیادہ رحم کرنیوالے اے میرے معبود والے میرے سید

وَسَيِّدِي وَكَمْ مِنْ عَبْدٍ أَمْسٰى وَأَصْبَحَ فِي مَضَائِقِ

داتا تیرے بہت سے بندے ایسے ہیں کہ جن کی صبح و شام قید خانوں کی

الْحُبُوسِ وَالسُّجُونِ وَكَرْبِهَا وَكُرُبِهَا وَذُلِّهَا

تنگیوں اور زندانوں کی اسیری میں گذرتی ہے اور سختیوں اور بےچینیوں اور ذلتوں میں

وَحَدِيدِهَا يَتَدَاوَلُهُ أَعْوَانُهَا وَزَبَانِيَتُهَا

مبتلا ہیں لباسہائے آہنی میں لئے پھرتے ہیں وارد غہ وہ مالک اس کو خبر نہیں کہ اس کے

فَلَا يَدْرِي أَيَّ حَالٍ يُفْعَلُ بِهِ وَأَيَّ مُثْلَةٍ يُمَثَّلُ

ساتھ کیا معاملہ کیا جاویگا اور کیا بد سلوکی ادا رکھی جائے گی

بِهِ فَهُوَ فِي ضُرٍّ مِنَ الْعَيْشِ وَضَنْكٍ مِنَ الْحَيٰوةِ

وہ تیرا بندہ سختیٔ عیش اور تنگیٔ حیات میں گرفتار ہے دیکھتا ہے

يَنْظُرُ إِلٰى نَفْسِهِ حَسْرَةً لَا يَسْتَطِيعُ لَهَا ضَرًّا وَلَا نَفْعًا

اپنے نفس کی طرف بحسرت اور وہ قدرت نہیں رکھتا نفس کے ضرر و نفع رسانی پر

وَّأَنَا خِلْوٌ مِنْ ذٰلِكَ كُلِّهِ بِجُودِكَ وَكَرَمِكَ فَلَا

اور میں بری ہوں ان تمام باتوں سے بسبب تیرے جود و کرم کے پس کوئی

إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ مِنْ مُقْتَدِرٍ لَا يُغْلَبُ

معبود بجز تیرے قابل پرستش نہیں ہے تو ہی پاک ہے اور ایسا توانا ہے کہ مغلوب ہی نہیں ہوتا

وَذِیْ اَنَاۃٍ لَّا یَعْجَلُ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ

اور ایسا صاحب تحمل ہے کہ جلدی نہیں کرتا درود نازل فرما محمد و آل محمد پر

وَّاجْعَلْنِیْ لَکَ مِنَ الْعَابِدِیْنَ وَلِنَعْمَائِکَ مِنَ

اور بنا مجھ کو اپنے عبادت کرنے والوں اور تیری نعمات کے شکر گذاروں

الشَّاکِرِیْنَ وَلِاٰلَائِکَ مِنَ الذَّاکِرِیْنَ وَارْحَمْنِیْ

اور تیری نعمت کے ذکر کرنے والوں میں سے اور مجھ پر رحم نازل فرما

بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ (۱۸) اِلٰهِیْ وَمَوْلَایَ

بسبب اپنی رحمت کے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے اے میرے معبود و آقا

وَسَیِّدِیْ وَکَمْ مِّنْ عَبْدٍ اَمْسٰی وَاَصْبَحَ قَدِ اسْتَمَرَّ

و سردار میرے اور بہت سے تیرے ایسے بندے ہیں جنہوں نے شام اور صبح کی کہ اس پر

عَلَیْهِ الْقَضَآءُ وَاَحْدَقَ بِهِ الْبَلَآءُ وَفَارَقَ اَحِبَّآءَهٗ

حکم قضا جاری ہو گیا ہے۔ اور اسے بلا نے گھیر لیا ہے اور اس نے اپنے دوستوں

وَاَوِدَّآءَهٗ وَاَخِلَّآءَهٗ وَاَمْسٰی حَقِیْرًا اَسِیْرًا ذَلِیْلًا

اور آشناؤں سے اور محبت کرنے والوں سے مفارقت کی ہے اور وہ حقیر قیدی ذلیل ہو گیا

فِیْ اَیْدِی الْکُفَّارِ وَالْاَعْدَآءِ یَتَدَاوَلُوْنَهٗ یَمِیْنًا

ہے ہاتھوں میں کافروں اور دشمنوں کے جو اسے لئے پھرتے ہیں داہنے اور

وَّشِمَالًا قَدْ حُصِلَ فِی الْمَطَامِیْرِ وَثُقِّلَ بِالْحَدِیْدِ

بائیں اسے تہ خانوں میں قید کر دیا گیا ہے۔ اور آہن میں گرانبار کیا گیا ہے

لَا یَرٰی شَیْئًا مِّنْ ضِیَآءِ الدُّنْیَا وَلَا مِنْ رَّوْحِهَا

دنیا کی روشنی کو کچھ بھی نہیں دیکھ سکتا اور نہ اس کی آسائش کو

یَنْظُرُ اِلٰی نَفْسِهٖ حَسْرَةً لَّا یَسْتَطِیْعُ لَهَا ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا

اپنے نفس کی طرف حسرت سے دیکھتا ہے نہیں قادر ہے کہ اپنے نفس کو ضرر یا نفع پہنچا سکے

وَّاَنَا خِلْوٌ مِّنْ ذٰلِکَ کُلِّهٖ بِجُوْدِکَ وَکَرَمِکَ

اور میں بری ہوں ان تمام باتوں سے بسبب تیرے جود و کرم کے پس

فَلَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ مِنْ مُقْتَدِرٍ لَا يُغْلَبُ

کوئی معبود بجز تیرے قابل پرستش نہیں ہے پاک ہے تو اور ایسا قادر ہے کہ مغلوب نہیں ہوتا

وَذِيْ اَنَاةٍ لَا يَعْجَلُ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

اور ایسا صاحب تحمل ہے کہ جلدی نہیں کرتا ہے درود نازل فرما محمد و آل محمد پر

وَاجْعَلْنِيْ لَكَ مِنَ الْعَابِدِيْنَ وَلِنَعْمَائِكَ مِنَ

اور بنا مجھ کو اپنے عابدوں میں سے اور اپنے نعمات کے

الشَّاكِرِيْنَ وَلِاٰلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِيْنَ وَارْحَمْنِيْ

شکر گزاروں میں سے اور اپنے احسانات کے ذکر کرنے والوں میں سے اور مجھ پر رحم

بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ⑲ اِلٰهِيْ وَمَوْلَايَ

نازل فرما بسبب اپنی رحمت کے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے اے میرے معبود اے میرے آقا

وَسَيِّدِيْ وَكَمْ مِنْ عَبْدٍ اَمْسٰى وَاَصْبَحَ قَدِ اشْتَاقَ

سردار بہت سے بندے تیرے ایسے ہیں جنہوں نے شام کی اور صبح کی اس طرح پر

اِلَى الدُّنْيَا لِلرَّغْبَةِ فِيْهَا اِلٰى اَنْ خَاطَرَ بِنَفْسِهٖ

کہ مشتاق ہوا دنیا کی طرف اور رغبت ظاہر کی اس میں یہاں تک کہ خطرہ میں ڈالا اس نے اپنے

وَمَالِهٖ حِرْصًا مِّنْهُ عَلَيْهَا وَقَدْ رَكِبَ الْفُلْكَ وَ

نفس کو اور مال دنیا کے لالچ کی وجہ سے بالتحقیق کہ وہ سوار ہوا کشتی میں اور فوراً کشتی

كُسِرَتْ بِهٖ وَهُوَ فِيْ اٰفَاقِ الْبِحَارِ وَظُلَمِهَا يَنْظُرُ اِلٰى

ٹوٹ گئی اب وہ شخص اطراف دریا اور اس کی تاریکیوں میں سے دیکھتا ہے اپنے نفس

نَفْسِهٖ حَسْرَةً لَا يَقْدِرُ لَهَا عَلٰى ضَرٍّ وَّلَا نَفْعٍ وَّاَنَا

کی طرف بہ نگاہ حسرت مگر اپنے نفس پر ضرر رسانی یا نفع رسانی کی قدرت نہیں رکھتا اور میں

خِلْوٌ مِّنْ ذٰلِكَ كُلِّهٖ بِجُوْدِكَ وَكَرَمِكَ فَلَا اِلٰهَ اِلَّا

